علم الحروف
مع
اعمال نامہ ناسوتی
مرتب:
مولانا حسن الہاشمی

باسمہ تعالیٰ

علم الحروف

حروف کی حقیقت، جاذبیت، روحانیت اور قوت
کو ظاہر کرنے والی ایک عظیم الشان کتاب

مرتب

مولانا حسن الہاشمی

ناشر
مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ' اردو بازار لاہور

ہماری کتابیں ، معیاری کتابیں
خوبصورت اور کم قیمت کتابیں

نام کتاب — علم الحروف مع اعمال ناسوتی

سرپرست اعلیٰ — حضرت الحاج مولانا سید جلیل میاں صاحب مدظلہ

زیرنگرانی — حضرت قبلہ حسن الہاشمی

اشاعت — 2013ء

مطبع — آر۔ آر۔ پرنٹرز، لاہور

قیمت — 140 روپے

استدعا

پروردگارِ عالم کے فضل، کرم اور مہربانی سے، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہِ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم آپ کے بے حد مشکور ہوں گے۔ شکریہ۔ (ناشر)

اس کتاب میں درج تمام عملیات و تعویذات کو کرتے ہوئے احتیاط اور کسی عامل کامل سے رہنمائی بھی حاصل کریں۔ ورنہ فائدہ و نقصان کا ذمہ دار عامل خود ہوگا۔

ابتدائیہ

اللہ رب العالمین ہی تمام کائنات کا مالک و مختار ہے تمام ظاہری و باطنی علوم اس کے خزانہ غیب میں موجود ہیں اور وہی جس کو چاہتا ہے علوم کی سمجھ اور حقیقت سے آگاہی عطا فرماتا ہے مخفی علوم کے راز اس پر عیاں کر دیتا ہے علم و حکمت کے دروازے اس پر کھول دیتا ہے انہی علوم میں ''علم الحروف'' بھی ہے۔ جس کے اندر اللہ رب العزت نے دنیا کی تمام حقیقتوں کو سمیٹ کر رکھ دیا ہے ان کی برکات ہر ایک کے فائدے کے لے بہت ہی خوب اور سریع الاثر ہیں۔ اسی طرح حروف مقطعات کی برکات و خواص بھی بے شمار ہیں جن کے فوائد سے بزرگان دین کے بتائے ہوئے طریقوں کے مطابق عمل کرنے سے بخوبی طور پر مستفید ہوا جا سکتا ہے۔ حروف مقطعات کے حوالے سے کتاب ہذا میں ''اعمال ناسوتی'' کے عنوان سے ایک حصہ شامل کیا گیا ہے پہلا حصہ علم الحروف کے اسرار و رموز، خواص و برکات اور دوسرا حصہ ''اعمال ناسوتی'' پر مشتمل ہے جس سے اس کتاب کو بجا طور پر مخفی علوم کا ایک زبردست خزانہ کہا جا سکتا ہے۔

زیر نظر کتاب میں حروف کی قوت، خاصیت، اثرات اور افادیت کے ضمن میں نہایت مجرب، آزمودہ اور سریع الاثر وظائف، عملیات و تعویزات کا خزینہ موجود ہے جس کے تحت ہر مشکل میں آسانی، ہر بیماری سے نجات، دشمنوں کے شر سے بچاؤ، رزق حلال کی فراوانی، معاشی پریشانیوں سے خلاصی، ناجائز قابضین سے جگہ چھڑوانا، مکان خالی کروانا، آسیب و جنات کو بھگانا محبوب کو تابع کرنا، عزت و مرتبہ حاصل کرنا، کند ذہنی کا علاج، دشمن کی زبان بندی، بھاگے ہوئے کی واپسی، حاملہ کے لیے آسانی، محبت میں کامیابی غرضیکہ ہر مقصد میں کامیابی ممکن ہے۔ حروف کی حقیقت، روحانیت، خاصیت اور قوت و برکات کو ظاہر کرنے والی یہ ایک بے مثال اور عظیم النظیر کتاب ہے جس کے فوائد ان گنت و بے شمار ہیں۔

محمد الیاس عادل

فہرست مضامین

حروف کی خصوصیات

حروف کی دعوت اور چلہ کشی کے طریقے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم الحروف

الف

تمام حروف میں سب سے پہلا حرف الف ہے۔ جس طرح کل حروف ۲۸ ہیں۔ اسی طرح کل ابجدیں بھی ۲۸ ہیں۔ اور ہر ابجد الف سے شروع ہوتی ہے۔ حق تعالیٰ نے حرف الف کو خصوصی عظمت عطا کی ہے۔ اور اس حرف کو تمام حروف کا امام بنا کر ایک خاص مرتبہ اُسے عطا کیا ہے۔ چنانچہ اس کائنات کے سب سے پہلے بشر کا نام بھی الف ہی سے تھا۔ حضرت آدم علیہ السّلام کا نام الف سے شروع ہوتا ہے۔ خود باری تعالیٰ کا ذاتی نام "اللہ" بھی الف ہی سے شروع ہوتا ہے۔ اس کائنات میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء مبعوث ہوئے ہیں۔ اُن میں آدمؑ کے بعد دو پیغمبروں کو خصوصی مرتبہ عطا ہوا۔ ان میں سے ایک خلیل اللہ کی ذاتِ اقدس ہے۔ جن کا نام ابراہیمؑ تھا۔ اور یہ نام بھی الف سے شروع ہوتا ہے۔ دوسری ذاتِ اقدس رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جن کا ذاتی نام احمدؐ ہے اور یہ نام بھی الف سے شروع ہوتا ہے۔

قرآن حکیم جو آسمانی کتابوں میں آخری کتاب ہے۔ اس کی شروعات بھی الف ہی سے ہوتی ہے۔ اس طرح کے ہزاروں حقائق سے یہ بات ثابت

ہوتی ہے کہ خالقِ کائنات نے حرف الف کا ایک خاص مقام اور مرتبہ مقرر کیا ہے۔ اگر کوئی اہل دل الف کے اسرار سے واقف ہو جائے تو پھر اُسے دین و دُنیا کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

الف کے اس درجہ رموز اور فوائد بزرگوں نے نقل کیئے ہیں کہ ان سب کو بیان کرنا بھی ممکن نہیں ہے۔ لیکن ان میں سے چند فوائد جو ہم اپنے قارئین کے لیئے نقل کریں گے وہ دنیاوی فوائد حاصل کرنے کے لئے بہت زیادہ ہیں۔

حرف الف کی روحانیت سے استفادہ کرنے کیلئے سب سے پہلے یہ ضروری ہے کہ حرف الف کی زکوٰۃ ادا کی جائے۔ اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند جب منزلِ شرطیس یا بُرج حمل میں داخل ہو تو اس وقت زکوٰۃ کی شروعات کی جائے۔ اور عمل کے لیئے مکمل تنہائی کی جگہ کا تعین کیا جائے ستاروں کی بخورات کا لحاظ رکھتے ہوئے عمل شروع کیا جائے۔ عمل کی تعداد ۱۳۳۰ مرتبہ یا ۴۴۴۴ مرتبہ ہونی چاہیئے۔ گویا کہ کم سے کم ۱۳۳۰ مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔

عمل اس طرح پڑھیں۔ یاالف بحق اللہ۔ بحرمت یا اسرافیل۔ اس عمل کو جو بہ نیت زکوٰۃ ۲۸ دن تک لگاتار پڑھنا ہے۔ ۲۸ دن میں انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ۱۱۱ مرتبہ روزانہ اس عمل کو پڑھنا چاہیئے۔ دورانِ عمل کسی طرح کا پرہیز نہیں ہے۔ البتہ نماز پنج گانہ کی پابندی ضروری ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ عامل اپنے اعضاء اور اپنی زبان کو لایعنی باتوں اور گناہ کے کاموں سے محفوظ رکھے۔ اور اپنا اکثر وقت ذکر و فکر میں گذارے۔ حرف الف کی خصوصیت یہ ہے

کہ اسی حرف سے حق تعالیٰ کے ذاتی نام کی شروعات ہوتی ہے اس کا مکتوبی عدد ایک ہے اور ملفوظی اعداد ۱۱۱ ہیں۔ اس نام سے حق تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا آغاز ہوتا ہے۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۲۸۸۷۲ مرتبہ ہوا ہے۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد جب کوئی مہم درپیش ہو۔ تو سفید کاغذ پر زعفران سے ایک نقش تحریر کرو۔ اس طرح کہ پیشانی پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ لکھو۔ چاروں طرف تین سو الف لکھو گویا کہ ۱۲ سو مرتبہ کل تعداد ہونی چاہیے۔ دائرے سے باہر ہر دو جانب ۳۲، ۳۲ اور ایک جانب ۶۴ مرتبہ الف لکھو۔ کُل تعداد چاروں طرف کی ۱۲۸ ہوئی۔ درمیان میں اپنا مطلب لکھو۔ پھر اس نقش کو وسط قرآن میں رکھ کر قرآن حکیم کو سبز جزدان میں محفوظ کر کے گھر میں کسی اونچی جگہ رکھو۔ ۱۱ دن میں ان شاء اللہ مراد پوری ہو گی۔ نقش کی صورت یہ ہو گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الف ۳۰۰ مرتبہ

الف ۳۰۰ مرتبہ | الف ۳۰۰ مرتبہ

الف ۳۲ مرتبہ | الف ۳۲ مرتبہ

الف ۳۰۰ مرتبہ

الف ۶۴ مرتبہ

جو شخص حرف الف کو اس طرح زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کو ہر طرح کے امراض سے نجات ملے گی۔ بالخصوص بخار سے چھٹکارا حاصل ہو گا۔

لکھنے کی صورت یہ ہوگی۔

۷۸۶
الف
بحقِ اسرافیل

اگر کوئی شخص گلاب وزعفران سے ایک سو گیارہ مرتبہ الف کاغذ پر لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو جو بھی اس شخص سے ملے گا وہ مرعوب ہوگا۔

اگر کسی حاملہ کی بائیں ران پر بوقتِ ولادت الف اس طرح تین تین مرتبہ لکھکر باندھ دیا جائے تو بچہ بآسانی پیدا ہوگا۔ کاغذ اس وقت باندھا جائے جب پیدائش کا درد شروع ہو جائے۔

اس طرح لکھیں۔

۱۱۱	۱۱۱

اگر کسی شخص کو سخت نظر ہو۔ خواہ وہ نظر انسان کی ہو یا جن کی مندرجہ ذیل نقش بناکر روزانہ عصر کے بعد اس نقش سے مریض کو دھونی دی جائے۔ انشاء اللہ، روز میں نظرِ بد دور ہوگی۔ اور انشاء اللہ پھر یہ شکایت نہیں ہوگی۔

نقش یہ ہے

۷۸۶

ا	ل	ف
ل	ف	ا
ف	ا	ل

جو شخص صبح کو بستر سے اٹھتے ہی ایک ہزار مرتبہ الف پڑھے۔ تو چند ماہ ہی میں مال دار بن جائے گا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے روزی کے دروازے ایسی ایسی جگہ سے کھل جائیں گے ۔ جو وہم و گمان میں بھی نہیں ہو گا۔

جب قمر دبال یا ہبوط میں ہو تو ایک دائرہ کھینچ کر دائرے کے اندر دشمن کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔ اور دائرے کے باہر الف کو ۱۱۱ مرتبہ لکھیں پھر دائرے کے چاروں طرف الف ۱۱۱ مرتبہ لکھ کر اس تختی کو کسی پرانی قبر میں دبا دیں تو دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

یہ بات یاد رکھیں کہ اس طرح کے اعمال اس وقت کریں جب کوئی شخص حد سے زیادہ ظالم ہو اور اس کے ظلم و ستم سے بچنے کی کوئی دوسری تدبیر باقی نہ رہی ہو۔ بہتر تو یہ ہے کہ اس طرح کے عمل سے پہلے کسی مفتی یا عالمِ دین سے مشورہ کر لیں۔ اور ناحق کسی کو پریشان کر کے اپنی آخرت تباہ نہ کریں۔

اپنے محبوب سے وصال کیلئے حرف الف کو ۱۱۱ مرتبہ لکھ کر اپنے محبوب اور اس کی والدہ کے نام اور اپنے اور اپنی والدہ کے نام کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ چند دن میں محبوب مہربان ہو گا۔ اس عمل کو اتوار کے دن ساعتِ شمس میں کریں۔ اور کاغذ پر ۱۱۱ مرتبہ الف لکھ کر دم کر دیں۔

الف کے مؤکل کی تسخیر

۲۸ دن کا چلہ کریں اور ہر فرض نماز کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ الف پڑھیں۔ اور رات کو گیارہ ہزار مرتبہ الف پڑھیں۔ اور ایک بڑے سے کاغذ پر الف

لکھ کر اپنے سامنے رکھیں۔ جس روز موکل ظاہر ہوگا پورا کمرہ منور ہو جائے گا۔ موکل سے عہد و پیمان کر لیں۔ عمل سے پہلے روزانہ یہ اضمار پڑھیں۔

اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلِکُ ھَطْمَطَیَاتِیْلُ۔ بَطْیَائِیْلُ الرَّئِیْسُ الْاَکْبَرُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَامَنْ لَّہُ الْعَظَمَۃُ وَالْمَجْدُ وَالْکِبْرِیَاءُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ۔ یَارَبَّاہُ یَارَبَّاہُ یَارَبَّاہُ یَا ھُوَ یَا سَیِّدَاہُ اَسْئَلُکَ السِّرَّ الْاَعْظَمَ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ رُوْحَانِیَتَکَ وَاَلْبِسْنِیْ بِھَا نُوْرًا وَجَمَالًا وَقُبُوْلًا وَاَھَبْنِیْ سِرًّا مِّنْ اَسْرَارِ الْاَلِفِ۔ اَصْرِفْہُ فِیْمَا اُرِیْدُ اَیُّھَا الْحَرْفُ الْمُتَحَرِّکُ مِنَ الْیَقْظَۃِ وَالتَّلَقِّیْ بِشَرَفِ اِسْمِکَ وَمَا النَّارُ وَالنُّوْرُ وَالظِّلُّ وَالْحُرُوْرُ وَمِمَّا قَبْلَ بِالنَّھَارِ وَبِمَا اَخْرَجَہُ الْقَدِیْمُ مِنْ قَدِیْمٍ وَبِسِرِّ مَا وَضَعْتَ فِی اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ۔ مِنَ الْعِلْمِ مَنْشَاءُ الْاُمُوْرِ اِمْدَادُکَ الْاَلِفُ وَبِاَمْرِکَ النَّافِذِ بِکَلْیُلْیَا وَمَلْیَا لِیَا۔ طَلْیَا وَھَلْیَا وَمَرْیَا وَتَیَا وَھَثْیَا۔ وَبِاَلِفِ الْاَھْرِ وَبِحَقِّ اَھْیًا اَشْرَاھِیًا اَذُوْنَائِیْ اَصْبَاؤُتِ اِلِ شَیْدَائِیْ وَالْاَمْرُ الْعَظِیْمُ اَبُوالرَّئِیْسُ الْاَکْبَرُ ھَمْطَھْلَفْیَائِیْلُ۔ اَنْ تَتَوَکَّلُوْا۔ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَۃُ اَلْوَحَا۔

جن حضرات و خواتین کے نام کا پہلا حرف الف ہو وہ مندرجہ ذیل نقش کو اس وقت لکھیں جب چاند منزل شرطین میں ہو۔ اور لکھنے کے بعد اس پر اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھ کر دم کر دیں اور اس کو سیدھے بازو پر باندھ لیں انشاء اللہ تمام مقاصدِ حسنہ میں کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے

اسرافیل ۷۸۶ اسرافیل

۲۷	۳۰	۳۴	۲۰
۳۳	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۶	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۵

اسرافیل بحق یا اللہ اسرافیل

ب

حرف با کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے۔ مراتب خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے۔ سنیچر کا دن اس کے لئے مخصوص ہے۔ اس کا ستارہ زحل ہے۔ مؤکل کا نام جبرائیل ہے۔ اعداد مکتوبی ۲ ہیں۔ اور ملفوظی ۳ ہیں۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۶ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ البارى اَلبَاسِطُ، اَلبَاعِثُ، اَلبَاطِنُ، اَلبَرُّ، اَلبَدِیعُ۔

اس حرف کی زکوٰۃ ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھکر اس وقت ادا کریں جب قمر منزلِ بطین میں ہو۔ یہ چاند کی دوسری منزل ہے۔

اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِب یا جبرائیل بحق ب۔

قرآن حکیم میں یہ حرف ۱۱۲۲۸ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

حرف با کو خاموش اور طبعاً خشک اور ٹھنڈا کہا جاتا ہے۔ مراتب خاکی میں اس کا پہلا درجہ ہے۔ سنیچر کا دن اس کے لئے مخصوص ہے۔ اس کا ستارہ زحل ہے۔ مؤکل کا نام جبرائیل ہے۔

اگر کوئی شخص سنیچر کے دن حرف با کو اس طرح ب ب ب ب ب سیسے کی تختی پر لکھ دے اور اس کے نیچے قیدی کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ دے۔۔ اور مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر اس تختی پر دم کر دے تو اللہ کے فضل و کرم سے قیدی کی رہائی کا فیصلہ ہو جائے۔

عزیمت یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَارَبُّ یَابَدِیْعُ یَا بَاسِطُ یَا بَاقِیُ یَا بَاعِثُ یَابَرُّ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفُ الْبَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلٰئِکَتِکَ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ فِیْمَا اَمَرْھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رَضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ؕ

- جو بچہ کم بولتا ہو یا صاف نہ بولتا ہو تو ۶۰ مرتبہ ب لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ کچھ دنوں کے بعد وہ صاف بولنے لگے گا۔
- رزق کی فراوانی کے لئے دس دس سطروں میں ۱۰۰ مرتبہ ب لکھ کر دکان میں ٹانگیں۔ انشاء اللہ رزق کی فراوانی ہو جائے گی۔
- اگر گھر میں خیر و برکت اور روزی کی زیادتی کے لئے اس نقش کو لکھ کر گھر میں آویزاں کریں تو زبردست فائدہ ہوگا۔ اور خوب برکت ہوگی اور خوب رزق ملے گا۔

نقش یہ ہے۔

ب	ب	ب
ب	ب	ب
ب	ب	ب

- اگر ہرن کی جھلی پر حرف ب کو دو سو مرتبہ لکھ کر کسی قیدی کے دائیں بازو پر بندھوا دیں تو اس کو بہت جلد قید سے رہائی نصیب ہو جائے۔
- اگر گیدڑ کے دباغت شدہ چمڑے پر ایک ہزار مرتبہ حرف با کو زحل کی ساعت میں لکھ دیں۔ اور اس کے نیچے دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھ دیں اور پھر اس چمڑے کو زحل ہی کی ساعت میں دشمن کے گھر میں دفن

کردیں تو بہت جلد وہ وہاں سے دفع ہو جائے گا اس طرح کے اعمال جب کریں جب دشمن کی ریشہ دوانیاں حد سے زیادہ بڑھ گئی ہوں۔ اور اس کے ظلم و ستم سے ناک میں دم ہو گیا ہو۔ خواہ مخواہ کسی کو پریشان کرنا جائز نہیں ہے۔

● اگر کوئی شخص ۱۹ مرتبہ حرف بؔ کو لکھ کر اُن کے نیچے وہ اسمارِ الٰہی لکھ دے جو حرف ب سے شروع ہوتے ہیں۔ پھر اس کاغذ کو تعویذ بنا کر دائیں بازو پر باندھ لے تو رزق میں فراوانی ہو جائے۔

● اگر حرف بؔ کو ۱۹ مرتبہ لکھ کر یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۳ مرتبہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو تمام مشکلات سے نجات مِل جائے
محبّت و قبولیت کے لیئے چاند کی ۷ تاریخ سے ۱۴ تاریخ تک چاند کی طرف منہ کر کے ۱۹ مرتبہ حرف بؔ کو لکھیں۔ اور ۱۶ مرتبہ اس کی اضمار لکھیں۔ اور لکھتے وقت یہ پڑھیں۔ اَجِبْ یَا خُدّام حَرْفُ الْبَاءِ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ پھر ختم عمل پر چاند کو سلام کر کے اپنے ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لیں۔ اور لکھے ہوئے کو پانی میں گھول کر پی لیں۔ زبردست مقبولیت ملے گی۔ اور اللہ کے فضل سے دُنیا گرویدہ ہو جائے گی۔

اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ یَا خَادِمُ حُرُوْفِ الْبَاءِ الشَّدِیْدِ حرھائیلِ بلیسَ لبیح هلیجِ ذوالنُّورِ الْاَدْمع ذی لَالَاءِ وَالْکِبْرِیَاءِ۔

جن حضرات نے حروفِ تہجی کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔ اُن حضرات کے لیئے "علم الحروف" کے عملیات میں خاص تاثیر ہوتی ہے اور نتائج اللہ کے فضل سے فوراً برآمد ہوتے ہیں۔

جن حضرات کا نام ب سے شروع ہو۔۔۔ وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لیں اور لکھنے کے بعد سو مرتبہ بَدِیعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ پڑھ کر اس پر دم کر لیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ محسوس کریں گے۔

جبرائیل ۷۸۶ جبرائیل

ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب

جبرائیل بحق یا باسطُ جبرائیل

ت

یہ حرف مزاج کے اعتبار سے بادی ہے۔ اس حرف کے اعداد مکتوبی ۴۰۰ ہیں اور اعدادِ ملفوظی ۴۰۱ ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام عزرائیل ہے۔ اس حرف کی زکوٰۃ ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھ کر اس وقت ادا کرنی چاہئے جب قمر منزلِ ذابح میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۲ ویں منزل ہے۔ یہ حرف قرآن حکیم میں ۱۰۱۹۹ جگہ استعمال ہوا ہے۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوتا ہے۔ التوّابُ۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یا عزرائیل بحقّ تا، پڑھنے کی تعداد ۴۴۴۴ مرتبہ ہی رہے گی۔

اگر اس حرف کو شیر کے دباغت شدہ چمڑے پر ہفتے کے دن مریخ کی ساعت میں ایک مثلث تیار کرے اور اس میں اس حرف کو ۵۹ مرتبہ

لکھے۔ اس نقش کو اگر کسی قیدی کے باندھ دیا جائے تو اللہ کے فضل سے
وہ قیدی رہا ہو جائے۔

اگر کوئی شخص اس حرف کو ریشم کے کپڑے پر نیلی روشنائی سے چار
سو مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوق کی نظروں میں مقبول ہو جائے۔

اگر چالیس روز تک کوئی ایک وقت مقرر کر کے کوئی شخص ۴۰۰ مرتبہ
اس حرف کا ورد کر لے تو فتوحات کے دروازے کھل جائیں۔

اگر کوئی شخص اس حرف کا نقش تانبے پر کندہ کرا کے اپنے گلے
میں ڈال لے تو کبھی دریا میں غرق نہ ہو اور اس کا مال تمام آفات سے
محفوظ رہے۔

نقش اس طرح تیار کریں۔

۷۸۶

ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت ت

۴۰۰ ۴۰۰ ۴۰۰

اگر اس حرف کو چار ٹھیکریوں پر چار چار مرتبہ لکھ کر ان ٹھیکریوں
کو کھیت کے چاروں کونوں پر دبا دے تو اس کھیت کی پیداوار میں
زبردست اضافہ ہو جائے۔ اور وہ کھیت یا باغ تمام آفات سے محفوظ
رہے۔ اگر اس حرف کو چار سو مرتبہ سنگِ مقناطیس پر لکھ کر کوئی شخص
اپنے پاس رکھے تو جو بھی اسے دیکھے گا اس پر مہربان ہو جائے گا۔
ایک عجیب و غریب قسم کی تسخیر اسے نصیب ہوگی اور مخلوق کی نظروں
میں اس کا مقام بہت بلند ہو جائے گا۔

● کسی کی زبان بند کرنے کے لیئے حرف ت کو مٹی کی ٹھیکری پر ۳۰ مرتبہ لکھکر یہ لکھدیں۔ زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں ابن فلاں اور اس ٹھیکری کو کسی قبرستان میں دفن کردیں انشاء اللہ زبان بند ہوگی۔

اگر کسی شخص کو خواب میں احتلام بہت ہوتا ہو تو وہ اس طرح ایک نقش تیار کرے اور اس کو اپنے تکیے میں سلوا لے انشاء اللہ احتلام کی بیماری سے محفوظ ہو جائے گا۔

۷۸۶

ت ت ت ت ت ت ت

۴۰۰ ۴۰۰ تبارک الذی بیدہ الملک ۴۰۰ ۴۰۰

۴۰۰ ۴۰۰ وھو علٰی کل شیئٍ قدیر ۴۰۰ ۴۰۰

ت ت ت ت ت ت ت

اگر کسی سے مکان خالی کرانا ہو تو اس حرف کو ۴۰۰ مرتبہ اس طرح سیسے کی پلیٹ پر لکھیں کہ ہر سطر میں چاروں طرف ۱۰۰ مرتبہ لکھا جائے اس طرح نقش کی سی صورت بن جائے گی۔ درمیان میں اس شخص کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھیں جو مکان پر قابض ہو۔ پھر اس پلیٹ کو مقبوضہ مکان میں دفن کرادیں یا کسی پتھر وغیرہ کے نیچے دبادیں۔ انشاء اللہ بہت جلد قابض مکان خالی کر کے چلا جائے گا۔

اگر کچھوے کی پشت کا پیالہ بنا کر اس حرف کو ۴ مرتبہ اس میں لکھیں پھر اس میں پانی ڈال کر پئیں تو معدے کے تمام امراض سے نجات ملجائے۔

زبان بندی کیلئے اس حرف کا نقش اس طرح بنائیں کہ ۴ مرتبہ کاغذ پر اس نقش کو ۴ سطروں میں لکھیں اور نیچے اس شخص کا نام اس طرح لکھیں۔

زبان بند کردم فلاں ابن فلاں فی حق فلاں ابن فلاں، پھر اس نقش کو کسی بھی قبرستان میں دفن کر دیں۔ مذکورہ شخص کی زبان بند ہو جائے گی۔ اور ایک حرف ناروا بھی زبان پر اس کی نہ آسکے گا۔

اگر حرف تا کو ایک ہزار مرتبہ مشک و زعفران سے کوئی شخص شرفِ قمر میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو کل مخلوقات مسخر ہو جائیں اس حرف کا یہ نقش تمام امراض میں اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کو بادی چال سے پُر کرنا چاہیئے۔

اجھزط

اجب یا عزرائیل بحق تا

۹۵	۱۰۱	۹۸	۱۰۶
۱۰۷	۹۷	۱۰۴	۹۲
۱۰۲	۹۴	۱۰۵	۹۹
۹۶	۱۰۸	۹۳	۱۰۳

اجب یا عزرائیل بحق تا

اجب یا عزرائیل بحق تا

اجب یا عزدائیل بحق تا

اگر حشرات الارض پریشان کرتے ہوں۔ مثلاً سانپ، بچھو، کھٹمل، مچھر، پسو، چیونٹی وغیرہ۔ تو اس حرف کے اعداد ملفوظی ۴۰۱ لیکر اس میں ۷۳۴ شامل کر کے مثلث خاکی چال سے تیار کر کے اس کو گھر میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ کیڑے مکوڑوں سے نجات مل جائے گی۔ اس نقش کے اوپر ۸۰۷ کے بجائے اجھزط لکھ دیں اور نقش کی ۳ سائڈوں میں اجب یا عزرائیل بحق تا۔ تحریر کر دیں۔

● - اگر کوئی شخص فرار ہو گیا ہو۔ تو اس کے نام اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد نکا کر اس میں چار سو شامل کر کے مثلث کی نقش

تیار کریں۔ اور اس کو اس شخص کے فوٹو پر لکھدیں۔ اگر فوٹو نہ ہو تو سادے کاغذ پر لکھدیں۔ اور نقش کے نیچے یہ عبارت لکھدیں۔

اس نقش کی برکت سے فلاں ابن فلاں واپس آجائے نقش کے چاروں کونوں پر "یا عزرائیل" لکھدیں۔ اور نقش کے نیچے "بحقِ یا توّابُ" لکھدیں۔ اور اس کو مفرور کے گھر میں دبا دیں۔

فوٹو نہ ہونے کی صورت میں جس کاغذ پر نقش بنائیں اس کاغذ پر دائرہ کھینچ کر اس کے اندر اس شخص کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس طرح لکھدیں تو بہتر ہے۔

ت ت

فلاں ابن فلاں

ت ت

فوٹو ہونے کی صورت میں فوٹو کی پشت پر وہ نقش لکھدیں جس کا ذکر کیا گیا۔ فوٹو نہ ہونے کی صورت میں فوٹو کے قائم مقام اس دائرہ کو اور اس کے اندر کی عبارت فلاں ابن فلاں کو سمجھیں۔

جس کے نام کا پہلا حرف "ت" ہو وہ اس نقش کو لکھ کر اس پر تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ ۝ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پھر اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ خوب خیر و برکت اور حفاظت ہو گی۔

نقش یہ ہے۔

عزرائیل ۷۸۶ عزرائیل

۹۵	۱۰۱	۹۸	۱۰۶
۱۰۷	۹۷	۱۰۴	۹۲
۱۰۲	۹۴	۱۰۵	۹۹
۹۶	۱۰۸	۹۳	۱۰۳

عزرائیل بحقِ یا توّابُ عزرائیل

ث

یہ ابجدِ قمری کا ۲۳ واں حرف ہے۔ اس کے اعداد مکتوبی پانچ سو اور اعداد ملفوظی ۵۰۱ ہیں۔ اس حرف کے مؤکل کا نام میکائیل ہے۔ اس حرف کی زکوٰۃ اس وقت ادا کریں جب قمر منزل بلعہ میں ہو یہ چاند کی ۲۳ ویں منزل ہے۔ اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ پڑھیں۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ بامؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجب یا میکائیل بحق ثا۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا صفاتی نام ثابت شروع ہوتا ہے۔ یہ نام اگرچہ اسماء حسنیٰ میں شامل نہیں ہے۔ لیکن اکابرین کی تحقیق کے مطابق یہ نام بھی اسم الٰہی ہے قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۲۷۶ مرتبہ ہوا ہے۔ اس کا مزاج آبی اور مؤکل کا نام میکائیل ہے۔

- اگر اس حرف کو پانچ سو مرتبہ لکھکر کسی بچے کے تکیے میں سلوا دیں تو وہ سوتے وقت نہیں ڈرے گا۔
- اگر اس حرف کو تین سو مرتبہ لکھکر کسی بڑے آدمی کے گلے میں ڈال دیں تو وہ برے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ ہو جاتے گا۔
- اگر کسی تختی پر موم اور کافور سے ۵۷۹ مرتبہ اس حرف کو لکھکر اور اپنے مالک کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھکر کنوئیں میں ڈال دیں تو کنواں کبھی خشک نہیں ہو گا ــــــــ اور نہ ہی پانی کبھی خراب ہو گا۔
- اگر اس حرف کا نقش چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں تو بچہ چیچک اور خسرہ سے محفوظ رہے گا۔

نقش یہ ہے۔

● - اگر اس حرف کو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کر کسی جگ یا کسی برتن میں رکھ دیں اور اس میں پانی بھر لیں اور صبح و شام اس کا پانی کسی مریض کو پلا دیں ــــــــ تو وہ مریض انشاء اللہ تندرست ہو جائیگا

● - بدخوابی سے بچنے کے لئے حرف ث کو پچاس مرتبہ لکھ کر اپنے تکیہ میں سلوا لیں - انشاء اللہ تعالیٰ بدخوابی سے نجات مل جائے گی۔

● - اس حرف کا نقش ہر قسم کے ڈر سے محفوظ رکھتا ہے اور انسان کے اندر عجیب طرح کا حوصلہ پیدا کرتا ہے۔

مزاج کے اعتبار سے چوں کہ یہ حرف آبی ہے - اس لئے اس کے نقش کو ہر مریض کے لئے آبی ہی چال سے لکھنا چاہیئے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۱	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۸
۱۲۳	۱۲۹	۱۳۰	۱۱۸
۱۲۶	۱۲۲	۱۱۹	۱۳۳
۱۲۰	۱۳۲	۱۲۷	۱۲۱

اجب یا میکائیل بحق ث

● - اگر ث کو کسی شخص کے نام کے ساتھ ملا کر یکے بعد دیگرے

یعنی ایک حرف طالبؔ کے نام کا، ایک حرف مطلوب کے نام کا اور
پھر اس طرح لکھکر اور سات مرتبہ حرف ثا کو پڑھکر ایک مرتبہ یہ کہے
اے خدام حرف ثا فلاں ابن فلاں کو میرے پاس پہنچا دو۔
پھر اس تعویذ کو کسی پھل دار درخت پر لٹکادیں تو مطلوب بہت جلد
طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔

یہ عمل صرف پیر کے دن کرنا چاہیئے۔ اور عروج ماہ میں کرنا چاہیئے۔
بشرطیکہ چاند عقرب میں نہ ہو۔

حرف ثا سے متعلق جتنے بھی اعمال ہیں۔ ان میں دھونی کا طریقہ
یہ ہے کہ لہسن کے بیج سرکہ میں ڈال دیئے جائیں۔ پھر ۲۴ گھنٹے کے
بعد انھیں نکال کر سکھالیں اور دورانِ عمل ان بیجوں کو جلتے
ہوئے کوئلوں پر ڈال کر دھونی لیں۔

حرف ثا کے اعمال اس وقت بہت جلد اپنا اثر دکھا دیتے ہیں۔
جب سورج برج عقرب میں ہو۔

جس شخص کا نام "ث" سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر اس
پر سو مرتبہ یہ آیت رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ پڑھکر دم کردے پھر اس نقش کو اپنے سیدھے
بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تمام مقاصد میں کامیابی ملے گی۔

۷۸۶

میکائیل — میکائیل

۱۳۱	۱۱۷	۱۲۴	۱۲۸
۱۲۳	۱۲۹	۱۳۰	۱۱۸
۱۲۶	۱۲۲	۱۱۹	۱۳۳
۱۲۰	۱۳۲	۱۲۷	۱۲۱

نقش یہ ہے

میکائیل — بحق یا ثابت — میکائیل

ج

مزاج کے اعتبار سے یہ حرف آبی ہے اور اس کے مکتوبی اعداد ابجد قمری کے حساب سے ۳ ہیں اور اعدادِ ملفوظی ۵۳ ہیں۔ اور اس کا مؤکل "یاکلکائیل" ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ثریا میں ہو۔ یہ چاند کی تیسری منزل ہے

اگر اس حرف کی زکوٰۃ مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یاکلکائیل بحق جیم، اس حرف سے حق تعالیٰ کے تین صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا جلیلُ، یا جامعُ، یا جبّارُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۳۲۷۳ مرتبہ ہوا ہے۔

اگر اس حرف کو کوری اینٹ پر مندرجہ ذیل انداز سے لکھ دیا جائے پھر اس کوری اینٹ کو اس درخت پر باندھ دیا جائے جس پر پھل نہ آتے ہوں۔ تو انشاء اللہ اس پر پھل آنے شروع ہو جائیں گے۔

ج ی م

ترمیھم ایا تنا ج ی م فی الآفات ج ی م فی

انفسھم ج ی م۔

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو تو مشتبہ آدمیوں کو جو کی روٹی پر مندرجہ ذیل نقش لکھ کر کھلائے جس نے چوری کی ہو گی وہ روٹی کا ٹکڑا نگلنے پر قادر نہ ہو سکے گا۔

نقش یہ ہے

ج

ج ج ج

ج ج ج

زبان بندی کیلئے

● ایک گول دائرہ بنائیں اور اس میں ۹۰ مرتبہ حرف ج لکھدیں اور درمیان میں یہ لکھدیں۔ زبان بند کردم فلاں ابن فلاں علی بحق فلاں ابن فلاں۔ یہ گول دائرہ سیسے پر بنا کر کسی قبرستان میں دبا دیں انشاء اللہ زبان بند ہو جائے گی۔

جس شخص کی مردانگی متاثر ہو گئی ہو وہ کسی چینی کی پلیٹ پر نو مرتبہ حرف ج لکھکر دس روز تک لگاتار پئے۔ روزانہ لکھیں پھر اس کو پانی سے دھو کر پئیں۔ انشاء اللہ مردانگی پلٹ آئے گی۔

اگر کسی کی زبان بند کرنی ہو تو جس وقت آفتاب برج سنبلہ میں ۳ درجے پر ہو تو جیم بصورتِ دائرہ لکھیں۔ اور درمیان دائرہ کے زبان بند کردم فلاں ابن فلاں علی حق فلاں ابن فلاں لکھکر کاغذ پر موم چڑھا کر زمین میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ زبان بند ہو جائے گی۔

اگر ایک ہزار نو سو بیس مرتبہ ج لکھکر مشک و زعفران سے تعویذ بنا کر اپنے گلے میں ڈال لے تو دنیا میں طرح طرح کی راحتیں عطا ہوں اور مرگ مفاجات اور طاعون وغیرہ کے حملوں سے محفوظ رہے۔

اگر سات مرتبہ روزانہ ج لکھکر ایک سال تک آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ جیم مع موکل کے پڑھے اور روزانہ اس کا ایصال ثواب شہیدوں کی روح کو پہنچائے تو انشاء اللہ ایک سال کے بعد عجیب وغریب قسم کی بشارتوں کا سلسلہ شروع ہو گا۔

ایک ہزار مرتبہ حرف ج کو چینی کی پلیٹ پر لکھے جمعرات کو ۱۲ بجے کے بعد کسی دریا سے پانی لے کر آئے اور اس پانی کو مٹی کے برتن

میں لے کر آئے پھر اس پانی سے اس چینی کی پلیٹ کو دھو کر مریض کو یہ پانی دن میں تین مرتبہ پلائے کیسی بھی مہلک بیماری ہوگی۔ انشاء اللہ اس سے نجات مل جائے گی۔

اگر حرف جیم کو بشکل مثلث لکھ کر اس کے نیچے موکل کا نام لکھ کر کسی درد زہ والی عورت کے کمر میں باندھ دیں تو فوراً وضع حمل ہو۔

اس کی شکل یہ ہوگی۔

۷۸۶

ج	ج	ج
ج	ج	ج
ج	ج	ج

بحق یا کلکائیل

اس حرف کو پوری طرح قابو میں کرنے کی دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا جَبَّارُ یَا جَلِیْلُ یَا جَامِعُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفُ الْجِیْمِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِکَۃَ الْکِرَامِ وَالْخُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ بِالطَّاعَۃِ فِیْمَا اٰمُرُھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رِضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

جن حضرات کا نام جؔ سے شروع ہوتا ہو۔ اُن کو بطور خاص جؔ کے اعمال کرنے چاہئیں۔ کیوں کہ اُن کے لئے اس حرف کے عملیات میں بطور خاص اثر ہوتا ہے۔ اور بہت جلد نتائج برآمد ہوتے ہیں۔

اس حروف کے اعداد ملفوظی ۵۳ ہیں۔ جن حضرات کا نام جؔ سے شروع ہوتا ہو وہ اس حرف کے ملفوظی اعداد کا نقش بنائیں اور اس پر

سو مرتبہ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ پڑھ کر دم کر دیں۔ پھر اس کو نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔

کلکائیل ۷۸۶ کلکائیل

۱۵	۱۰	۸	۲۰
۷	۲۱	۱۴	۱۱
۱۸	۶	۱۲	۱۷
۱۳	۱۶	۱۹	۵

کلکائیل بحق یا جلیلُ کلکائیل

ح

مزاج کے اعتبار سے حرف حا خاکی ہے اور اسکے مکتوبی اعداد ۸ اور ملفوظی اعداد ۹ ہیں اسکے موکل کا نام تنکفیل ہے۔

اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو ۹۹ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل نثرہ میں ہو یہ چاند کی منزل ہے۔ اگر با موکل زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا تنکفیل بحق حا، یہ حرف حق تعالیٰ کے ۸ صفاتی ناموں میں آیا ہے۔ یَا حَیُّ یَا حَفِیْظُ، یَا حَکِیْمُ یَا حَکَمُ یَا حَلِیْمُ یَا حَسِیْبُ یَا حَقُّ یَا حَمِیْدُ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۴۷۹۳ مرتبہ ہوا ہے۔

اگر کسی شخص کو پیاس کی بیماری ہو گئی ہو تو اس حرف کو اسی مرتبہ زعفران سے کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر مریض کو پلا دیں تو انشاء اللہ

Oureshi R.W

صحت حاصل ہوگی۔

اگر کوئی شخص تنگ دست ہو تو وہ اس حرف کو اس طرح شرف مشتری میں لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو بفضلِ رب العالمین اس کی تنگ دستی دور ہو جائے۔

نقش اس طرح بنائیے۔

۷۸۶

	۸	
۸	۸	۸
۷ ۷		۷ ۷
۸	۸	۸
	۸	

● کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر پانچ کلو پتھر کے نیچے دبا دیں۔ انشاء اللہ محبت میں بے قرار ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

ح ح ح ح ح ح ح

بستم خواب فلاں ابن فلاں علیٰ حب

فلاں ابن فلاں۔

ح ح ح ح ح ح ح

اگر کوئی عورت بانجھ ہو تو اس نقش کو لکھ کر سرخ رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے گلے میں غسل سے فارغ ہونے کے بعد ڈال لے تو انشاء اللہ ۳ ماہ کے اندر اندر حمل قرار پائے گا۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجیے۔

ح ح ح ح ح ح ح

بالف

بالف لاحول ولاقوۃ الا

باللہ العلی العظیم

اگر کوئی شخص کسی دشمن کو مسخر کرنا چاہے تو جمعہ کے دن دو سو مرتبہ حرف حا کو کسی شہید یا ولی کی قبر کی مٹی پر پڑھ کر دم کر کے دشمن کے گھر میں پھینک دے۔ انشاء اللہ دشمن مسخر ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص کسی بھی طرح کے درد یا تسنج میں مبتلا ہو تو دو سو مرتبہ شب جمعہ کو پڑھ کر مریض پر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ مریض کو درد سے نجات مل جائے گی۔

اگر کوئی شخص عمل قوم لوط طاعون یا سرطان میں مبتلا ہو تو اس شخص پر روزانہ ۷ مرتبہ ۴۰ دن تک دم کریں۔ اور ۷ مرتبہ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ لگاتار ۴۰ دن تک، انشاء اللہ مریض کو مذکورہ امراض سے نجات مل جائے گی۔

محبت تالیف قلب اور غصہ کرنے کے معاملے میں اس کے خواص پر اثر ہیں۔ اگر کوئی شخص مشتری کی ساعت میں ح ح ح ح ح ح ح ح بینڈوے کی کھال پر لکھ کر پھر اس کو باریک پیس کر کسی سرمے میں ملا لیں تو انشاء اللہ موکل وغیرہ نظر آنے لگیں گے۔ سرمہ لگاتے وقت یہ عزیمت لاتعداد مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا حَیُّ یَا حَلِیْمُ یَا جَمِیْلُ یَا حَسِیْبُ یَا

حَنَّانُ یَا حَافِظُ یَا حَفِیظُ بِمَا اَودَعْتَہٗ حَرْفُ الْحَاءِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ لَنَا تُسَخِّرْ لِی مَلٰئِکَتَکَ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ فِیْمَا اٰمُرُھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رَضَاءُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

اگر بروز شنبہ یا بروز جمعہ کو پہلی یا آٹھویں ساعت میں جب کہ قمر نحوست سے محفوظ ہو انگشتری کے نگینے پر ۸ مرتبہ حا لکھے اور اس ساعت میں اگلے شنبہ یا بروز جمعہ پہن لے تو بے اندازہ — قوت باہ پیدا ہو۔

اگر اسی انگوٹھی کو پانی میں ڈال کر وہ پانی کسی بخار کے مریض کو پلائیں تو بخار فوراً اتر جائے گا۔

اگر اس حرف کو ۹۷۲۳ مرتبہ کسی چینی کے طباق پر لکھ کر اس کنوئیں یا دریا کے پانی سے جو نصف رات کو لایا گیا ہو دھو کر مریض کو پلائیں تو مرض کتنا بھی شدید ہو انشاءاللہ رفع ہو جائے گا اور مریض اللہ کے فضل و کرم سے صحت مند ہو جائے گا۔

جس کا نام حرف ح سے شروع ہوتا ہو تو وہ اس نقش کو خاکی چال سے بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ یہ نقش اگر اس وقت بنایا جائے جب چاند منزل نژہ میں ہو تو افضل ہے۔ نقش بنانے کے بعد حٰمٓ عٓسٓقٓ ۱۰۰ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر دیں۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح
ح	ح	ح	ح

بحق یا حیی یا قیوم

خ

یہ حرف بادی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۶۰۰ اور ملفوظی اعداد ۱۰۶۰ ہیں اس کے مؤکل کا نام میکائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل سعود میں ہو یہ چاند کی ۲۴ وی منزل ہے اس حرف سے حق تعالیٰ کے تین صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یَا خَبِیْرُ، یَا خَافِضُ، یَا خَالِقُ۔

قرآن حکیم میں یہ حرف ۲۴۱۶ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی سے خوف زدہ ہو اور کسی کام کے لئے اس کی محفل میں جانا ضروری ہو تو اسی حرف کو اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پر اس طرح لکھیں۔ انشاء اللہ وہ مہربان ہو جائے گا۔

دشمن کو مسخر کرنے کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے جس وقت چاند برج عقرب میں ہو اس وقت بساعت زہرہ حرف خ ۱۴ مرتبہ کسی کاغذ پر لکھے اور لکھنے کے دوران زہرہ کا بخور روشن کرے اس کے بعد اس کاغذ کو تعویذ بنا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لیں۔

انشاء اللہ دشمن مسخر ہو جائے گا۔

یہ عمل دشمن کے لئے کسی مفتی سے شرعی فتویٰ حاصل کرنے کے بعد

کیا جائے۔ یہ عمل صرف اس دشمن کے لئے جائز ہے جو مشرک ہونے کے ساتھ ساتھ حد سے زیادہ ظالم بھی ہو۔ اور اس کے ظلم و ستم سے دوسرے اللہ کے بندے بھی حد سے زیادہ پریشان اور فریادی ہوں۔ ورنہ یہ عمل حرام ہوگا۔ اور اس میں آخرت کا سراسر نقصان ہوگا۔ اس لئے اس عمل کو اختیار کرتے ہوئے پوری احتیاط برتیں اور اپنی عاقبت کو برباد نہ ہونے دیں۔

عمل یہ ہے کسی مردے کی کھوپڑی لیں اور اس پر ۲۲۱۵ مرتبہ سرخ رنگ سے خ لکھیں اور اس رنگ میں سرخ مرچ بھی ملا لیں۔ یہ کسی ایسی ویران مسجد میں بیٹھ کر لکھیں جس میں پانچوں وقت کی نماز نہ ہوتی ہو۔ بوقت طلوع آفتاب لکھنا شروع کریں۔ اور لکھتے وقت اپنا رخ مشرق کی طرف رکھیں۔ دوران لکھائی سرخ مرچ اور ہینگ کی دھونی لیں۔ اس کھوپڑی پر ظالم کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی لکھ دیں۔ اس کے بعد دشمن کے نام اور اس کی ماں کے نام کے مجموعی اعداد کے برابر "یا خاجق میکائیل" پڑھیں اور اس کے بعد اس کھوپڑی کو دشمن کے گھر میں یا قبرستان میں دفن کر دیں۔

اگر کوئی چاہے کہ کسی غائب شدہ کے حالات کی اطلاع خواب میں ہو جائے تو اس کے لئے کسی بلندی پر جا کر وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے۔ اس کے بعد ۲۰۰ مرتبہ حرف خا کا ورد کرے اور غائب کا نام اور اس کی والدہ کا نام اس وقت ایک کاغذ پر لکھ لے۔ رات کو سوتے وقت اس کاغذ کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں غائب کے حالات منکشف ہو جائیں گے۔

بعض عاملین نے لکھا ہے کہ کاغذ پر ۶۰ مرتبہ خ لکھ کر اس کے نیچے گم شدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھنا چاہیئے تب مقصد پورا ہوتا ہے اور یہ عمل قمر کی ساعت میں کرنا چاہیئے۔

اگر ۱۲ ٹھیکروں پر حرف "خ" ایک مرتبہ لکھ کر باغ کے مختلف حصوں میں یہ ٹھیکرے دفن کر دیں تو بفضلِ ربّ العالمین باغ تمام آفاتِ سماوی سے محفوظ رہے گا۔

اگر بلوری رنگ کے نگینہ پر حرف "خ" کندہ کرا کر رکھ لیں اور ولادت کے وقت اگر یہ نگینہ عورت کے بائیں ہاتھ میں پکڑا دیں تو فوراً وضعِ حمل ہو۔ حرف "خ" کندہ کرنے کے بعد "یا خالقُ یا خبیرُ" ۱۵۴۳ مرتبہ پڑھ کر نگینہ پر دم کر دیں۔

حرف "خ" کو اگر کسی کاغذ پر اس طرح چھ سو مرتبہ لکھیں کہ ایک سطر میں سو مرتبہ لکھا جائے اور چھ سطروں میں چھ سو مرتبہ لکھا جائے اور اس کاغذ کو مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر اپنے گھر کے صحن میں دبا دیا جائے تو گھر تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے۔ ہانڈی کے چاروں طرف اگر ۵ مرتبہ "یا خالقُ یا خبیرُ" لکھ دیں تو اور بھی موثر ہوگا۔

اگر کسی کا نام خ سے شروع ہوتا ہو تو وہ اس نقش کو اس وقت تیار کرے جب چاند منزل سعود میں ہو اس پر فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تمام مقاصد حسنہ میں کامیابی ملے گی۔

نقش اس کا اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

Qureshi R.W

میکائیل ۷۸۶ میکائیل

۴۶۵	۴۷۱	۴۶۸	۴۷۶
۴۷۷	۴۶۷	۴۷۴	۴۶۲
۴۷۲	۴۶۴	۴۷۵	۴۶۹
۴۶۶	۴۷۸	۴۶۳	۴۷۳

میکائیل بحق یا خالق میکائیل

د

اس حرف کا مزاج خاکی ہے اور اس کے مکتوبی عدد ۴ ہیں۔ اور اعداد ملفوظی ۳۵ ہیں۔ اس کے مؤکل کا نام دردائیل ہے اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ دبران میں ہو یہ چاند کی چوتھی منزل ہے۔ اسماءِ حسنیٰ میں حرفِ دال سے کوئی نام شروع نہیں ہوتا ہے۔ البتہ حق تعالیٰ کے صفاتی ناموں میں دو نام یا دیان یا دائم شروع سے ہوتا ہے۔ اس حرف کا استعمال قرآن حکیم میں ۵۶۰۲ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔اگر کسی شخص کے جسم پر ورم ہو تو اس حرف کو اس طرح گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ورم دور ہو گا۔

۷۸۶

	د	د	د	د	
د		دو	دو		د
د					د
	د	د	د	د	

اگر با موکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں اجب یا دردائیل بحق دال۔

● - اگر بوقت سحر برہنہ ہو کر (پوشیدہ مقام پر لباس رکھکر) ستّر مرتبہ حرف دال کا ورد کرے اور نیت دشمن کی تباہی ہو۔ آسمان کی طرف دیکھکر یہ عمل کرے۔ عمل متواتر چالیس دن کرے تو انشاء اللہ اس کا دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔ یہ بات واضح رہے کہ اس طرح کے عملیات شرعی فتویٰ حاصل کرنے کے بعد کرنے چاہئیں۔ اگر دشمن فاسق و فاجر ہو اور اس سے خدا کے بندے پریشان ہوں۔ ایسی جگہ ایسے عمل جائز ہیں۔ صرف ذاتی دشمنی کی وجہ سے ایسے عمل نہیں کرنے چاہئیں۔

● - اگر ریشمی سفید کپڑے پر حرف دال کو ۳۵ مرتبہ لکھے۔ پھر اس کپڑے کو تعویذ بنا کر بازو پر باندھ لیں تو دین و دُنیا کی نعمتوں سے سرفراز ہو جائیں اس طرح کا عمل اس وقت زیادہ مؤثر ہوتا ہے جب قمر بُرج سرطان میں ہو

● - اگر حرف دال کو ۳۵ مرتبہ ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھیں۔ تو قوّت حافظہ میں زبردست اضافہ ہو جائے اور فہم و ادراک کی قوّت میں بھی خُوب اضافہ ہو جائے۔

یہ حرف عطارد سے نسبت رکھتا ہے اور اس کے لئے بُدھ کا دن خاص ہے۔ اگر کسی کے بوجہ گرمی ورم ہو تو اس کو چاہئے کہ حرف دال کو اس طرح لکھکر گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ ورم اُتر جائے گا۔

د د د د

د د د د

اس حرف کی دُعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا دَیَّانُ

یَا دَائِمَ الْعِزِّ یَا ذَا الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ بِمَا اَدْعُوْتُہٗ حَرْفَ الدَّالِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ وَالْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَلِیْ مَلَائِکَتِکَ الْکِرَامِ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْحُرُوْفِ بِالطَّاعَۃِ فِیْمَا اٰمُرُھُمْ بِہٖ مِمَّا لَکَ فِیْہِ رِضَاءٌ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْئٍ قَدِیْرٌ۔

جن حضرات کا نام حرف دال سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو خاکی چال سے اس وقت پُر کریں۔ جب چاند منزلِ دبران میں ہو۔ اور اس پر ستّر مرتبہ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ۔ پڑھ کر دم کر دیں۔

دردائیل ۷۸۶ دردائیل

د	د	د	د
د	د	د	د
د	د	د	د
د	د	د	د

دردائیل دردائیل

ذ

اس حرف کا مزاج آتشی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۷۰۰ ہیں۔ اور اعدادِ ملفوظی ۱۴۳۷ ہیں۔ اس کے موکل کا نام اھرائیل ہے۔
اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ اخبیہ میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۵ ویں منزل ہے۔
اگر باموکل زکوٰۃ نکالنی تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یَا اِھْرَائِیْل

بحق ذال اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوا ہے۔ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۴۹۷ مرتبہ ہوا ہے۔

● جس شخص کو بلغم کی کثرت ہے وہ اس حرف کو اس طرح لکھکر گلے میں ڈالے۔

۷۸۶

ذ ذ

ذ	ذ	ذ
ذ	ذ	ذ

ذ ذ

۷ دن تک چینی کی پلیٹ پر حرف ذ سات مرتبہ لکھکر پانی سے دھو کر پیئے۔ انشاء اللہ بلغم سے نجات ملے گی۔

● اگر ستر مرتبہ حرف ذ کو مشک و زعفران سے لکھکر اپنے پاس رکھے تو تمام مخلوق کی نظروں میں محبوب ہو جائے اور اللہ کے فضل و کرم سے دشمن مغلوب ہو جائیں۔

● اگر جمعہ کے دن بعد نماز فجر ایک ہزار مرتبہ حرف ذال کا ورد کرے تو ایک سال کے اندر اندر صاحب مال و منال بن جائے اور قرضوں سے نجات ملے۔

● اگر مالدار آدمی اس حرف کا ورد روزانہ ستر مرتبہ کرے تو اس کے مال کو زوال نصیب نہ ہو۔

● اگر حرف ذ کو سات سو مرتبہ پڑھکر کسی میٹھی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلائیں تو وہ طالب کے لئے بے قرار ہو جاتے اور طالب سے ملے بغیر

اس کو قرار نہ آئے۔

● حرف ذ کا ایک منفی عمل عاملین سے منقول ہے۔ اس عمل کو قوی حاصل کرنے کے بعد بہت مجبوری میں کرنا چاہئے۔ کچی اینٹ پر سات سو مرتبہ ذو سطروں میں ذ لکھیں۔ درمیان میں دشمن کا نام مع والدہ لکھیں۔ پھر اس اینٹ کو بھٹے میں پکا کر کسی قبرستان میں دبا دیں۔ دشمن تباہ ہو جائے گا۔ یہ عمل اس وقت کریں جب چاند عقرب میں ہو۔

تسخیر خلائق کے لئے حرف ذ کو ۹۰ مرتبہ لکھ کر اپنے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تسخیر و محبت حاصل ہو گی۔

ر

حرف "ر" مزاج کے اعتبار سے خاکی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی دو سو ۲۰۰ ہیں۔ اور اعدادِ ملفوظی دو سو ایک ہیں۔ اس کا موکل ہمواکیل ہے۔

اگر اس کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل نعائم میں ہو یہ چاند کی ۲۰ وی منزل ہے۔ اگر اس حرف کی با موکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا ہمواکیل بحق را۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کے سات صفاتی نام شروع ہوتے ہیں یارحیمُ، یارحمٰنُ، یارزاقُ، یارافعُ یارقیبُ، یاروفُ، یارشیدُ۔

قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۱۷۹۳ بار ہوا ہے۔

● جس وقت قمر برج عقرب میں ہو۔ اس حرف کو دو سو مرتبہ کتے کی ہڈی پر لکھ کر اور دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر کسی ویران جگہ دفن کر دیں تو

دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

● ۔ اگر یہی عمل دو انسانوں کے درمیان تفریق کے لئے کیا جائے تو دونوں کا نام مع اسم والدہ لکھکر دونوں کے درمیان × بنا دیں چند ہی دنوں میں تفریق ہو جائے گی۔

● ۔ قمری مہینے کے آخری بدھ کو اس شخص کی پیشانی پر حرف "ذ" پانچ مرتبہ لکھیں جو دردِ شقیقہ میں مبتلا ہو اور ایک گھنٹے تک یہ حرف لکھا رہنے دیں اس کے بعد مٹا دیں۔ انشاء اللہ دردِ شقیقہ سے نجات مل جائے گی۔

● ۔ اگر اتوار کے دن کسی بھی نئی عمارت کی بنیادوں میں حرف "ذ" ۱۰۰ سو مرتبہ لکھکر دفن کر دیں تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ عمارت تباہی سے اور زلزلوں سے محفوظ رہے گی۔

● ۔ اگر حرف "ذ" کو ۷۰ ستر مرتبہ سفید مرغ کی گردن میں لکھکر تعویذ بنا کر لٹکا دیں تو مرغ وہاں جا کر بیٹھ جائے گا جہاں دفینہ ہو گا۔

● ۔ اگر حرف "ذ" کو ۷۰ ستر مرتبہ لکھکر کسی گدھے کے کان میں رکھدیں پھر وہاں سے نکال کر کسی قلعی شدہ برتن میں رکھدیں پھر اس پر اتنا نمک ڈالدیں کہ وہ چھپ جائے پھر اس برتن کو سرہانے رکھکر سو جائے تو خواب میں اسرارِ دفینہ سے باخبر ہو جائے گا۔

● ۔ اگر حرف "ذ" کو رانگ کی تختی پر لکھکر اس کو پانی میں ڈال کر اس مریض کو یہ پانی پلائے جسے پیاس کی بیماری ہو، فوراً بیماری ختم ہو جائیگی۔

● ۔ اگر چمگادڑ کی کھال پر اس حرف کو ۴۰ مرتبہ لکھکر کوئی شخص اپنے پاس رکھے تو اس کو نیند نہیں آئے گی۔

- اگر کوئی شخص قید میں ہو تو اس حرف کو ۲۰۰ مرتبہ لکھ کر اپنے ہاتھ پر باندھ لے تو بہت جلد اس کو قید سے رہائی نصیب ہو۔

- اگر اس حرف کا تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے اور دو سو[۲۰۰] مرتبہ "یَا رَحِیمُ" روزانہ پڑھتا رہے تو رزق کشادہ ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

- اگر مٹی کا نیا پیالہ لیکر اس پر مشک و زعفران سے حرف "ذ" چالیس[۴۰] مرتبہ پھر حرف طا ۱۱۲ مرتبہ لکھ کر اس کو پانی سے دھو کر کسی مریض کو پلائیں تو مریض بفضلِ خدا تندرست ہو جائے گا۔

- جن لوگوں میں جدائی ڈلوانی ہو ان کے لئے یہ کریں کہ کسی کاغذ پر ایک سطر میں سو[۱۰۰] مرتبہ حرف "ذ" لکھیں۔ دوسری سطر میں یہ لکھ دیں۔

اَللّٰھُمَّ فَرِّق بین فلان ابن فلان و فلاں ابن فلاں "فلاں ابن فلاں" کی جگہ سب کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لکھ دیں۔ پھر تیسری سطر میں حرف "ذ" سو[۱۰۰] مرتبہ لکھ دیں۔ اور اس کاغذ کو کسی قبر کی مٹی میں گولا بنا کر دریا میں بہا دیں۔

- اگر اس حرف کو قمر کی منزلِ نعائم میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو عجائبات کا مشاہدہ ہو۔

● - جس شخص نے اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرلی ہو وہ اس حرف کو ۲۰۰ پڑھکر اگر پانی پر دم کرکے درختوں کی جڑوں میں ڈالدے تو درختوں پر پھل آنے شروع ہوجائیں۔ اور اس پانی کی برکت سے سوکھے ہوئے درخت بھی ہرے بھرے ہوجائیں:

● - اگر مٹی کا پیالہ لے کر اس پر ۱۱۲ مرتبہ حرف "د" لکھے پھر اس کو شہد سے دھوکر مریض کو چٹائے تو کیسا بھی مرض ہوگا شفا نصیب ہوگی۔

● - اگر نو سو مرتبہ حرف "د" کو پڑھکر کسی میٹھی چیز پر دم کرکے کتے کو کھلادے تو تسخیر خلائق عطا ہو۔

● - اگر اس حرف کے اعداد میں حاملہ عورت کے اعداد شامل کرکے مثلث کا نقش قمر کی منزل نعائم میں چمڑے پر لکھیں اور حاملہ کے گلے میں ڈالیں تو حمل کی حفاظت رہے اور اللہ کے فضل و کرم سے لڑکا پیدا ہو

● - اگر اس حرف کو جیل کے دروازے پر دس بار لکھکر قیدی کا نام مع والدہ لکھدیا جائے تو بہت جلد وہ رہا ہوجائے۔

جن حضرات و خواتین کا نام "د" سے شروع ہوتا ہو وہ اس نقش کو اس وقت تیار کریں جب چاند منزلِ نعائم میں ہو۔ اس نقش کو خاک چال سے پُر کرکے اُس پر سو مرتبہ پڑھکر دم کردیں۔ اور اس کو ہرے کپڑے میں پیک کرکے دائیں بازو پر باندھیں۔

ہمواٸیل ۷۸۶ ہمواٸیل

۵۷	۴۵	۴۶	۵۲
۴۷	۵۱	۵۸	۴۴
۵۲	۴۸	۴۳	۵۵
۴۴	۵۶	۵۳	۴۹

ہمواٸیل بحق یا رحیم ہمواٸیل

ز

حرف "ز" مزاج کے اعتبار سے آبی ہے اور اس کے مکتوبی اعداد ۷ اور اعداد ملفوظی ۸ ہیں۔ اس کا مؤکل شرفائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴ ۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ذراعہ میں ہو یہ چاند کی ساتویں منزل ہے۔ اگر بامؤکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا شرفائیل بحق زا۔

اسمائے حسنیٰ میں اس حرف سے حق تعالیٰ کا کوئی صفاتی نام شروع نہیں ہوتا۔ لیکن صفاتی ناموں میں زکی اللہ کا صفاتی نام شامل ہے۔ اس حرف کا استعمال قرآن حکیم میں ۱۵۹۰ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔اگر کوئی فاحشہ عورت کسی عورت کی شہوت باندھ دے اسطرح کہ اس کے سوا مرد کسی پر قابو نہ پا سکے تو اس کا علاج یہ ہے کہ جس وقت آفتاب برج جدی میں ۱۴ درجے پر ہو اس وقت کسی نئے کپڑے پر ۱۴ مرتبہ حرف "ز" لکھ کر اس مرد کا نام مع والدہ کے لکھ کر اس کپڑے میں کسی ویرانے کی مٹی لگا دے اور اس کپڑے کو اس کنوئیں میں پھینک دے جس میں پانی خشک ہو چکا ہو۔ انشاء اللہ اس کی شہوت کھل جائے گی۔ اور اگر ساتھ میں اس فاحشہ عورت کا نام بھی مع اس کی والدہ کے لکھ دے تو اس عورت کے حق میں اس مرد کی مردانگی بند ہو جائے گی۔

● ۔اگر کسی کاغذ پر حرف "ز" ۷۰۰ مرتبہ لکھ کر گلاب و زعفران سے کسی درخت پر لٹکا دیں اور اس پر اپنا نام اور والدہ کا نام بھی لکھ دیں تو کاروبار میں بے حد ترقی ہو۔

● - اگر حرف "ز" کو اس وقت جب آفتاب برج جدی میں ہو مریخ کی ساعت میں ۵۰۷ مرتبہ کسی چمڑے پر لکھکر کسی ویرانے میں دفن کر دے تو اس سحر زدہ کو فائدہ ہو۔ لکھنے کے بعد سحر زدہ کا نام مع اسم والدہ کے لکھ دینا چاہیے۔

● - اگر ۴۰ دن تک حرف "ز" کو ۱۲۵ مرتبہ ورد میں رکھے تو خوب خیر و برکت ہو اور مخلوق کی نظروں میں بفضل خداوندی مقبولیت حاصل ہو۔

● - اگر سات سو مرتبہ حرف "ز" کو مشک و زعفران سے لکھ کر اور کافور کا بخور دوران لکھائی روشن کرے اس کے بعد اسکو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو کیسی بھی مشکلات ہوں رفع ہوں گی۔

● - اگر چاندی کی تختی پر قران قمر و مشتری کے وقت گیارہ مرتبہ حرف "ز" لکھے۔ اگر پیر کا دن ہو تو اور بھی بہتر ہے اس کے بعد اس تختی کو اپنے پاس رکھے تو مخلوق کی بدگوئی اور ایذا رسانی سے محفوظ رہے۔

● - اگر کوئی شخص مشتری کی ساعت میں جمعرات کے روز ۹۹ مرتبہ حرف "ز" کے اعداد کو ۱۰ سطروں میں لکھدے اور کسی دیوار پر چسپاں کر دے تو وہ دیوار قائم نہ رہ سکے گی۔

● - اگر اونٹ کی پنڈلی پر سات مرتبہ حرف "ز" لکھے اس وقت قمر منزل ذراع میں ہو تو اونٹ کتنا بھی چلے گا کبھی نہیں تھکے گا۔

● - اگر اس طریقے سے لکھکر کوئی شخص اپنے پاس رکھے گا تو کوئی موذی جانور کبھی اس کے قریب نہیں پھٹکے گا۔

● - جب بارش کی ضرورت ہو تو اس حرف کو سیاہ بکری کی کھال پر لکھکر اس کو مینڈے کے سر پر رکھدو اور حضور قلب سے اضمار پڑھو اور

اس کے لیے دعا کرو اور یہ الفاظ کہو یا خضر ایہا السحاب و المطر
انشاء اللہ بارش ہو جائے گی۔

اضمار یہ ہے۔ اَجب ایھا السید یا علمشائیل بحق سعھوس۔
ھطاطم ھطاطم ہیط اجب بحق بھوہ الوحا العجل الساعۃ

اس حرف کی یہ بھی خاصیت ہے کہ جس برتن میں لکھ کر رکھا جاتا ہے
خوب برکت ہوتی ہے۔ خصوصاً گھی اور دودھ میں اگر ۷ مرتبہ اس کے برتن
پر لکھ دیا جائے تو عجیب برکت سامنے آئے گی۔

● اگر اس حرف کو اضمار کے ساتھ لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو غیب سے
رزق ملے گا۔

● اگر اس حرف کے اعداد ملفوظی میں طالب و مطلوب کے اعداد مع
والدہ ملا کر نقش مثلث مطلوب کے عنصر کے مطابق تیار کر کے طالب کے
سیدھے بازو پر بندھوا دیں تو مطلوب ایک دن خود طالب بن جائے گا
اور اس پر عجیب طرح کی دیوانگی سوار ہو جائے گی۔

● دفینے کی کھوج کرنی ہو تو ۷ سو مرتبہ حرف "ز" پڑھ کر کسی سفید
مرغ کے کانوں میں پھونک دیں اور مرغ کو چھوڑ دیں۔ انشاء اللہ مرغ
دفینہ کی جگہ جا کر اذان دینے لگے گا۔ جو شخص اس حرف کو روزانہ پانچ
سو مرتبہ پڑھے گا۔ دشمنوں کے خوف سے محفوظ رہے گا۔

● اگر چاندی کی انگوٹھی پر حرف "ز" کو کندہ کرا کے شہادت کی
انگلی میں پہنے تو بھی دشمنوں کے خوف سے محفوظ رہے گا۔

● شہوت کھولنے کیلئے حرف "ز" اور اس شخص کا نام مع والدہ کے ۷ مرتبہ ایک
کاغذ پر لکھ کر اسکو دو کوری ٹھیکریوں کے درمیان رکھ کر انھیں باندھ دیں اور ان کو

کسی دریا میں ڈال دیں تو انشاء اللہ شہوت کھل جائے گی۔

● - جن حضرات و خواتین کا نام "ز" سے شروع ہوتا ہے اُن کو چاہیے کہ اس نقش کو اس وقت لکھیں جب چاند منزلِ ذراعہ میں ہو آبی چال سے نقش لکھیں۔ اس کو لکھ کر اس پر سو مرتبہ حرف "ز" پڑھ کر دم کریں پھر اس نقش کو دائیں بازو پہ باندھ لیں۔

۷۸۶

شرفائیل — شرفائیل

ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز
ز	ز	ز	ز

شرفائیل — بحق یازکی — شرفائیل

س

مزاج کے اعتبار سے آبی ہے اور اس کے اعداد مکتوبی ۶۰ ہیں۔ اور اعداد ملفوظی ۱۲۰ ہیں۔ اس کا موکل ہمواکیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ غفرہ میں ہو۔ یہ چاند کی ۱۵ ویں منزل ہے اگر یا موکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں "اَجِب یا ہمواکیل بحقِ سین"

اس حرف سے حق تعالیٰ کے دو صفاتی نام شروع ہوتے ہیں یا سمیعُ

یَا سَلَامُ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۵۸۹۱ مرتبہ ہوا ہے۔

جس وقت بُرجِ جوزا کا اوّل درجہ شروع ہو اس وقت اپنے حاسد کا نام مُرغی کے انڈے پر لکھیں اور اس نام کے چاروں طرف حرف "س" لکھ دیں۔ اور نیّت یہ رکھیں کہ حاسد کی زبان بند کی جارہی ہے۔ اس کے بعد اس انڈے کو لوبان کی دھونی دے کر زمین میں دفن کر دیں۔ انشاءاللہ حاسد کی زبان بند ہو جائے گی۔

اگر حرف "س" کو ۶۰ مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر کسی بیمار کو پلائیں تو انشاءاللہ چند روز میں بیماری سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

اگر اسی عمل کو کاغذ پر لکھ کر اس بچّے کے گلے میں ڈالیں جسے لکنت ہو یا جو گونگا ہو تو اس کو بھی زبردست فائدہ ہوگا۔

اگر بعد نماز ظہر "سین" ایک ہزار مرتبہ ۱۳ دن تک لگاتار پڑھیں تو صاحبِ کشف و کرامات ہو جائیں۔

اگر "س" ۶۰ مرتبہ لکھ کر مفرور یا گم شُدہ کا نام مع اسم والدہ لکھ کر کسی درخت پر لٹکا دیں تو مفرور یا گم شُدہ واپس آ جائے یا اس کی خبر مل جائے۔

اگر مٹی کی لوح پر اس حرف کو مندرجہ ذیل انداز میں لکھ کر کسی مکان میں لٹکا دیں تو اس مکان میں مکھی داخل نہ ہو۔ اور اگر اس حرف کو اسی طرح آئینہ پر لکھ کر کسی لقوے والے مریض کو آئینہ دکھائیں تو وہ بہت جلد شفایاب ہو جائے

لکھنے کا انداز یہ ہوگا

۷۸۶

س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س
س	س	س	س

اگر کوئی شخص شدید بخار میں مبتلا ہو اور بخار کسی طور اُترنے کا نام نہ لیتا ہو تو چینی کی پلیٹ پر سات مرتبہ حرفِ سؔ کو لکھیں۔ اور سات مسجدوں کے پانی سے اس پلیٹ کو دھو کر مریض کو یہ پانی پلائیں۔ انشاءاللہ ۳ دن کے اندر اندر بخار اُتر جائے گا۔

کسی بھی بیماری میں حرف سؔ کو ملفوظی کر کے حسبِ قاعدہ نقش بنائیں اور آبی چال سے اس نقش کو پُر کریں۔ اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاءاللہ کیسی بھی بیماری ہو گی۔ اللہ کے فضل سے ختم ہو جائے گی۔ اور مریض کو راحت و سکون میسر آئے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۶	۲۲	۲۹	۳۳
۲۸	۳۴	۳۵	۲۳
۳۱	۲۷	۲۴	۳۸
۲۵	۳۷	۳۲	۲۶

گھر کی نحوست اور بے رونقی کو دفع کرنے کیلئے مندرجہ ذیل انداز سے ایک نقش شرفِ قمر میں تیار کر کے گھر میں آویزاں کر دیں انشاءاللہ تعالیٰ گھر سے نحوست اور بے رونقی دور ہو گی۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

س س س س س س س س س س س

س

بحق یا سلام و بحق یا سمیع

جن حضرات و خواتین کا نام س سے شروع ہوتا ہو اُن کو چاہئے کہ مندرجہ ذیل نقش کو آبی چال سے اس وقت لکھیں جب قمر منزل غفرہ میں ہو۔ نقش لکھنے کے بعد سو مرتبہ سلام قولاً من رب رحیم پڑھکر اس پر دم کردیں۔ اور نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔

نقش یہ ہے۔

ہمواکیل — ۷۸۶ — ہمواکیل

۱۸	۱۴	۷	۲۱
۸	۲۰	۱۹	۱۳
۲۳	۹	۱۲	۱۶
۱۱	۱۷	۲۲	۱۰

ہمواکیل — بحق یا سلام — ہمواکیل

مزاج آتشی مکتوبی اعداد ۳۰۰۔ اور ملفوظی اعداد ۳۶۰ ہیں اس حرف کا موکل ہمزائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ بلدہ میں ہو۔ یہ چاند کی ——— ۲۱ ویں منزل ہے۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے دو صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا شکورُ یا شہیدُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۲۲۵۳ بار ہوا ہے۔

● دو شخصوں کے درمیان اگر عداوت قائم کرنی ہو تو جس وقت برج عقرب کا پانچواں درجہ شروع ہو اس وقت دونوں کے نام مع والدہ کے لکھے اور ان کے نیچے تین سو شین لکھ کر دریا میں ڈال دے۔ دونوں کے درمیان عداوت قائم ہو جائے گی۔ اس عمل کے دوران افیون کی دھونی لیں۔

● اگر کسی زرد کاغذ پر حرف شین تین سو مرتبہ مشک و زعفران سے زہرہ یا مشتری کی ساعت میں لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں۔ تو خلق خدا کی نظروں میں مقبول ہو جائیں۔

● اگر حاملہ کا حال معلوم کرنا ہو کہ لڑکا ہے یا لڑکی تو کسی سفید کاغذ پر دو سو مرتبہ حرف شین شب جمعہ کو لکھ کر حاملہ اپنے تکیے کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی۔

● اگر کسی تالے پر ۳۴ مرتبہ حرف شین لکھے اور تالہ بند کر دے اور ۱۸۶ چھوارے لے کر سفید کپڑے میں یہ چھوارے اور تالہ مع چابی کسی دور گزرگاہ میں رکھ دے۔ جب کوئی شخص اس پوٹلی کو اٹھا کر تالہ کھول دے گا تو لڑکی کا نصیب کھل جائے گا۔ اور اس کی شادی طے ہو جائے گی۔ یہ عمل اللہ تعالیٰ کی قدرت کا ایک راز ہے۔ جسے خدمت خلق کی نیت سے نقل کر دیا گیا ہے۔ اگر چاہیں تو اس عمل کو کرنے کے ۲ گھنٹے کے بعد اپنے کسی غریب رشتے دار سے بھی یہ کام کرایا جا سکتا ہے کہ تم تالہ کھول دو اور چھوارے تم لے لو اور تالہ بھی۔ حروف ملا کر وہ غریب آدمی اپنے کام میں لا سکتا ہے۔

● اگر حاسدین کاغذ کے ٹکڑوں پر حرف "ش" ایک ایک مرتبہ لکھ کر روٹی کے ٹکڑوں پر رکھ کر کسی کتے کو کھلا دیں تو حاسدوں کی زبان بند

بند ہو جائے گی ۔ اور ان کی ریشہ دوانیوں سے نجات مل جائے گی ۔

● ۔ کسی کاغذ پر دو سو مرتبہ حرف ش لکھکر نیچے حاملہ عورت کا نام مع والدہ کے لکھکر تکیہ کے نیچے رکھکر سو جائیں ۔ انشاءاللہ خواب میں یہ بشارت ہوگی کہ حاملہ کے پیٹ میں لڑکا ہے یا لڑکی ۔

● ۔ اگر سرخ کاغذ پر تین سو مرتبہ حرف "شین" لکھکر دائرے سے باہر ہر طرف تیس ۳۰ کانٹے بنا کر ان میں نقطے بنا دیں اور اس نقش بنا کر لال کپڑے میں پیک کر کے گھر کے کسی کمرے میں لٹکا دیں تو اوپری اثرات اللہ کے فضل سے ختم ہو جائیں ۔

شکل یہ رہے گی ۔

+ + + + +

+	ش ش ش ش ش ش ش	+
+	ش ش ش ش ش ش ش	+
+	ش ش ش ش ش ش ش	+

+ + + + +

یہ مثال ہے ۔ آپ یہ شکل بناتے وقت حرف شین تین سو بار یعنی ایک لائن میں سو مرتبہ اور ہر طرف کانٹے ۳۰ مرتبہ بنائیں ۔

● ۔ حرف شین کو کسی کاغذ پر ۱۳ مرتبہ لکھکر پھر ۱۳ سیاہ مرچ لیکر کوئلے دہکائیں ۔ اور کپڑے میں کاغذ اور مرچ رکھکر آگ میں ڈال دیں ۔ اور اس عورت یا مرد کو دھونی دیں جس پر شدید قسم کی نظر ہو ۔ انشاءاللہ ۳ دن تک یہ عمل کرنے سے خطرناک نظر بد دور ہو گی ۔

واضح رہے کہ اس عمل کے ذریعہ بالغوں کی نظر اُتاری جاتی ہے۔
یہ عمل بچوں کے لیئے کارگر نہیں ہے
ہر طرح کے مریض کے لئے حرف شین کا نقش آتشی چال سے
لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور نقش کے ہر سائڈ میں دس مرتبہ "ش"
لکھ دیں۔ انشاء اللہ کیسا بھی مرض ہو گا رفع ہو گا۔ اور مریض کو باذن اللہ
صحت حاصل ہو گی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش

۷۴	۷۸	۸۱	۶۷
۸۰	۶۸	۷۳	۷۹
۶۹	۸۳	۷۶	۷۲
۷۷	۷۱	۷۰	۸۲

ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش

ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش

ش ش ش ش ش ش ش ش ش ش

جن حضرات و خواتین کا نام حرف ش سے شروع ہوتا ہو۔ وہ اس نقش کو
اُس وقت لکھیں جب چاند منزل بلدہ میں ہو۔ اس نقش کو آتشی چال سے
لکھکر اس پر ۱۰۰ مرتبہ یہ آیت۔
پڑھکر دم کریں۔ اور اس نقش کو سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تمام مقاصدِ حسنہ
میں کامیابی ملے گی

همزائیل ۷۸۶ همزائیل

۷۴	۷۸	۸۱	۶۷
۸۰	۶۸	۷۳	۷۹
۶۹	۸۳	۷۶	۷۲
۷۷	۷۱	۷۰	۸۲

همزائیل بحق یا شکور همزائیل

Qureshi R.W

ص

مراج بادی۔ اعداد ۹۰۔ اعدادِ ملفوظی ۹۵۔ مؤکل اجمائیل۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ قلب میں ہو۔ یہ چاند کی ۱۸ ویں منزل ہے۔

اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا اجمائیل بحق صاد۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کے دو صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا صمدُ یا صبورُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۲۰۱۳ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔ اگر پیدل چلتے وقت حرف ص پڑھتے چلے جائیں تو راستہ کٹ جائے گا اور تھکان بالکل نہیں ہو گی۔

● ۔ جس وقت آفتاب بُرج عقرب کے ۹ درجے پر ہو۔ اس وقت ایک کاغذ پر نوّے مرتبہ حرف صاد لکھا جائے۔ پھر ان دونوں افراد کے نام لکھے جائیں۔ جن کے درمیان تفرقہ کرانا ہو۔ ساتھ میں اُن کی ماؤں کے نام بھی لکھے جائیں۔ اگر یہ عبارت اور حرفِ ص ہرن کی کھال پر یا سفید ریشمی کپڑے پر لکھی جائے تو عمل کی قوت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ لکھنے کے بعد پانی میں اس کو پھینک دیں۔ لکھتے وقت ہینگ کی دھونی لیتے رہیں۔ انشاء اللہ دونوں کے درمیان جلد جدائی واقع ہو گی۔ اس طرح کے عمل صرف وہاں کئے جائیں جہاں تعلقات ناجائز ہوں۔ اگر کسی کا جائز تعلق ختم کرنے کیلئے یہ عمل کیا جائے گا تو عامل قہرِ خداوندی کا شکار ہو جائے گا۔

- اگر نوّے مرتبہ حرف صاد لکھکر موم میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھ لیا جائے تو بُرا کہنے والوں کی زبان بند ہو جائے گی۔
- اگر زرد ریشمی کپڑے پر ایک ہزار مرتبہ صٓ لکھکر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں تو دشمنوں کے مکر و فریب سے محفوظ رہیں۔
- جو شخص نوّے مرتبہ نوّے دن تک حرف صٓ کا ورد کرتا ہے تو اس حرف کا عامِل بن جائے۔ اس کے بعد اس کے عمل میں زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی۔ اور پھر حرفِ صاد کے ہر عمل میں انشاء اللہ بھرپور کامیابی ملے گی۔
- کسی کی توجہ حاصِل کرنے کے لئے حرفِ صاد کو نوسو مرتبہ لکھکر پھر طالب و مطلوب کے نام مع اسم والدہ کے لکھکر کسی پھل دار درخت پر ہرے کپڑے میں پیک کر کے ٹنگوا دیں۔ تو چند ہی دنوں کے بعد مطلوب متوجہ ہو گا۔
- اگر کوئی شخص حرف صاد کو جمعہ کے دن ساعتِ زہرہ میں ۴۰ مرتبہ لکھکر اپنے بازو پر باندھ لے پھر مچھلی کے شکار کو جائے تو مچھلی کانٹے میں خوب لگے گی۔
- دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے حرف صٓ کو ۹۰ مرتبہ لکھکر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔
- اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو دولت اور مقبولیت سے سرفراز کرے تو اس کو چاہیئے کہ دو نفلیں پڑھکر سورۂ صٓ کی تلاوت کرے اس کو کسی کاغذ پر اس طرح حرفِ صٓ لکھے کہ ایک سطر میں سو مرتبہ آجائے کل نو سطر میں لکھے۔ اس کے بعد ۹ سو مرتبہ صٓ پڑھکر اس کاغذ پر دَم کر دے۔

اوراس کو تعویذی شکل دے ۔اس کے ساتھ ساتھ ایک نقش آتشی چال سے سورۂ صٓ کا بھی تیار کرے ۔اوراس پر سورۂ صٓ ایک بار پھر تلاوت کر کے اس نقش پر دم کر دے ۔پھر اس نقش کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے ۔انشاء اللہ نوّے دن کے اندر مقصد میں کامیابی ملے گی۔

سورۂ صٓ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۳۲۶	۲۷۳۴۰	۲۷۳۳۷	۲۷۳۳۴
۲۷۳۳۸	۲۷۳۳۳	۲۷۳۲۷	۲۷۳۳۹
۲۷۳۳۲	۲۷۳۳۵	۲۷۳۴۲	۲۷۳۲۸
۲۷۳۴۱	۲۷۳۲۹	۲۷۳۳۱	۲۷۳۳۶

حرفِ صاد کا تعلق منزلِ قمر "قلب" سے ہے۔ یہ چاند کی ۱۸ ویں منزل ہے۔

● ۔اگر کوئی شخص حرفِ صاد کو مندرجہ ذیل انداز میں اس وقت لکھے جب چاند منزلِ قلب میں ہو اور نوّے مرتبہ یہ عزیمت پڑھکر اس کاغذ پر دم کر کے اپنے گھر میں لٹکائے تو گھر میں خیر و برکت ہو۔ اس کاغذ کو تعویذی شکل دے کر نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے گھر کے اندرونی حصّے میں لٹکائیں ۔اور درمیان میں بحق سورۂ صٓ لکھیں۔ اس طرح لکھیں۔

نقوش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

ص ص ص ص ص ص ص ص ص ص

بحق سورۂ ص

عزیمت یہ ہے۔ اجب یا اھجمائیل بحق صمد اور برحمت یا صبور

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ص ہو اُن کو چاہیئے کہ اس نقش کو اس وقت تیار کریں جب چاند منزل قلب میں ہو اس نقش کو بادی چال سے لکھکر اس پر سو مرتبہ آیت صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّکْرِ بَلِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فِیْ عِزَّۃٍ وَّشِقَاقٍ پڑھکر دم کردیں اور نقش کو اپنے گلے میں ڈالیں

اھجمائیل ۷۸۶ اھجمائیل

۱۸	۲۳	۲۱	۲۸
۲۹	۲۰	۲۶	۱۵
۲۴	۱۷	۲۷	۲۲
۱۹	۳۰	۱۶	۲۵

اھجمائیل بحق یا صمد اھجمائیل

ض

مزاج بادی اور مکتوبی اعداد ۸۰۰ اور ملفوظی اعداد ۸۰۵ ہیں۔ مؤکل عطکائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ پڑھیں۔ اس وقت جب قمر منزلِ مقدم میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۶ ویں منزل ہے۔ اگر بامؤکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یاعطکائیل بحق ضاد۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوتا ہے یا ضارُ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۳۰۷ بار ہوا ہے۔

● ۔ اگر اس حرف کو آٹھ سو بار پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر پھونک دیں اور یہ کھانا کسی مرگی والے یا دل کے مرض والے کو کھلا دیں تو اللہ کے فضل سے وہ ٹھیک ہو جائے۔

● ۔ ہر طرح کے دَوروں میں یہ عمل مفید ثابت ہوتا ہے اور مریض کو دوروں سے نجات مل جاتی ہے۔ لیکن خاص طور سے مرگی میں یہ عمل زیادہ کارگر ثابت ہوتا ہے۔

● ۔ عداوت کے لئے جب آفتاب برج دلو کے ۱۳ ویں دَرجے میں ہو تو ۱۲ مرتبہ حرف ضاد کاغذ پر لکھ کر ہوا میں لٹکا دیں۔ متعلقہ افراد کے نام مع والدہ کے لکھیں۔ اور لکھنے کے دوران پیاز کی دھونی لیں۔ انشاء اللہ دونوں کے درمیان جدائی واقع ہوگی۔ لیکن یہ یاد رہے کہ اس طرح کے عمل صرف ناجائز تعلقات کو ختم کرانے کے لئے کرنے چاہئیں۔ خواہ مخواہ کسی کا گھر برباد کرنا یا دو دلوں میں دیواریں کھڑی کرنا حرام ہے۔

● ۔ اگر حرفِ ضاد ۹۰ مرتبہ لکھ کر چینی کی پلیٹ پر خالص شہد سے دھو کر

مریض کو پلائیں - تو مرض کیسا بھی ہوگا انشاء اللہ اس سے نجات مل جائیگی

● - اگر حرف ضاد آٹھ سو مرتبہ کسی بھی کھانے کی چیز پر دم کر کے کسی پاگل کو ۸ دن تک کھلائیں تو اس کا پاگل پن دور ہو۔

● - حرف ضاد کا نقش ہر طرح کی بیماری میں ذریعہ شفاء بنتا ہے۔ اس کو زرد کاغذ پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں - اور زرد ہی رنگ کے کپڑے میں پیک کریں -

نقش یہ ہے -

۱۹۲	۲۰۶	۲۰۳	۱۹۹
۲۰۴	۱۹۸	۱۹۳	۲۰۵
۱۹۷	۲۰۱	۲۰۸	۱۹۴
۲۰۷	۱۹۵	۱۹۶	۲۰۲

● - چار کاغذ کے ٹکڑوں پر حرف ضاد دو سو مرتبہ لکھ کر یعنی ایک کاغذ پر دو سو مرتبہ ۴ کاغذ کے ٹکڑوں پر ۸۰۰ مرتبہ ہو جائے گا لکھ کر فتیلہ بنا کر تلوں کے تیل میں گھر کے چاروں گوشوں میں چراغ جلائیں - انشاء اللہ اس گھر میں کیسے بھی اثرات ہوں گے دفع ہو جائیں گے - اور کیسی بھی نحوست ہوگی وہ بھی ختم ہو جائے گی - اگر ایک مرتبہ کے عمل سے بات نہ بنے تو اس عمل کو دو تین مرتبہ دوہرائیں - انشاء اللہ فائدہ محسوس کریں گے اور گھر کی بلائیں اور نحوستیں ختم ہو جائیں گی -

● - اگر حرف ضاد کسی کاغذ پر ۸۰۰ مرتبہ لکھ کر اس کو کسی تیل میں ڈال دیں پھر اس تیل سے اس جگہ کی مالش کریں جہاں درد ہو تو انشاء اللہ درد

رفع ہو جائے گا۔

● اگر حرف ضاد کا نقش مندرجہ ذیل انداز سے بنا کر اس دکان میں لٹکا دیں جس کی بندش کا شبہ ہو تو اللہ کے فضل وکرم سے بندش ختم ہو جائے۔ نقش اس طرح بنائیں۔

ض ض ض ض ض ض ض ض

مُشکِل آسان شود
بحقِ یا عنادُ

دفعِ آسیب کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گھر میں لٹکائیں۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں میں تاثیر ظاہر ہوگی۔ اور آسیبی اثرات سے نجات مل جائے گی۔

نقش یہ ہے۔

بحق جبرائیل
بحق اسرافیل
بحق عزرائیل
بحق میکائیل

اس نقش کو کالے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے لٹکائیں۔

● کیسی بھی مہلک بیماری ہو حرف ضؔ کو ۸۰ مرتبہ لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی۔

جن حضرات وخواتین کے نام کا پہلا حرف ض ہو اُن کو چاہیے کہ اس نقش کو اس وقت لکھیں جب چاند منزل مقدم میں ہو۔ اس نقش کو بادی چال سے لکھ کر اس پر سو مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر دیں۔ یُضِلُّ اللّٰہُ الظّٰلِمِیْنَ وَیَفْعَلُ اللّٰہُ مَا یَشَآءُ۔

عطکائیل	۷۸۶		عطکائیل
۱۹۵	۲۰۱	۱۹۸	۲۰۶
۲۰۷	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۲
۲۰۲	۱۹۴	۲۰۵	۱۹۹
۱۹۶	۲۰۸	۱۹۳	۲۰۳
عطکائیل	بحق یا ضار		عطکائیل

ط

مزاج آتشی مکتوبی اعداد ۹۔ ملفوظی کو عداد ۱۰۔ مؤکل کا نام اسمٰعیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس کو ۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل طرفہ میں ہو یہ چاند کی نوی منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ بامؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا اسمٰعیل بحق طا۔

قرآن حکیم میں یہ حرف ۱۲۷۷ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

ارباب تحقیق فرماتے ہیں کہ یہ حرف دشمنوں سے حفاظت اور اُن کی ہلاکت کے لئے خصوصی تاثیر رکھتا ہے۔ جو شخص دشمنوں کی ریشہ دوانیوں

سے پریشان ہو وہ شخص اس حرف کو روزانہ نوے مرتبہ پڑھا کرے۔
انشاء اللہ دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ ہو جائے گا۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا دشمن برباد ہو جائے تو اس نقش کو تانبے کی تختی پر کندہ کر کے منگل کے دن پہلی ساعت میں کسی اندھے کنوئیں میں ڈال دیں۔ ایسے کام کے لئے شرعی فتوی ضرور حاصل کرلیں۔ ورنہ آخرت میں نقصان اٹھانا پڑے گا۔ بلا وجہ کسی کو پریشان کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٩٩٩	٩	٩٩
٩	٩	٩
٩	٩	٩
٩	٩	٩
	٩	

دشمن کا نام مع اسم والدہ

اگر کوئی شخص دشمنوں میں پھنس جائے تو ناخن سے بغیر روشنائی کے اپنی ہتھیلی پر حرف "طا" ایک مرتبہ لکھے اور ۹ مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر وہاں سے نکل جائے۔ انشاء اللہ کوئی راستہ روکنے پر قادر نہیں ہو سکے گا۔

جس وقت برج عقرب کا نہم درجہ طلوع ہو تو ۱۹ حروف سفید پیالی پر لکھے نیچے دو آدمیوں کے نام لکھ دیئے جائیں۔ ان دونوں کے درمیان نفرت پیدا ہو جائے گی۔ اس طرح کے عملیات ناجائز تعلقات کو ختم کرانے کے لئے کرنے چاہئیں۔ ورنہ گناہ عظیم ہوگا۔

- جب برجِ عقرب کا نواں درجہ ہو تو حرف طا کو ۹ مرتبہ برگد کے پتے پر لکھ کر ان دو شخصوں کے نام لکھیں جن کے درمیان پھوٹ ڈلوانی ہو۔ پھر اس پتے کو کسی کنوئیں میں ڈال دیں بحکمِ خدا دونوں کے درمیان اختلاف پیدا ہو جائے گا۔
- اگر ایک ہزار دو سو مرتبہ اس حرف کو کسی کاغذ پر لکھ کر اس کاغذ کو پانی میں ۲۴ گھنٹے گھول کر اس پانی سے حلوا تیار کر کے ان دو شخصوں کو حلوہ کھلائیں جن میں محبت کرانی ہو تو دونوں میں محبت پیدا ہو گی۔
- اگر نو سو مرتبہ حرف "ط" لکھ کر نہر کے پانی میں گھول کر عاشق کو پلا دیں تو اس کے دل سے عشق زائل ہو جائے گا۔
- اگر اس حرف کو ۹ مرتبہ اور حرف ہ کو ۵ مرتبہ کسی سیسے کی تختی پر لکھ کر اس وقت جب قمر منزل طرف میں ہو اور اس حرف کی عزیمت لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو ساری دنیا مرعوب ہو جائے۔
- اگر حرف طا کو ایک ہزار دو سو مرتبہ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر طالب و مطلوب کو ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ لکھ کر اس نقش کو شربت میں گھول کر دونوں کو پلائیں۔ تو دونوں میں زبردست محبت پیدا ہو گی۔
- اگر حرف طا ۹۰۹ مرتبہ لکھ کر مطلوب کا نام نیچے لکھ کر عاشق کو پلا دیں تو عشق زائل ہو جائے اور اس کے دل سے مطلوب کی محبت ختم ہو جائے۔
- اگر کسی کاغذ پر ۹ مرتبہ حسبِ ذیل انداز سے حرف ط لکھ کر اس بچے کے گلے میں ڈال دیں جو بہت ضدی ہو تو اس کی ضد ختم ہو جائے گی۔

Qureshi R.W

نقش اس طرح بنائیں۔

۷۸۶

ط	ط	ط	ط	ط	ط
ط	ط	ط			

● ۔ بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جو شخص حرف طا کا نقش مثلث ۹ × ۹ لکھکر اپنے پاس رکھے گا، وہ دورانِ سفر کبھی تھکان محسوس نہیں کرے گا۔

● ۔ اگر کوئی اس حرف کو تین سطروں میں ۹ مرتبہ لکھکر اس سے ارد گرد اضمار لکھدے اور پھر اس کو ہرے کپڑے میں پیک کر کے دُکان میں لٹکا دے تو دُکان میں خوب برکت ہو۔

● ۔ اگر کوئی اس حرف کو ۱۹ مرتبہ لکھکر اپنے تکیہ میں رکھ لے تو بد خوابی سے محفوظ ہو جائے۔

● ۔ اگر کوئی شخص اس حرف کو سو مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھے تو اُس کے فہم و ادراک میں اضافہ ہو۔

● ۔ اگر کسی شخص کا بخار نہ اُترتا ہو تو اس شخص کے گلے میں ۹ مرتبہ حرف طا لکھ کر لٹکا دے۔ انشاء اللہ بخار چند دن میں اُتر جائے گا۔

کند ذہن انسان اگر اس حرف کو روزانہ نوّے مرتبہ نوّے دن تک پڑھے تو اس کی کند ذہنی رفع ہوگی۔

اس حرف کی ریاضت ۱۴ روز کی ہوتی ہے۔ اس کے مؤکل کا نام ھطیائیل ہے۔ اس حرف کا اضمار یہ ہے۔ اَجِبْ اَیُّھَا الْمَلِكْ

هطیا ئیلُ بحقِّ شمھط شمھیط شمھوطط شلخ اجب وتوکّل بکذا وکذا العجل الوحا ولاحولَ ولاقوّۃَ اِلّاَ باللہِ العلیِّ العظیم۔

شیخ محمد عبداللہ مغربی فرماتے ہیں کہ انسان کو بلوانا، غائب کو حاضر کرنا، مسافر کو حاضر کرنا اور روحانیت کو ظاہر کرنا اس حرف کے ذریعے عین ممکن ہے۔ خواہ یہ لوگ کوسوں دُور ہوں۔ اس حرف کی عزیمت کو ہرن کی کھال پر لکھکر یا سفید کاغذ پر لکھکر فتیلہ بناکر چراغ میں روشن کریں۔ اور چراغ کے پاس بیٹھکر اس عزیمت کو چالیس مرتبہ پڑھیں۔ اس حرف کا بخور جلاتے رہیں۔ اس کا بخور عود اور زعفران ہے انشاءاللہ رُوحانیت حاضر ہوگی۔ عامل اس سے قول و قرار کرلے اور اس کو اس کا پابند کرے کہ میں جب بھی طلب کروں گا۔ تمہیں آنا ہوگا۔

عزیمت یہ ہے۔ یا شمخشال یا طمھطیال، طال یا جعط طیطال یا وعطھطیال یا وخطیطال یا مخمصطال اقسمتُ علیکمُ بالحروف الاعظم وصاحب المقام الاقوم والمحال الافخم ان تسمعوا وتطیعوا وتجیبوا للداعی وتسمعوا قولی وبلغوا لما اریدُ ــــــ فی ما ارید کیف ما ازید وتصنعوا اردت من الافعال۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کسی شخص نے حروف تہجی کی حسب قاعدہ زکوٰۃ ادا کر رکھی ہے اور حرف طا کی زکوٰۃ بھی ادا کر رکھی ہے تو اس شخص کے لئے حرف طا کے عملیات ایک بیش قیمت دولت ہیں۔ اس لئے وہ شخص جو حروف تہجی کا عامل ہوتا ہے اس کے عملیات بہت کم خطا کرتے ہیں۔ اور اللہ کے فضل وکرم سے وہ علم الحروف سے بھرپور فائدہ

اٹھتا ہے۔

جن حضرات کے نام کا مفرد عدد ۹ ہوتا ہے وہ لوگ اگر اس حرف کو ۹ مرتبہ لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور وہ حضرات جن کا نام حرف ظ سے شروع ہوتا ہے وہ لوگ بھی اگر اس حرف کو ۹ مرتبہ لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں تو اللہ کے فضل و کرم سے انہیں قدم قدم پر عزت و دولت نصیب ہو۔

یہ تمام باتیں یقین سے تعلق رکھتی ہیں۔ لیکن اس طرح کے عملیات سے استفادہ کرتے وقت یہ یقین بھی دل میں جاگزیں ہونا چاہئے کہ اُن کی حیثیت اسباب و تدابیر کی سی ہے۔ دینے والی ذات ہر حال میں اور ہر صورت میں ربّ العٰلمین کی ہے۔ کسی بھی حرف کو اور کسی بھی عدد کو فی ذاتہٖ مؤثر سمجھ لینا شرک ہے۔ اور ہر مسلمان کو شرک سے دُور رہنا چاہئے۔ اسی میں اس کی فلاح ہے۔

مزاج آبی۔ اعداد مکتوبی ۹۰۰، اور اعدادِ ملفوظی ۹۰۱ ہیں۔

مؤکل کا نام لوزائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ مؤخر میں ہو۔ یہ چاند کی ۲۷ ویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا لوزائیل بحق ظا، اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک

صفاتی نام یا ظاہرُ شروع ہوتا ہے۔ یہ حرف قرآن حکیم میں ۸۴۲ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

اگر کوئی شخص کسی ظالم سے ڈرتا ہو تو اس حرف کو ستّر مرتبہ پڑھکر ظالم کے گھر کی طرف رُخ کر کے پھونک مارے تو اس کے دل سے خوف و دہشت ختم ہو جائے گی۔

اگر دو افراد کے درمیان عداوت کرانی ہو تو جب آفتاب برج دلو میں ۱۳ درجے پر ہو تو ظ کسی شیشے پر ساٹھ مرتبہ لکھکر کسی درخت پر لٹکا دیں۔ اس شیشے پر اُن دو افراد کے نام بھی مع اُن کی ماؤں کے لکھیں۔ جلد ہی دونوں میں جدائی واقع ہو جائے گی۔ لکھتے وقت سُرخ مرچ کی دھونی دیں۔

اگر پانچوں وقت کی نماز کے بعد ۹۰۰ مرتبہ حرف "ظ" پڑھا جائے تو دُنیا مسخر ہو جائے۔

اگر حرف "ظا" کو ۹۰۰ مرتبہ لکھکر کسی مرگی والے کے گلے میں ڈالیں تو اللہ کے فضل و کرم سے مرگی ختم ہو جائے گی۔

جو شخص دنیا میں اپنی شہرت و مقبولیت چاہے وہ سفید ریشم کے کپڑے پر ہرے رنگ سے حرف "ظ" ۹ مرتبہ جمعہ کی پہلی ساعت میں لکھے۔ عروج ماہ میں لکھے تو بہتر ہے۔ پھر اس پر ۹۰۰ مرتبہ حرف "ظا" پڑھ کر دم کر دے اور اس کپڑے کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ کچھ ہی دنوں کے بعد زبردست شہرت و مقبولیت حاصل ہو گی۔ حرف ظا کو ریشم کے کپڑے پر اس طرح لکھیں۔

ظ	ظ	ظ
ظ	ظ	ظ
ظ	ظ	ظ

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کا وقار ہمیشہ قائم رہے اور
اپنوں اور بیگانوں میں اس کو ایک طرح کی فوقیت حاصل رہے تو
اس کو چاہیئے کہ حرف ظا کا نقش مربع اتوار کے دن پہلی ساعت میں
بنا کر اپنے دائیں بازو پر باندھیں۔ انشاء اللہ چند ہفتوں کے بعد اس کو
اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔ نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۲۳۱	۲۱۷	۲۲۴	۲۲۸
۲۲۳	۲۲۹	۲۳۰	۲۱۸
۲۲۶	۲۲۲	۲۱۹	۲۳۳
۲۲۰	۲۳۲	۲۲۷	۲۲۱

بحق ظا ہر

ع

مزاج خاکی۔ اعداد مکتوبی ۷۰، اعداد ملفوظی ۱۳۰ ہیں۔ موکل کا نام لومائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھنا چاہیئے۔ جب قمر منزلِ زبانا میں ہو۔ اگر زکوٰۃ یا موکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا لوعائیل بحق عین۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۶ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا عزیزُ یا علیمُ یا عظیمُ یا علیُّ یا عفوُّ، یا عدلُ۔ یہ حرف قرآن حکیم میں ۹۲۲۰ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

بُرج اسد کا جب دوسرا درجہ طلوع ہو تو ۴ "ع" تانبے کی لوح پر لکھیں۔ اور اس کے نیچے طالب و مطلوب کے نام اور اُن کی ماؤں کے نام لکھیں۔ اس کے بعد اس لوح کو آگ میں دفن کر دیں۔ لکھنے کے دوران پیپل کے کوئلے کی دھونی دیں۔ تو طالب و مطلوب کے درمیان زبردست محبت پیدا ہو جائے گی۔

اگر ۷۰ مرتبہ مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر حرف ع لکھیں اور طالب و مطلوب کے نام بھی لکھیں۔ پھر اس کو میٹھے پانی سے دھو کر مطلوب کو پلائیں۔ تو مطلوب طالب سے بے پناہ محبت کرنے لگے۔

اگر ۱۰ مرتبہ ع پھٹکری کے پانی سے یا کبوتر کے خون سے لکھ کر برگِ ترنج اور گلاب کے پانی سے دھو کر قولنج کے مریض کو پلائیں تو اللہ کے فضل و کرم سے صحت یاب ہو جائے۔

اگر زہرہ و مشتری کی تسدیس کے وقت مشک و زعفران و گلاب سے غ سات سو مرتبہ لکھ کر اپنے نام کے اعداد بھی مع اسم والدہ کے لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے تو مقصد میں کامیابی نصیب ہو۔ اگر زہرہ و مشتری کی تسدیس کے وقت مشک و زعفران و گلاب سے غ ۷ مرتبہ لکھ کر اس کے پیٹ میں مطلوب کا نام لکھ کر نیچے طالب کا نام لکھ کر طالب کے دائیں بازو پر باندھ دیں تو مطلوب کے دل میں بے اندازہ محبت قائم ہو جائے اور وہ طالب کا گرویدہ ہو جائے۔

غ

مزاج خاکی۔ اعداد مکتوبی ۱۰۰۰، اور اعداد ملفوظی ۱۰۶۰ ہیں۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل رشا میں ہو یہ چاند کی ۲۸ ویں منزل ہے اگر زکوٰۃ باموکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اَجِبْ یَا لوخائیلُ بحق غین۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۳ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یَا غَنِیُّ، یَا غَفُوْرُ، یَا غَفَّارُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۲۲۰۸ مرتبہ ہوا ہے — موکل لوخائیل ہے۔

● - اگر برج دلو کے ۹ درجے کے وقت نحس ساعت میں ایک ہزار غ برہنہ قبرستان میں جا کر مُردے کے کفن پر لکھ کر دشمن کے گھر میں

دفن کر دے تو دشمن کا خانہ خراب ہو۔

- اگر ساعت نحس میں ایک ہزار مرتبہ غ پڑھ کر دشمن کے گھر کی طرف پھونک مار دے تو دشمن رسوا و برباد ہو۔

- اگر مٹی کی پلیٹ پر نو سو مرتبہ غ لکھ کر اس کو الٹا کر کے جس گھر میں دفن کر دیں تو اس گھر کے لوگ سکون و عافیت سے محروم ہو جائیں اور بالآخر گھر چھوڑ کر چلے جائیں۔

واضح رہے کہ اس طرح کے عملیات صرف اس وقت کرنے چاہئیں جب دشمن حد سے زیادہ فاسق و فاجر اور حد سے زیادہ ظالم و جابر ہو۔ ناحق کسی کو پریشان کرنا یا برباد کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ اور اس طرح کے گناہ کی سزا بھی سخت ترین ہے۔ ہم نے کتمان حق سے بچنے کے لئے اور عملیات کی تکمیل کے لئے اس طرح کے عملیات نقل کر دیئے ہیں۔ لیکن ہم اپنے قارئین سے اس بات کی تاکید کرتے ہیں کہ وہ صرف جائز معاملات میں اس طرح کے عملیات کریں۔ اور ناجائز امور میں اس طرح کے منفی عملیات سے دور رہیں۔ اور ہر حال میں اپنے رب کی پکڑ سے ڈریں۔

ف

یہ حرف مزاج کے اعتبار سے آتشی ہے۔ اعداد مکتوبی ۸۰ ہیں، اعداد ملفوظی ۸۱ ہیں۔ مؤکل سرحمکائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ اکلیل میں ہو یہ چاند کی ۱۷ ویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ بامؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا سرحمکائیل بحق فا۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام شروع ہوتا ہے۔ "یا فتاح"

قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۸۴۹۹ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔ اگر کوئی شخص اس حرف کو ۸۰ روز تک ۸۰ مرتبہ پڑھکر دشمن کیطرف کو پھونک مارے تو دشمن تباہ و برباد ہو جائے

● ۔ اگر کوئی شخص بھاگ جائے تو نئے ٹاٹ پر ایک ہزار مرتبہ یہ حرف لکھکر مفرور کا نام مع اسم والدہ لکھکر آگ میں جلائے۔ انشاء اللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔ اس عمل کو ایک ہزار مرتبہ پڑھکر اللہ کے فیصلے کا انتظار کریں۔

● ۔ اگر اسّی مرتبہ کسی چینی کی پلیٹ پر "ف" لکھکر پانی سے دھو کر اس عورت کو پلائیں جو ولادت کے درد میں مبتلا ہو تو فوراً بچہ پیدا ہو جائے۔ اور قطعاً تکلیف نہیں ہو گی۔

● - اگر عورت و مرد میں ناجائز تعلقات ہوں اور کوئی انھیں ختم کرنا چاہے تو جس وقت برج جدی اول درجے ۲۹ دقیقے پر طلوع ہو۔ تو بکری کے شانے پر ۸۰ مرتبہ حرف "فا" لکھ کر چاروں طرف "یا جبرائیل یا عزرائیل یا میکائیل یا اسرافیل لکھے اور کسی قبرستان میں دفن کردے، لکھتے وقت ببیل کے سوکھے ہوئے پتوں کی دھونی لیتا رہے۔ انشاءاللہ بہت جلد مرد و عورت میں جدائی پیدا ہو گی۔

● - اگر نو ہزار مرتبہ حرفِ فا کپڑے پر لکھکر چاروں مؤکلین کے نام مشک و زعفران سے لکھے ساعتِ زہرہ یا ساعتِ مشتری میں جب کہ اُن پر دو سیارگان کے مابین نظر تسدیس یا نظر تثلیث واقع ہو۔ پھر چوب انار یا بیری کے ۳ پائے بنا کر اور پھر تانبے کا چراغ رکھیں۔ اس میں مصری و شہد خالص در روغنِ زرد ملا کر نقش کا فتیلہ رکھے ـــــ اور اس کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کرے اور یہ عمل خلوت میں کرنا واجب ہے جہاں غیر کا دخل نہ ہو۔ اور پھر طالب و مطلوب کے مکمل ناموں کے اعداد کی تعداد کے مطابق عزیمت "یا فارجی یا سرحمائیل" پڑھے یا ۹ ہزار بار یہ عزیمت پڑھے۔ مطلوب فوراً حاضر ہو گا۔

● - اگر کسی کے کاروبار کو بند کرنا مقصود ہو تو اس کے نام کو حرف فا میں امتزاج دیکر اس کو مالِ تجارت میں رکھدیں۔ تجارت اس کی بند ہو جائے گی۔ اور ۲۰ مرتبہ حرفِ فا کسی مکان کے دروازے پر لکھکر چپکا دیں تو وہ مکان خالی ہو جائے گا۔ اگر حرفِ فا کا نقش لکھ کر کسی گھر میں چسپاں کر دیں تو وہاں کی خیر و برکت اُڑ جائے گی۔

نقش اگلے صفحہ پر دیکھئے۔

۷۸۶

۱۹	۲۳	۲۶	۱۲
۲۵	۱۳	۱۸	۲۴
۱۴	۲۸	۲۱	۱۷
۲۲	۱۶	۱۵	۲۷

ق

یہ حرف مزاج کے اعتبار سے آبی ہے۔ اس کے اعداد مکتوبی ۱۰۰ ہیں اور اعداد ملفوظی ۱۸۱ ہیں۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل شولہ میں ہو یہ چاند کی ۱۹ ویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ باموکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا عطرائیل بحق قاف۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۵ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔
یا قدوس، یا قابض، یا قادر، یا قوی، یا قہار۔ قرآن مجید میں اس حرف کا استعمال ۶۸۱۳ مرتبہ ہوا ہے۔ اس کے مؤکل کا نام عطرائیل ہے۔

اگر کسی دشمن کی خواب بندی کرنی ہو تو اس طرح نقش بنائیے۔ اور نقش کے نیچے دشمن کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھ کر قبرستان کی زمین میں دفن کر دے۔ دشمن کی نیند اڑ جائے گی۔ اس مثالی نقش میں نقش کے چاروں طرف دس دس قاف بنائے گئے ہیں۔ لیکن نقش بناتے

وقت چاروں طرف ۱۰۰ قاف بنانے چلے جائیں۔

۷۸۶

ق ق ق ق ق ق ق ق

ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق

ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق ق

ق ق ق ق ق ق ق ق

ساعتِ عطارد میں کسی زرد رنگ کے کاغذ پر دو سو مرتبہ ق لکھکر طالب و مطلوب کا نام لکھکر اُن کی ماؤں کے نام کے ساتھ بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں تو مطلوب کی نیند اُڑ جائے گی۔ اور اُس وقت تک اُڑی رہے گی جب تک وہ طالب سے ملاقات نہ کرلے۔

محبت کے لئے کسی سفید کاغذ پر ۱۰۰ مرتبہ ق لکھکر طالب و مطلوب کے نام حسبِ قاعدہ لکھکر کسی درخت پر تعویذ لٹکا دیں۔ تعویذ کو ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کرلیں۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر طالب سے آملے گا۔

اگر کسی مقصد کے لئے حرف "ق" کو ۱۰۰ مرتبہ ۱۰۰ دن تک لگاتار پڑھے تو مقصد میں انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ حرف قاف قوی کو تقویت دیتا ہے۔

اگر کوئی شخص اس حرف کو ۲۱ مرتبہ لوہے کی تختی پر لکھکر بازو پر

باندھ لے تو بھاری سے بھاری پتھر اٹھا لے۔

حرف قاف کو اللہ نے قوت کا سرچشمہ بنایا ہے۔ جو شخص حرف قاف کے اعداد نقش مربع کی شکل میں اتوار کے دن پہلی ساعت میں شیر کی کھال پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھ لے تو درندے اور وحشی جانور اور جن وانس اس سے خوف کھانے لگیں۔

اگر حرف قاف کا دائرہ بنا کر کوئی عامل اس دائرے میں بیٹھ کر کوئی عمل کرے تو کوئی جن وغیرہ اس کو نقصان نہ پہنچا سکے۔

حرف قاف کا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۳۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

بحق یا قوی یا قدیم یا قادر یا قہار یا قائم

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ حرف "قاف" پڑھ کر سو مرتبہ یہ پڑھے۔ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ۔ اس کے بعد اپنے مقاصد کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ مقاصد میں بھرپور کامیابی عطا ہوگی۔ بہت ہی عجیب و غریب عمل ہے۔ اور بزرگوں کی خاص عطا ہے۔ جو آپ کی خدمت میں بلا تامل پیش کر دیا ہے۔ آپ اس سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ اور ناچیز کو بھی دعائے خیر میں یاد رکھیں۔

مزاج آبی۔ اعداد مکتوبی ۲۰ اعداد ملفوظی ۱۰۱ ہیں۔ موکل حروزائیل ہے
اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت
پڑھیں جب قمر منزلِ نثرہ میں ہو، یہ چاند کی ۱۱ویں منزل ہے۔
اگر زکوٰۃ یا موکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا حروزائیل
بحق کاف۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کے تین صفاتی نام شروع ہوتے ہیں
یا کبیرُ یا کفیلُ یا کریمُ۔ یہ حرف قرآن حکیم میں ۹۵۹۲ مرتبہ استعمال ہوا ہے

● - اگر زہرہ یا مشتری یا قمر کی ساعت میں ایک سو بیس مرتبہ حرف کٓ
لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ اور ہر روز دو سو مرتبہ حرفِ کٓ پڑھ کر اپنے اوپر
دم کرتا رہے تو لوگوں کی نظروں میں محبوب ہو جائے۔

● - اگر کوئی شخص اس نقش کو لکھ کر اس کے چاروں طرف ۲۰ کاف
لکھ کر اپنے پاس رکھے پھر ہر روز رات کے وقت دو سو مرتبہ پڑھ کر
اپنے اوپر پھونکے تو لوگوں کی نظروں میں مقبول اور باوقار ہو جائے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ک ک ک ک ک

۹۹	۱۰۲	۱۰۵	۹۲
۱۰۴	۹۳	۹۸	۱۰۳
۹۴	۱۰۷	۱۰۰	۹۷
۱۰۱	۹۶	۹۵	۱۰۶

ک ک ک ک ک

ک ک ک ک ک

ک ک ک ک ک

● ۔ دشمنوں کی زبان بندی اور حاسدوں کے حسد سے بچنے کے لئے
جب بُرج جوزا ۲۰ درجے تک پہنچے تو کاغذ پر چالیس ۴۰ حرف کاف لکھے۔
اور اس کو موم کے اندر کر کے کسی پتھر کے نیچے دبا دے اور نیچے ایک سطر
میں دشمنوں کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لکھ دے۔ انشاء اللہ سب
کی زبان بند ہو جائے گی۔ لکھتے وقت مصطگی کی دھونی دے۔

● ۔ اگر حرف کاف کو اس انداز سے لکھ کر اپنے گھر میں چسپاں کر دیں۔
تو خیر و برکت خوب ہو۔

جبرائیل میکائیل
ک
اسرافیل عزرائیل

● ۔ اگر کوئی شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو۔ اور کسی جگہ سے بھاگنے کا
ارادہ کرے اور یہ چاہے کہ کوئی شخص اس کو نہ دیکھ سکے تو اس کو چاہئے
کہ بدھ کے دن ساعتِ عطارد میں جو سورج نکلنے کے بعد پہلی ساعت
ہوتی ہے۔ اس میں سو مرتبہ حرف ک ایک کاغذ پر دس سطروں میں
دس دس ۱۰ مرتبہ لکھ لے اور اس کاغذ کو دائیں بازو پر باندھ لے۔ اور
اس کے بعد سات سو مرتبہ حرف کاف کو باموکل پڑھے۔ اس طرح۔ یا
کاف بحق حرو دائیل۔ اس عمل کے اول و آخر سات ۷ مرتبہ درود شریف
اور سو سو ۱۰۰ مرتبہ یا کریم یا کفیل یا کافی ۱۰۰ پڑھے۔ اور اپنے دونوں ہاتھ پر
دم کر کے اپنے چہرے پر مل لے۔ انشاء اللہ دشمنوں کو نظر نہیں آسکے گا
یقین کے ساتھ یہ عمل کر کے جہاں جانا ہو چلا جائے۔ انشاء اللہ کوئی
نہیں دیکھ سکے گا۔

بہت ہی قیمتی عمل ہے۔ اس عمل کو بطورِ آزمائش عمومی حالات میں کر کے تجربہ کریں۔ اس کے بعد خصوصی حالات میں اس سے فائدہ اٹھائیں۔ اور اپنے دشمنوں کے سامنے سے گزر جائیں۔ انشاء اللہ کوئی نہیں دیکھ سکے گا۔

● ۔ اگر حرف کاف کو دو سو مرتبہ صبح اور دو سو مرتبہ شام کو پڑھ لے اور ہر فرض نماز کے بعد بیس مرتبہ پڑھ لیا کرے، تو زبردست تسخیر حاصل ہو۔

● ۔ حرف کاف کو اگر دو سو مرتبہ چاروں سمت کی طرف رُخ کر کے پڑھ لے۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر بھی دو سو مرتبہ پڑھ لے تو مُراد پُوری ہو۔ سب سے پہلے مغرب کی طرف رُخ کر کے پڑھے پھر مشرق کی طرف۔ اس کے بعد شمال کی طرف رُخ کر کے پڑھے۔ اور آخیر میں جنوب کی طرف رُخ کر کے پڑھے۔ پھر سجدے میں جا کر پڑھے اور تعداد پُوری ہو جانے پر سجدے سے سر اٹھا کر، ہاتھ اٹھا کر دُعا مانگے۔ انشاء اللہ جو بھی مُراد ہو گی پُوری ہو گی۔

مزاج خاکی۔ اعداد مکتوبی ۳۰ اور اعداد ملفوظی ۷۱ ہیں۔ مؤکل لاطائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل صرفہ میں ہو۔ یہ چاند کی ۱۲ ویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا لطاطائیل بحق لام

اس حرف سے حق تعالیٰ کا ایک صفاتی نام یا لطیف شروع ہوتا ہے۔
قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۳۰۴۳۲ مرتبہ ہوا ہے۔
جب برج قوس ۱۹ درجے پر ہو تو ۸ لام کورے مٹی کے پیالے پر چاروں موکل جبرائیل، اسرائیل، میکائیل، عزرائیل نام کے ساتھ لکھے۔ لکھتے وقت صندل کا بخور لیں۔ آخر میں طالب و مطلوب کے نام مع اسماء والدہ لکھکر اس نقش کو چولہے کے نیچے اس طرح دبا دے کہ آنچ پہنچتی رہے۔ انشاء اللہ مطلوب کے دل میں طالب کی محبت پیدا ہوگی۔

● ۔چاندی یا سونے کے پترے پر اپنا نام مع والدہ کے لکھے اور اس کے ارد گرد ستر لام کا دائرہ کھینچ دے۔ اس کے بعد اس پترے کو دریا کے کنارے پر دبا دے۔ انشاء اللہ تمام مخلوق اطاعت کرے گی۔

● ۔کسی چھری پر ۷ مرتبہ لام لکھے اور ۷ مرتبہ لام پڑھ کر بادام کی دو گریوں پر پڑھے۔ اُن کو چھری سے ٹھوکا دیکر بادام کی گری نکال کر ایک گری مرد کو ایک گری عورت کو دے۔ ان کے درمیان کیسی ہی عداوت کیوں نہ ہو۔ باہم محبت پیدا ہوگی۔

● ۔اگر ہر روز وقت اور جگہ کی قید کے ساتھ دو سو بار حرف لام پڑھا کرے تو دشمنوں کی تکلیف دہی سے نجات پائے۔

● ۔لام کا نقش خشت حُب کے لئے پینے کیلئے دیا جائے تو مطلوب فوراً مسخر ہو۔

● ۔طریقہ اس کا یہ ہے حرف لام کا مثلث آتشی چال سے بنایا جائے اور اس کے چاروں طرف ۱۴ مرتبہ لام لکھا جائے اور نقش کے نیچے طالب و مطلوب کے نام لکھے جائیں۔ پھر یہ نقش میٹھے پانی میں گھول کر مطلوب کو

پلایا جائے ــــ انشاء اللہ فی الفور اس کا اثر سامنے آئے گا۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۱۱	۶	۱۳
۱۲	۱۰	۸
۷	۱۴	۹

الحب فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں

● اگر کوئی شخص ۳۰ مرتبہ رانگ کی تختی پر لکھ کر ۵ / رمضان کو اپنے پاس رکھے تو ہر برائی سے محفوظ رہے۔

م

مزاج آتشی۔ اعداد مکتوبی ۴۰ اور اعداد ملفوظی ۹۰ ہیں ــ مؤکل رومائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل عوا میں ہو یہ چاند کی ۱۳ ویں منزل ہے۔ اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۲۱ نام شروع ہوتے ہیں۔

یَا مُهَیْمِنُ، یَا مُصَوِّرُ، یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ، یَا مُقِیْتُ، یَا مُجِیْبُ یَا مَجِیْدُ، یَا مَتِیْنُ، یَا مُحْصِیُ، یَا مُبْدِیُ، یَا مُمِیْتُ، یَا مَاجِدُ، یَا مُقْتَدِرُ، یَا مَانِعُ

يَامُقَدِّمُ ، يَامُؤَخِّرُ ، يَامُتَعَالِي ، يَامُنْتَقِمُ ، يَامَالِكُ ، يَامُقْسِطُ ، يَامُغْنِيُ ، ـــــــ

یہ حرف قرآن حکیم میں ۶۵۳۵ مرتبہ استعمال ہوا ہے۔

● - جب سورج برج جوزا کے ۴ درجے پر ہو تو محبت کے لئے یہ عمل کریں - ۱۲۰ مرتبہ م لکھیں - اور طالب و مطلوب کے نام اُن کی والدہ کے ناموں کے ساتھ لکھیں ۔ لکھنے کے دوران خوشبو سلگائیں - اس کے اس نقش کو ایسی جگہ دبا دیں - جہاں اس کو آنچ پہنچتی رہے - انشاء اللہ چند ہی روز میں مطلوب بے قرار ہو کر طالب کے پاس پہنچ جائے گا۔

● - بعض ماہرینِ علم الحروف نے لکھا ہے - اگر یہ نقش سیسے پر کندہ کر کے استعمال میں لائیں تو زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے۔

● - شیخ ابو العباس بونیؒ نے لکھا ہے کہ جو شخص ۴۰ روز تک صبح اُٹھ کر نمازِ فجر کے بعد میم کی اس شکل پر ممہ پر نظر ڈالے اور ۴۰ مرتبہ روزانہ اس آیت کو پڑھے - قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تا حِسَاب (آیت سورۃُ آلِ عمران سپارہ ۳) تو اس کو زبردست فتوحات نصیب ہوں گی اور کامیابی ہر جگہ اس کے قدم چومے گی۔

● - اگر ہرن کی کھال پر سو مرتبہ میم لکھ کر سلاطین سے ملاقات کے وقت اپنی زبان کے نیچے دبائے یا اپنے دائیں ہاتھ میں دبا لے تو بادشاہ کی خصوصی عنایات اس پر ہوں۔

● - اگر ۴۰ مرتبہ م طشتری پر لکھ کر چالیس دن تک نہار منہ دھو کر پیئے تو حافظے میں زبردست اضافہ ہو۔

● - اگر کسی سے کوئی چیز طلب کرنی ہو - تو نوے مرتبہ میم زبان سے

ادا کرکے اس کے گھر کی طرف رُخ کرکے پھونک مارے اور ۴۰ دن تک لگاتار ایسا کرے۔ انشاء اللہ اس کا دل متوجہ ہوگا۔

● ۔اگر نوے مرتبہ میم پڑھ کر قرض دار کا تصور کرکے آسمان کی طرف منہ کرکے پھونک مارے اور اس عمل کو ۱۳ دن تک جاری رکھے تو انشاء اللہ قرض دار قرض ادا کردے گا۔

● ۔اگر حرف میم کا نقش مندرجہ ذیل طریقہ سے تیار کرکے طالب و مطلوب کے نام کے ساتھ لکھ کر طالب اپنے پاس رکھے تو مطلوب شدتِ محبت میں گرفتار ہوجائے گا۔ اور طالب سے ملے بغیر اس کو چین نہیں آئے گی۔ اس نقش کو ساعتِ قمر میں لکھیں۔

نقش اس طرح بنائیں۔

م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م
م	م	م	م	م	م

الحب فلاں ابن فلاں علی حبّ فلاں ابن فلاں

بحق یارو مائیل و بہ لطف و کرم یا مالکُ یا مومنُ یا مہیمنُ

ن

مزاج خاکی۔ اعداد مکتوبی ۵۰ اور اعداد ملفوظی ۱۰۶ ہیں۔
مؤکل حولائیل ہے۔

اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ سماک میں ہو۔ یہ چاند کی ۱۴ ویں منزل ہے اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا حولائیل بحق نون۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۲ نام شروع ہوتے ہیں۔ یا نُورُ یَا نَافِعُ۔ قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۴۵۱۹۰ مرتبہ ہوا ہے۔

● ۔ اگر گھوڑے کے نال پر ۲۱ مرتبہ حرف نؔ لکھکر طالب و مطلوب کے نام اُن کی ماؤں کے نام کے ساتھ لکھکر آگ میں ڈالدیں تو مطلوب کے دل میں طالب کی محبّت کروٹ لینے لگے۔ واضح رہے کہ اس طرح کے عمل جائز راستوں ہی میں کرنے چاہئیں۔ ناجائز کرکے گناہگار نہ ہوں

● ۔ اگر حرف نون ۵۰ مرتبہ لکھکر اپنے پاس رکھّے تو تمام موذی جانوروں سے حفاظت میں رہے۔

● ۔ جو کوئی اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھے گا اس کی تمام جائز حاجتیں انشاء اللہ پوری ہوں گی۔

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے۔

۷۸۶

ن ن

ن ن ن ن

ن ن ن ن ن ن ن

ن ن ن

ن

ن

ن ن

● - اگر فولادی چھری پر ایک سو مرتبہ حرف نون لکھکر دیوار میں گاڑ دیں اور دشمن کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھدیں جب تک یہ چھری دیوار میں گڑی رہے گی - دشمن کو نیند نہیں آئے گی - یہ عمل فاسق و فاجر دشمن کے لئے بہت ہی ظلم وستم سہنے کے بعد کرے - خواہ مخواہ کسی کو پریشان کر کے اللہ کے غضب کا مستحق نہ بنے -

● - اگر سرخ کاغذ پر حرف نون کالی روشنائی سے پچاس مرتبہ لکھکر اپنے گھر میں لٹکا لے تو تمام موذی جانوروں مثلاً سانپ بچھو وغیرہ سے گھر کی اور گھر میں رہنے والوں کی حفاظت رہے -

● - جب آفتاب برج ثور میں داخل ہو کر پچاس دقیقے پر پہونچے اس وقت ایک کاغذ پر ۸ بار حرف نون لکھے اور نیچے مطلوب اور اس کی والدہ کا نام لکھکر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے - انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو کر اظہار اطاعت کرے گا -

● - اگر کوئی شخص حرف ن کو پانچ سو مرتبہ لکھکر اپنے گھر میں لٹکائے تو اس کا گھر آفات سے محفوظ رہے گا -

● - حرف نون ن کا نقش کسی سے حاجت پوری کرنے کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔ نقش بنا کر طالب و مطلوب کا نام نقش کے نیچے لکھ دیں ۔ دو۲ نقش تیار کریں۔ ایک اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔ اور ایک نقش کو کسی پھلدار درخت پر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ چند ہی دنوں کے بعد مطلوب سے جو مقصد ہو گا وہ پورا ہو جائے گا۔ مثلاً اگر زید ابن سلمہ سے قرض لینا ہے۔ تو نقش اس طرح تیار کریں گے۔

۷۸۶

ن ن ن ن

۱۲	۱۵	۱۸	۵
۱۷	۶	۱۱	۱۶
۷	۲۰	۱۳	۱۰
۱۴	۹	۸	۱۹

اَجِبْ یَا حولائیل بحق نون

اللّٰھم قلب واَلِّف زید ابن سلمہ علیٰ حب ذاکر ابن سلمہ

برائے وصولیابی قرض یا مقلب القلوب والابصار

یا نور یا نافع

● - اگر گھر کی دیوار پر پچاس مرتبہ نون لکھ کر چسپاں کر دیا جائے تو گھر میں خیر و برکت رہے اور گھر نظرِ بد سے بھی محفوظ رہے۔

و

مزاج بادی، اعداد ۶، اعداد ملفوظی ۱۳ ہیں۔ مؤکل رفتمائیل ہے۔
اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ھنعہ میں ہو یہ چاند کی چھٹی منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ بامؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔ اجب یا رفتمائیل بحق واوٗ۔

اس حرف سے حق تعالیٰ کے ۸ صفاتی نام شروع ہوتے ہیں۔ یا وَھابُ، یا وَاسِعُ، یا وَدودُ، یا وکیلُ، یا وَاحدُ، یا وَاجدُ، یا وَالی، یا وَارِثُ۔

قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۲۵۵۳۶ مرتبہ ہوا ہے۔

● محبت کے لئے جب آفتاب برج اسد میں ہو تو ۳۶ ر واؤ تانبے کی تختی پر کندہ کر کے اور طالب و مطلوب کا نام اُن کی ماؤں کے نام کے ساتھ لکھ کر آگ میں دفن کر دیں تو بہت جلد مطلوب طالب کے قدموں میں آجائے گا۔

● اگر مطلوبہ مقاصد میں ناکامی ہو رہی ہو تو حروف واؤ کا ورد چھ سو مرتبہ روزانہ ۶۰ دن تک کریں۔ انشاء اللہ مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

● دشمن کی خواب بندی کے لئے ہرن کی دباغت شدہ کھال پر حرفِ واؤ ۹۹ مرتبہ اس وقت لکھیں جب قمر تحت الشعاع میں ہو اس پر دشمن اور اس کی ماں کا نام بھی لکھ دیں اور اس طرح لکھ دیں۔

"خوابُ بَند کردم فلاں ابن فلاں را"

اس کے بعد اس کو کہیں ہوا میں لٹکا دیں تو دشمن کی نیند اڑ جائے گی۔

● - اگر کسی کے سفر کی بندش کر دی گئی ہو تو صبح کو ۶۰ مرتبہ حرف واؤ کو ۱۱ دن، ۲۱ دن یا چالیس دن تک پڑھیں، انشاء اللہ بندش کھل جائے گی۔

● - واؤ اعداد مکتوبی ۶ اور اعدادِ ملفوظی ۱۳ اور اس کے اعداد عربی ۶۵ رہیں۔ ان کی مجموعی تعداد کل ۴۸ ہوتی ہے۔ ان میں سے حسب قاعدہ ۱۲ گھٹا کر ۳ سے تقسیم کیا جائے تو حاصل ۱۵۷ ہوئے ایک باقی بچا، اس لئے ساتویں خانہ میں ایک کا اضافہ ہو گا۔

نقش مثلث خاکی اس طرح بنے گا۔

۴۸۶

۱۶۰	۱۶۶	۱۵۸
۱۵۹	۱۶۱	۱۶۴
۱۶۵	۱۵۷	۱۶۲

اس کی عزیمت یہ ہے، اس نقش کے نیچے لکھ دیں۔

ودھوال - وجھوال - ولھوال - وعھوال - ورھوال - وخھوال - وغھوال -

یہ نقش عزیز خلائق کے لئے انشاء اللہ تیر بہدف ثابت ہو گا۔ شرط یہ ہے کہ وہ عامل اس کو تیار کرے۔ جس نے حرف تہجی کی زکوٰۃ نکال رکھی ہو یا جس نے حرف واؤ کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔

اگر کوئی شخص اس حرف کی زکوٰۃ ادا کرنا چاہے تو چاند کی چھٹی منزل

منزل ہفتہ میں ادا کرے، قمر منزل ہفتہ میں داخل ہونے کے بعد تقریباً ۴۲ گھنٹے تک اسی منزل میں رہتا ہے۔ اس وقت زکوٰۃ ادا کرنی چاہیئے۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کے لیئے ۴۴۴ مرتبہ اس طرح پڑھیں۔

اَجِبْ یَا رَفتما بیل بحقِ یا وَاوُ

دورانِ قرأت کافور کی دھونی لیں، اس طرح زکوٰۃ اصغر ادا ہو جائے گی اور یہ زکوٰۃ ایک سال تک کے لیئے کارآمد ہو گی۔

یہ حرف محبت اور دوستی کے کاموں کے لیئے خاص طور سے مؤثر ہے، یہ بعض امراض کے لیئے بھی مؤثر ترین ثابت ہوتا ہے مثلاً اگر کسی کو دست آ رہے ہوں تو حرف واؤ ۶ مرتبہ لکھ کر اس پر دعا پڑھ کر دم کر دیں اور پھر اس تعویذ کو مریض کے گلے میں ڈلوا دیں، انشاء اللہ فوراً دست بند ہو جائیں گے۔

دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا وَھَّابُ یَا وَاحِدُ یَا وَالِیُ یَا وَارِثُ یَا وَدُوْدُ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتَكَ یَمْتَثِلُوْنَ اَمْرِیْ مِمَّا لَكَ فِیْهِ وَمِنَّا اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○۔

یعنی بزرگوں نے فرمایا ہے کہ دعا کے ساتھ ساتھ اضمار بھی پڑھ کر دم کر دینا چاہیئے۔

اضمار یہ ہے۔

اَجِبْ یَا طَوْطَیَائیلُ، یَوْیُرْهُ هَدُرَهْ یَمُوْهُ وَدْ ذَدُوْهَابُ اَجِبْ وَتَوَكَّلْ بَنْدَا۔

اگر مذکورہ دعا اور اس اضمار کو ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے

تو قدر د منزلت میں اضافہ ہو اور نیکی کی توفیق عطا ہو۔

حرف واؤ کے ذریعہ ایک بغض و عداوت کا عمل بھی کیا جاتا ہے جو حد سے زیادہ مؤثر ہے، طریقہ اس کا یہ ہے کہ جب قمر برج سرطان میں داخل ہو تو سفید موم سے ایک پتلا بنایا جائے اور بھیڑ کی کھال پر ایک دائرہ بنائیں، اس دائرے میں طالب و مطلوب کے نام مع اسم والدہ لکھے جائیں اور نقش کے چاروں طرف ۴۴ واؤ اس طرح لکھے جائیں کہ ہر واؤ کے درمیان ۶۰ عدد لکھا جائے، پھر اس نقش کو موم کے پتلے کے پیٹ میں رکھ کر کسی قبر کے پیروں کی طرف دبا دیں۔ بہت جلد دونوں کے درمیان زبردست اختلاف پیدا ہو گا۔

واضح رہے کہ اس طرح کے عمل ناجائز تعلقات کو ختم کرنے کے لئے کرنے چاہئیں۔ اگر کوئی شخص کسی جائز تعلقات کو خراب کرنے کے لئے ایسا عمل کرے گا تو دنیا و آخرت میں وہ خود ذمہ دار ہو گا اور ممکن ہے کہ وہ خود بھی رجعت کا شکار ہو جائے۔

مزاج آتشی ۔ اعداد ملفوظی ۵ ہیں۔ اور مکتوبی ۶ ہوتے ہیں مؤکل دوریائیل ہے۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزل ہقعہ میں ہو۔ یہ چاند کی پانچویں منزل ہے۔ اگر زکوٰۃ با مؤکل ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں۔

اَجِبُ یا دور یائیلُ بحق ھا۔

اس حرف سے اللہ کا ایک صفاتی نام شروع ہوتا ہے۔ یَا هَادِیُ

قرآن حکیم میں اس حرف کا استعمال ۱۹۰۷۰ مرتبہ ہوا ہے۔

● یہ حرف محبت کے لئے تیر بہدف ہے۔ جس وقت آفتاب برج ثور میں داخل ہو اس وقت حرف ھا کو سات سو مرتبہ پڑھے مع موکل کے اور ساتھ ساتھ ہر سیکڑے میں طالب و مطلوب کے نام لیتا رہے اور ہر سیکڑے پر سیاہ مرچ پر دم کر کے آگ میں ڈالتا رہے، اس طرح سات سیاہ مرچوں پر پڑھ کر آگ میں ڈالے اور سیاہ مرچوں کی دھونی بھی لیتا رہے، بعدہٗ راکھ کو کپڑے میں لپیٹ کر اس میں تھوڑا سا موم اور شکر شامل کر کے مطلوب کی چوکھٹ پر دفن کر دے۔ انشاء اللہ مطلوب بے قرار ہو گا۔

● اگر حرف ہ کو ایک ہزار مرتبہ روزانہ با موکل پڑھے تو تمام اقارب واحباب محبت اور دوستی کا اظہار کرنے لگیں۔

● اگر پرانی قبر کی مٹی لے کر اس پر ستر مرتبہ حرف ہ پڑھ کر دشمن کے گھر میں ڈال دیں تو دشمن کا خانہ خراب ہو جائے۔

● اگر کسی فقیر پر فقر و فاقہ کا دور دورہ ہو تو کسی جوہڑ سے چالیس سنگریزے اٹھا لے اور ہر ایک سنگریزے پر چالیس بار حرف ہ پڑھ کر دم کرے اور اپنے گھر میں دفن کرتا رہے۔ لگاتار چالیس دن ایسا ہی کرے انشاء اللہ فقر و فاقہ سے نجات مل جائے گی۔

ی

مزاج بادی ۔ اعداد مکتوبی ۱۰، اعدادِ ملفوظی ۱۱ ہیں ۔ موکل سراکیطائیل ہے ۔ اگر اس حرف کی زکوٰۃ نکالنی ہو تو اس حرف کو ۴۴۴۴ مرتبہ اس وقت پڑھیں جب قمر منزلِ جبہہ میں ہو یہ چاند کی دسویں منزل ہے ۔ اگر با موکل زکوٰۃ ادا کرنی ہو تو اس طرح پڑھیں ۔

اجب یا سراکیطائیل بحق یا ۔

یہ حرف قرآن حکیم میں ۲۵۹۱۹ مرتبہ استعمال ہوا ہے ۔

● ۔ جب آفتاب برج قوس میں داخل تو کاغذ یا ریشمی کپڑے پر حرف ی ۱۲۱ مرتبہ اور مطلوب کا نام مع اسم والدہ لکھ کر فتیلہ بنا کر گائے کے گھی میں جلائے اور صندل کی دھونی دے تو مطلوب کا دل طالب کی محبت میں گرفتار ہوگا ۔

● ۔ اگر طالب و مطلوب ان کی ماں کے ناموں کے ساتھ لے کر ان کے چاروں طرف حرف ی لکھ دے پھر طالب اس نقش کو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ مطلوب طالب کی محبت میں گرفتار ہوگا ۔

● ۔ زبان بندی کے لئے یہ عمل مجرب ہے ، ساعت عطارد میں حرف ی کو ایک ہزار مرتبہ سرخ کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھے اور کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دے ، دشمنوں کے نام بھی اس پر لکھ دے تو دشمنوں

کی زبان بند ہوگی۔

● ۔جو شخص حرف ی کو ریشمی کپڑے پر سو بار لکھکر اپنے پاس رکھے گا۔اس کے تمام دشمنوں کی زبان بند ہوگی۔

● ۔اگر کوئی شخص اس نقش کو کاغذ پر گلاب و زعفران سے ساعتِ سعید میں لکھکر اپنے پاس رکھے گا تو عالمِ ارواح سے اس کی مدد ہوگی۔

● ۔اگر آلاتِ زراعت پر سو بار حرف ی کندہ کر کے اس سے کھیتی کرے تو کھیتی بے اندازہ اور بے شمار ہوگی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی

یاباسط وبحق الف، لام، را

عامل تسخیر عام نقش کے ۲۳۱ روپے لے سکتا ہے ـــــ اور پڑھنے والے عمل کے نوے روپے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔ عامل اس سے زائد وصول کرے گا تو اس کی زکوٰۃ باطل ہو جائیگی اور عمل بے اثر ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر عامل کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اس طرح کے اعمال ناجائز امور میں نہ کرے۔ ورنہ وہ گنہ گار ہوگا۔ اور دُنیا میں بھی رُسوائی ہوگی۔

ـــــ یہ اعمال ناسوتی جو اپنے اندر حد سے زیادہ اثر رکھتے ہیں۔ صوفیوں اور ولیوں کی یادگار ہیں۔ ان عملیات کو استعمال کرتے وقت من مانے دام وصول کرنا اور اللہ کے بندوں کو لوٹنا گھسوٹنا قطعاً جائز نہیں ہے۔ اور اُن شرائط کی پابندی نہ کرنے والے کا عمل بھی ضائع ہو سکتا ہے۔ اور وہ کسی مصیبت کا بھی شکار ہو سکتا ہے۔

چوتھا عمل المٓصٓ یہ عمل کھیتی اور باغبانی کے لیئے ہے اور ہر قسم کی نباتاتی زندگی کے لیئے بہت اہم ہے اور بہت زیادہ مفید ہے۔ اس کے کل اعداد ۱۶۱ ہیں۔ اس کا چلہ صرف ۱۲ دن کا ہے اور اس کا عمل رات کے اندھیرے میں پڑھا جاتا ہے۔ یہ عمل بہت جلالی ہے۔ اس لئے ۱۲ دن تک ترک حیوانی اور پرہیز جلالی ضروری ہے۔ ورنہ رجعت کا اندیشہ رہتا ہے۔ روزانہ المٓصٓ نو ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔ جب ۱۲ دن میں زکوٰۃ کی ادائیگی ہو جائے۔ تو مندرجہ ذیل طریقوں سے اس کا استعمال کریں۔

(۱) کھیتوں، باغات اور نباتات کی حفاظت کے لیئے نیز ان کی سلامتی اور خیر و برکت کے لیئے ۱۶۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے کھیتوں اور باغوں کے درختوں اور پودوں کی جڑوں میں چھڑک دیں۔

(۲) اگر کسی کھیت یا باغ میں کیڑا لگ گیا ہو اور اس کے لئے کوئی چھڑکنے کی دوا استعمال کرنی ہو تو اس دوا پر ۱۶۱ مرتبہ المٓصٓ پڑھ کر دم کر دیں۔

(۳) کسی کھیت یا باغ میں بیج ڈالنا ہو یا نئے پودے لگانے ہوں تو بیجوں پر ۱۶۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔

(۴) باغوں کو آسمانی آفات اور ٹڈیوں وغیرہ سے بچانے کے لئے پانی پر ۱۶۱ مرتبہ دم کر کے کھیتی اور باغ میں چھڑک دیں۔

(۵) اگر کسی کھیت یا باغ کو چوروں سے بچانا ہو تو سوا گز سفید کپڑے پر یہ عمل ۱۶۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور اس کپڑے کو ایک بانس میں لگا کر بانس کو کھڑا کر دیں۔ انشاء اللہ چوروں سے محفوظ ہو جائے گا۔

اس عمل کا نقش مربع خاکی چال سے بھر کر اگر کھیت، یا باغ کے چاروں

گوشوں میں گاڑ دیا جائے تو کھیت اور باغ کی پیداوار کئی گنا بڑھ جائے اور خوب خیر و برکت ہو۔

نقش اس طرح بنے گا۔

٧٨٦

۳۲	۴۶	۴۳	۴۰
۴۴	۳۹	۳۳	۴۵
۳۸	۴۱	۴۸	۳۴
۴۷	۳۵	۳۷	۴۲

اس نقش کو ظہر کے بعد لکھنا زیادہ افضل ہے۔ اگر عامل لکھتے وقت المّصٓ کا ورد رکھے گا تو نقش کی تاثیر بڑھ جائے گی۔

اس کے علاوہ نقش کو اگر زرد رنگ کے کاغذ پر لکھیں تو بہتر ہے ورنہ پھر سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھیں ـــــ یا کالی پنسل سے لکھیں اور خاکی رنگ کے کپڑے میں چاروں تعویذوں کو پیک کر کے کھیت اور باغ کے چاروں گوشوں میں تعویذ دبانے کے بعد ایک بالٹی پانی پر ١٦١ مرتبہ المّصٓ پڑھ کر دم کر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں تو اور بھی فائدہ محسوس ہو گا۔ اور بہت جلد خیر و برکت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

اس عمل کا عامل ضرورت مندوں سے فی نقش ۹ روپے وصول کر سکتا ہے۔ اور عمل پڑھنے کے نوے روپے ہدیہ لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

اعمالِ ناسوتی کے عمل حد سے زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔ لیکن اعمال ناسوتی کے عاملین کو ہدیہ وصول کرنے میں من مانی سے گریز کرنا چاہیے۔

اعمالِ ناسوتی خاص طور پر صوفیوں اور ولیوں کی تاریخی یادگار ہیں۔ اس لیئے ان کا ہدیہ لینے میں عامل کو احتیاط برتنی چاہیئے۔

پانچواں عمل آلمرا

یہ عمل بھی دوسرے عملوں کی طرح بے حد قیمتی اور مؤثر ہے۔ اس عمل کے اعداد ۲۷۱ ہیں۔ اس کا تعلق آسمانی بلاؤں اور آسمانی راحتوں سے ہے۔ جن بیماریوں کا تعلق آسمانی آفتوں سے ہو۔ مثلاً ہیضہ، طاعون، ٹی بی وغیرہ یا گردشِ لیل ونہار سے متعلق ہو۔ مثلاً ستاروں کی نحوست یا تقدیر کی اُلٹ پھیر وغیرہ۔ ایسے تمام معاملات میں یہ عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے اور عمل کرنے والے کو ان تمام آفتوں سے بفضلِ رب نجات دلاتا ہے۔ اس عمل کو سُورج نکلنے کے بعد سے سُورج غروب ہونے تک کسی بھی وقت پڑھ لینا چاہیئے۔ سُورج غروب ہونے کے بعد اس کا پڑھنا ٹھیک نہیں ہے۔ اس عمل کو روزانہ ۹۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ ناغہ ۱۷ دن تک ایک دن کی بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ ورنہ سارا عمل بے کار اور بے اثر ہو جائے گا۔ پرہیز کسی قسم کا بھی نہیں ہے۔ چلّے کے بعد اگر عامل کسی ایک شخص کا یا بہت سے اشخاص کا یا کسی بستی اور شہر کا اور وبائی امراض یا ناگہانی آفتوں کے بچاؤ کے لئے علاج کرنا چاہے تو یہ عمل ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے دیدے ـــــ یہ پانی اُن درختوں پر چھڑک دیا جائے اور اُن کی جڑوں میں ڈال دیا جائے۔ جو بستی کے کناروں پر ہوں۔ علاوہ ازیں یہ پانی بستی کے چار داخل ہونے والے راستوں پر چھڑک دیا جائے ـــــ یہ پانی مریضوں کو پینے کے لئے بھی دیا جائے۔

کسی ایک گھر کے لئے یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں گھر کے دروازے پر یہ پانی چھڑک دیا جائے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ پانی

چھڑک دیا جائے۔

اس عمل کا نقش وبائی امراض سے بچاؤ کے لئے گھروں میں آویزاں کیا جائے۔ جہاں جہاں یہ نقش آویزاں ہوگا وہاں وہاں اللہ کی رحمت سایہ فگن رہے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۰	۷۴	۷۰	۶۷
۷۱	۶۶	۶۱	۷۳
۶۵	۶۸	۷۶	۶۲
۷۵	۶۳	۶۴	۶۹

جس بستی میں وبائی مرض پھیلا ہوا ہو اور بستی کے لوگ عامل کو بلانا چاہیں تو عامل کو چاہیئے کہ بے خوف و خطر وہاں چلا جائے اور جانے سے پہلے ۲۷۱ مرتبہ یہ عمل پڑھکر اپنے اُوپر دم کرلے۔ اس کے بعد اللہ پر یقین کامل رکھتے ہوئے اس بستی میں چلا جائے اور بستی کے کسی بھی مکان کی چھت پر بیت اللہ کی طرف رُخ کرکے اس عمل کو ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر سات تالیاں بجائے۔ انشاء اللہ پوری بستی وبائی مرض سے نجات پالے گی۔

یہی عمل بستی کے لوگ رحمتوں کے نزول کیلئے بھی پڑھوا سکتے ہیں۔ اس صورت میں عامل کسی مکان کے صحن میں کھڑے ہوکر یہ عمل کرے گا۔ اور ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر ۹ تالیاں بجائے گا۔

عامل کو چاہیئے کہ یہ عمل بغیر ہدیہ کے نہ کرے۔ اور ہدیہ اپنے مریض سے وصول نہ کرے۔ بلکہ یہ تفصیل ذہن میں رکھے۔ اگر عامل اپنے ٹھکانے پر بیٹھ کر

پانی پردم کر کے دے رہا ہے۔ تو وہ نوّے رُوپے وصول کرے۔

اگر عامل اس نقش کو بنا کر اور اس نقش پر ۲۷ مرتبہ مذکورہ عمل پڑھ کر دے رہا ہے تو اس کا ہدیہ عامل ۱۰۹ روپے وصول کر سکتا ہے۔

دوسرے کے گھر یا بستی میں جا کر اگر عامل عمل کرے تو اس کے نو سو رُوپے وصول کر سکتا ہے۔ ہر ہر صورت میں عامل کو چاہئے کہ وہ ہدیہ کی رقم کا نو فی صد خیرات کردے۔ ورنہ عامل کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

اگر عامل چاندی کی تختی پر یہ عمل کندہ کرا کے نابالغ بچوں کے گلے میں ڈال دے تو وہ بچے آسمانی آفات سے محفوظ رہیں۔ ان کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے وصول کر سکتا ہے۔ چاندی کی تختی اس طرح تیار کرائے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ا ل م ر ا

چھٹا عملِ کھیعص

یہ عمل سولہویں سپارے میں سورۃ مریم کے شروع میں ہے۔ جن مرموز حروف سے اس سورۃ کو شروع کیا گیا ہے۔ وہ پانچ ہیں۔ ک، ہ، ی، ع، ص۔

ان پانچوں حروف کی تاثیرات عورتوں کے مقاصد ظاہر و باطن کے لئے الگ الگ ہیں۔ ان کا چلّہ خاص طور پر عورتوں ہی کو کرنا چاہیئے۔ اگرچہ کہ مردوں کے لیئے بھی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ لیکن زیادہ بہتر یہی ہے کہ اس کا چلّہ عورتیں کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ جس زمانے میں عورت پاک صاف ہو تو ۹ دن اس کا عمل کرے۔ ہر نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ جائے نماز پر بیٹھ کر پڑھیں۔ اور

احرام باندھ کر یہ عمل کریں۔ کسی طرح کا پرہیز اور کسی طرح کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ البتہ جگہ عمل کے لیئے ایسی منتخب کریں کہ شور و شغب بالکل نہ ہو۔

عمل پڑھتے وقت کٓھٰیٰعٓصٓ پر نظریں جمائے رکھیں۔ عمل سے پہلے کٓھٰیٰعٓصٓ بڑا سا لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر اپنے پاس رکھیں اور عمل کے وقت سامنے دیوار وغیرہ پر اس کو لٹکالیں۔ اگر عورت پڑھی لکھی نہ ہو تب بھی دورانِ عمل ان حروف پر نظر جمائے رکھے۔ عمل کے وقت تازہ گلاب کے پھول چند یا ایک اپنے سامنے رکھیں۔ اور عمل کے دوران کبھی کٓھٰیٰعٓصٓ کی طرف دیکھیں۔ اور کبھی گلاب کے پھولوں کی طرف۔

جس دن یہ عمل ختم ہو۔ یعنی ۹ دن کی ۴۵ نمازیں پوری ہو جائیں۔ ۴۵ ویں نماز کے بعد پانچ کنواری لڑکیوں کو خواہ وہ کسی بھی مذہب و مسلک کی ہوں۔ لیکن دعوت کے وقت پاک وصاف ہوں۔ بلا کر ان کو پسندیدہ کھانا پیٹ بھر کھلایا جائے۔ لڑکیوں کا غریب ہونا ضروری نہیں۔ البتہ سب کی سب غیر شادی شدہ ہوں۔ اگر پانچوں کی پسند الگ الگ ہو تو سب کی پسند کا کھانا بنوانا چاہیئے۔

اگر یہ عمل مرد کرے گا تو وہ پانچ کنوارے لڑکوں کو مذکورہ طریقے سے کھانا کھلائے گا۔

یہ عمل اگرچہ عورت اور مرد دونوں کے لیئے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن زیادہ تر اُن لڑکیوں کے لیئے مؤثر ثابت ہوتا ہے جو غیر شادی شدہ ہوں)۔ دوسرے نمبر پہ شادی شدہ عورتوں کے۔ لیئے مفید ثابت ہوتا ہے اور تیسرے نمبر پر کنوارے لڑکوں کے لئے یہ مؤثر ثابت ہوتا ہے اور چوتھے نمبر پر یہ شادی شدہ مردوں کیلئے مؤثر ثابت ہو سکتا ہے۔

عامل مرد ہو یا عورت اس کی عمر ۱۵ سال سے کم نہیں ہونی چاہیئے۔
اس عمل کے روحانی فائدے یہ ہیں۔

(۱) چھوٹے بچوں کی سلامتی اور تندرستی کے لئے ۱۹۵ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلائیں۔ یا پھر بچوں کی دواؤں پر غذاؤں پر یا ان کے لباس پر ۱۹۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کا ہدیہ ۲۷ روپے ایک بچے کی طرف سے لیں۔

اس عمل کو لگاتار ۳ دن تک جاری رکھنا چاہیئے۔ کیسا بھی مایوس کن مرض ہو گا انشاء اللہ شفا ہو گی۔

(۱) اس عمل کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر اس کی عامل عورت ہے تو اس کو لڑکی کے لئے عمل کرنا چاہیئے۔ اور اگر عامل مرد ہے تو اس کو لڑکے کیلئے عمل کرنا چاہیئے۔ تب ہی اثر ہو گا۔ اسی طرح اگر عامل عورت ہے تو وہ اس عورت کے لئے عمل کر سکتی ہے جو طالب بن کر اس کے پاس آئی ہے اور اگر عامل مرد ہے تو وہ اس مرد کے لئے عمل کر سکتا ہے جو طالب بن کر اس کے پاس آیا ہو۔

(۲) دو عورتوں میں یا مردوں میں ملاپ کرانا ہو تو ۱۹۵ مرتبہ اگر بتی، یا لوبان یا کسی اور جلنے والی خوشبو پر دم کر کے، ۲۷ روپے ہدیہ لیکر طالب کو دے دیا جائے وہ اپنے گھر میں اس خوشبو کو جلائے۔ اور عامل کو چاہیئے کہ عمل پڑھنے کے بعد طالب اور مطلوب دونوں کے نام ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ لے کر خوشبو والی چیز پر دم کر کے دے۔

(۳) میاں بیوی، بہن بھائی یا دیگر رشتے داروں کے لئے یہ عمل بہ نیت محبت ۱۹۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد ۹ دن تک پڑھا جائے اور آخیر میں اُن لوگوں کے

نام مع والدہ دونوں کے لئے جائیں جن میں محبت کرانی ہے اور طالب سے ۲۷ روپے ہدیہ لیا جائے۔ انشاء اللہ طالب و مطلوب کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔

(۴) اگر کوئی عامل مرد یا عورت اپنے شریک حیات کا دل اپنی طرف کھینچنا چاہتا ہو تو ---- روزانہ اس عمل کو ۹ دن تک صبح کی نماز کے بعد کرے اور کٓھیٰعٓصٓ کی طرف دیکھ کر ۱۹۵ مرتبہ پڑھے اور روزانہ ۲۷ روپے خیرات کرے۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

(۵) رزق کی ترقی کے لئے یہ عمل بہت جلد اثر کرتا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ ۹ دن تک روزانہ اس عمل کو ایک وقت مقرر کر کے ۱۹۵ مرتبہ تازہ گلاب پر پڑھ کر دم کر دیں۔ ۹ دن میں ۹ پھول ہو جائیں گے۔ ۹ دن کے بعد ان پھولوں کی پتیاں الگ الگ کر کے ایک برتن میں رکھ لی جائیں اور جس کے لئے یہ عمل کیا گیا ہے۔ اس سے کہا جائے کہ وہ کٓھیٰعٓصٓ ۹ مرتبہ پڑھ کر کوئی سی بھی پانچ پتیاں اٹھالے اور اس کے بعد ان پتیوں کو مندرجہ ذیل نقش کے ساتھ ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ کاروبار میں زبردست اضافہ ہوگا۔

اس عمل میں عامل طالب سے ۲۷ روپے روزانہ کے حساب سے ۲۴۳ روپے وصول کر سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱	۵۵	۵۱	۴۸
۵۲	۴۷	۴۲	۵۴
۴۶	۴۹	۵۷	۴۳
۵۶	۴۴	۴۵	۵۰

یہ بات یاد رکھیں کہ اعمالِ ناسوتی میں اگر عامل من مانا ہدیہ لوگوں سے وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔ اور پھر دوبارہ کرنے سے بھی مؤثر نہیں ہوگا۔ اس لئے ہر عمل کا اتنا ہی ہدیہ وصول کرے جتنے کی ہدایت کی جا رہی ہے۔

ساتواں عمل طٰہٰ

ان حروف کے اعداد ۱۴ ہیں۔ ان حروف سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا گیا ہے۔

اکابرین کی رائے یہ ہے کہ یہ دونوں حروف طاہر کا مخفف ہیں۔ اور طاہر سے مراد رسولِ خدا کی ذاتِ گرامی ہے۔ ان حروف کا عمل حرف صٓ کے ملانے سے مکمل ہوتا ہے۔

اس عمل کی خوبی یہ ہے کہ اس عمل کو ہر قوم کی عورت مرد پڑھ سکتے ہیں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کافر۔ اور ہر حال میں عورتیں اس عمل کو کر سکتی ہیں۔ حد یہ ہے کہ ایام کے زمانے میں بھی عورتیں اس عمل کو کر سکتی ہیں بس روزانہ عمل سے پہلے غسل کرنا شرط ہے۔ عمل کی مدت ۱۰۴ دن ہے۔ عمل کا وقت روزانہ سورج غروب ہونے کے وقت ۱۰۴ مرتبہ طٰہٰ صٓ پڑھا جائے گا۔

۱۰۴ دن تک پڑھنے کے بعد روزانہ صرف پانچ مرتبہ ان حروف کو پڑھنا پڑے گا۔ پڑھنے کا طریقہ یہ رہے گا۔ ایک بار دائیں طرف دیکھکر، ایک بار بائیں طرف دیکھکر۔ ایک بار نیچے کی طرف دیکھ کر، ایک بار اوپر کی طرف دیکھکر ایک بار سامنے کی طرف دیکھکر۔

اس عمل کو نابالغ بچے بھی کر سکتے ہیں۔ بڑا ہی قیمتی اور مؤثر عمل ہے۔ بچوں کے لئے سورج غروب ہوتے وقت پڑھنے کی قید نہیں ہے۔ وہ کسی بھی وقت اس عمل کو کر سکتے ہیں۔

اس عمل کی خوبی اور تاثیر یہ ہے کہ اگر کسی پر پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس کے قلب و ذہن میں پاکیزگی اور طہارت پیدا ہوگی۔ اگر روزانہ ۴۰ دن تک کسی ایسے شخص پر یہ عمل کیا جائے جو گمراہی یا آوارگی کا شکار ہو گیا ہو تو اس عمل کی برکت سے وہ سیدھے راستے پر آجائے گا اور اس کے اندر طہارت اور پاکیزگی پیدا ہو جائے گی۔ اور آہستہ آہستہ وہ راہِ ہدایت پر گامزن ہو جائے گا۔ جو لوگ اس عمل کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کر کے عامل بن جائیں۔ اور حسب قاعدہ اس کو عمر بھر روزانہ پانچ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ اُن کے قلم سے لکھا ہوا اس عمل کا نقش انشاء اللہ تیر کی طرح کام کرے گا۔ جس انسان کو آپ برائیوں سے نجات دلا کر صراطِ مستقیم پر چلانے کے خواہش مند ہوں۔ اس کے گلے میں یہ نقش کسی دھاری دار کپڑے میں ورنہ پھر نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے ڈلوا دیں۔ انشاء اللہ پاکیزہ انقلاب میں یہ نقش بیحد موثر ثابت ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۹	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۴	۳۰
۲۰	۳۴	۲۷	۲۳
۲۸	۲۲	۲۱	۳۳

اس عمل کا ہدیہ عامل ایک روز کا پانچ روپے لے سکتا ہے۔ اگر لگاتار ۴۰ دن تک عمل کرنا ہو تو اسی حساب سے ہدیہ لیا جا سکتا ہے ــــــ نقش کا ہدیہ پچاس روپے لے سکتا ہے۔ اگر عامل ۴۰ مرتبہ یہ عمل پڑھ کر

پانی پردم کر کے مریض کو دے تو اس کا ہدیہ بھی پچاس روپے لیا جا سکتا ہے اس سے زائد وصول کرنے سے عمل ضائع ہو جائے گا۔

آٹھواں عمل طٰسٓمٓ

یہ حروف ۱۹ ویں سپارے میں سورۂ شعراء کے شروع میں آئے ہیں۔ اور یہی حروف سورۂ قصص میں بھی آئے ہیں۔ ان کے اعداد ۱۰۹ ہیں۔ ان کا چلہ ۱۲ دن کا ہے۔ اس کا چلہ عورت اور مرد دونوں کر سکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ سورج نکلتے وقت سورج کی طرف دیکھ کر ایک ہزار مرتبہ ان حروف کو پڑھا جائے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد بستر سے اٹھتے وقت صبح کو صرف ۱۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ تاکہ زکوٰۃ کی تاثیر باقی رہے۔

طٰسٓمٓ کا عمل دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمن کے برے ارادے بدل جاتے ہیں۔ یا اپنے ارادے میں وہ فیل ہو جاتا ہے۔ اور دشمن کے برے منصوبے زیر وزبر ہو جاتے ہیں۔ جب کوئی عامل اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کیلئے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن ۴۵ روپے خیرات کرے۔ اگر عامل دوسروں کے لئے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن نوے روپے ان سے وصول کرے۔ اگر اپنے لئے اس سے کم خیرات کرے گا۔ اور دوسروں کے لئے اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نصف شب کے وقت اندھیرے میں کھڑے ہو کر ۱۰۹ اُرد کے دانوں پر طاسین میم پڑھ کر اُرد پر دم کر کے آگ میں پھینکے ــــ اسی طرح ۱۰۹، اُرد پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کر کے آگ میں اُرد ڈال دے۔

آخر میں ایک دشمن ہو تو اس کا نام لے کر اور اگر کئی دشمن ہوں تو ان سب کا نام لے کر یہ کہے کہ فلاں فلاں مغلوب اور مقہور ہوا۔ اور اس کی دشمنی فنا ہوئی۔ اور ان کی دشمنی اور عداوت کے دروازے بند ہوئے۔ اور ان کی زبانیں فلاں ابن فلاں کے حق میں بند ہوئیں۔

یہ عمل لگاتار اسی طرح ۹ راتوں تک پڑھا جائے گا۔ دشمن کی مغلوبیت اور اُن کی زبان بندی کے لئے بہت ہی پُر تاثیر عمل ہے ——————
حیرتناک طور پر اس عمل کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ اور دشمنوں کو نہ صرف اپنے ارادوں میں مُنہ کی کھانی پڑتی ہے۔ بلکہ اُن کی زبانیں خود بخود بند ہو جاتی ہیں۔

عامل اس کا نقش بھی دے سکتا ہے نقش کا ہدیہ ۹۰ رُوپے سے زیادہ وصول نہ کرے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷	۳۰	۳۳	۱۹
۳۲	۲۰	۲۶	۳۱
۲۱	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۲	۳۴

برائے حفاظت و سلامتی فلاں ابن فلاں

اعمالِ ناسوتی والے عملیات میں عامل کو من مانی کرنے کا حق نہیں ہے اور ہر عامل کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ طے شدہ ہدیہ لینے کے ساتھ ساتھ سلسلہ چشتیہ کے بزرگوں کو اور اہلِ بیت کو ایصالِ ثواب کرتا رہے تاکہ اس

کی رُوحانیت میں روز بروز اضافہ ہو۔ اور اس کے عملیات میں تاثیر پیدا ہو۔
اگر عامل ان باتوں کا لحاظ نہیں رکھے گا تو اس کو نقصان پہنچے گا۔

نواں عمل طٰسٓ

اعمالِ ناسوتی کا نواں عمل طٰسٓ کا ہے۔ یہ حروف سورۂ نمل کے شروع میں آئے ہیں۔ اُن کے اعداد ۶۹ ہیں یہ عمل سفر کی کامیابی کے لئے بے حد مؤثر ہے۔ اس عمل کو اپنے لئے بھی کر سکتا ہے اور دوسروں کے لئے بھی۔ اس عمل کے ذریعہ سفر کی کامیابی کے آثار پیدا ہوتے ہیں۔ اور دورانِ سفر مال و جان کی حفاظت ہوتی ہے اور خوب خیر و برکت بھی ہوتی ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے مشرق کی طرف رُخ کر کے آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ اور گیارہ ہزار مرتبہ طاسین پڑھیں۔ روزانہ لگاتار بارہ دن تک یہ عمل کریں، انشاء اللہ اس عمل کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس عمل کا عامل بننے کے بعد اگر عامل اپنے لئے یہ عمل کرے تو صرف ۳ دن تک یہ عمل کرے۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر کے بعد مشرق کی طرف رُخ کر کے ۶۹ مرتبہ طاسین پڑھے۔ اور سفر کی کامیابی کی دُعا کرے۔ اس کے بعد سفر شروع کرے۔ انشاء اللہ جان و مال کی حفاظت کے ساتھ دورانِ سفر زبردست کامیابیاں نصیب ہوں گی۔

اگر اسی عمل کو کسی دوسرے کے لئے کرے تو روزانہ ۶۹ مرتبہ پڑھے اور لگاتار ۱۲ دن تک پڑھے اس کے بعد اس کو سفر کرنے کی اجازت دے۔ یہ عمل کسی ایک فرد کے لئے اسی طرح پڑھا جائے گا اور اگر کئی افراد سفر کرنے والے ہوں تو بھی اسی طرح پڑھا جائے گا۔ بشرطیکہ وہ ایک ساتھ ایک ہی سمت میں سفر کر رہے ہوں۔

عامل ایک دن کے عمل کے نوّے روپے بطور ہدیہ وصول کر سکتا ہے۔ اس میں سے تہائی رقم یعنی ۳۰ روپے روزانہ فقیروں یا غریبوں میں تقسیم کرنے ضروری ہوں گے۔ اگر عامل ان شرائط کا پابند نہیں رہے گا تو اس کا عمل ضائع ہو جائے گا اور اثرات باطل ہو جائیں گے۔

جو شخص عملِ طاسین کی زکوٰۃ ادا کر دے اس کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ روزانہ کوئی ایک وقت مقرر کر کے ۶۹ مرتبہ طاسین پڑھتا رہے۔ اس وِرد میں نمازِ فجر کے بعد کی اور مشرق کی طرف رُخ کر کے پڑھنے کی شرط نہیں ہے البتہ اپنے لئے یا کسی فرد یا افراد کے لئے عمل کی نیت سے پڑھے تو اس وقت نمازِ فجر کے بعد اور مشرق کی طرف رُخ کر کے ہی پڑھے۔

طاسین کا عمل، طاسین کا نقش بھی دورانِ سفر حفاظت اور کامیابی کے لئے دے سکتا ہے۔ اس نقش کا ہدیہ نوّے روپے سے زائد وصول کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ البتہ اس میں سے صرف ۱۱ روپے عامل کسی غریب کو دینے کا پابند ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۰	۲۳	۹
۲۲	۱۰	۱۶	۲۱
۱۱	۲۵	۱۸	۱۵
۱۹	۱۴	۱۲	۲۴

اس نقش کو مسافر دورانِ سفر اپنے پاس رکھے گا تو پردۂ غیب سے اس کی حفاظت اور نصرت ہوگی اور اللہ کی رحمتیں ہر جگہ اس کا استقبال کریں گی۔

اعمالِ ناسوتی کے سلسلے میں تمام قارئین کو بطورِ خاص یہ بات نوٹ کر لینی چاہئے کہ ان اعمال میں ہدایا وصول کرنے کے معاملات میں من مانی کرنا نحوست پیدا کرتا ہے اور رجعت کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ اس لئے اس سلسلے میں شدید ترین احتیاط کی ضرورت ہے

دسواں عمل یٰسٓ

اعمالِ ناسوتی کا دسواں عمل یٰسین ہے۔ اس کے عدد ۷۰ ہیں۔ یہ حروف جس سورۃ کے شروع میں آئے ہیں۔ وہ قرآن حکیم کی بہت اہم اور مشہور و معروف سورۃ ہے۔ احادیث نبوی سے یہ ثابت ہے کہ یہ سورۃ قرآن حکیم کا دل ہے۔ عاملین کے نزدیک بھی یہ سورۃ حد سے زیادہ اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے اور اس کی چلّہ کشی سے عاملین بے شمار فائدے اٹھاتے ہیں۔ اس سورۃ کی تلاوت نزع کی حالت میں بیمار کو سنانا مسنون ہے۔ اور اس کی تلاوت سے جان کنی کی تکلیف میں آسانی ہو جاتی ہے۔

سورۃ یٰسین میں لفظ مبین سات جگہ آیا ہے۔ اور ہر مبین کی ایک الگ تاثیر ہے۔

یٰسین کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۷۰ مرتبہ "یٰسین مبین" پڑھا جائے اور ستر دن تک پڑھا جائے اور جب ستر دن پورے ہو جائیں تو عامل دنیا کی ہر مشکل کے لئے خواہ وہ اپنی ہو یا پرائی دُعا کرے۔

جن بیماروں کا حال بُرا ہو اور علاج سے بھی انھیں سکون نہ ہو تو ایسے مریضوں کو عامل پانچ خانوں کا نقش بنا کر دے اور تاکید کر دے کہ اس نقش کو مریض ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ فی الفور اثر کرے گا اور طبیعت ٹھیک ہو جائے گی۔

عامل اس نقش کے نوے روپے مریض سے وصول کر سکتا ہے اس سے زیادہ نہیں۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

یٰسین مُبین	
یٰسین مُبین	یٰسین مُبین
یٰسین مُبین	یٰسین مُبین

جس عامل نے "یٰسین مبین" کی حسب طریقہ زکوٰۃ ادا کر دی ہو گی۔ وہ جس پر بھی ۷۰ مرتبہ یٰسین مبین پڑھکر دم کر دے گا وہ مریض ٹھیک ہو جائیگا مریض کی غیر موجودگی میں اگر عامل نے یٰسین مبین ستر مرتبہ پڑھکر کسی کا نام لیکر اس کے لئے دعا کی۔ تب بھی دعا قبول ہو جائے گی۔ اور وہ بفضل خداوندی تندرست ہو جائے گا۔

اسی طرح اس کا عامل جس کو بھی یہ پانچ خانوں والا نقش دے گا اس کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔

بعض بزرگوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے والے کو چاہئے کہ وہ پہلے دن اور آخری دن یعنی ۷۰ ویں دن سورۂ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر یٰسین مبین پڑھنا شروع کرے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف ۷ مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔ پانچ خانوں والا نقش مقدمہ کے لئے بھی تیر بہدف ہے اور تسخیر و مقبولیت کے کاموں میں بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک مریض پر ایک دن دعا پڑھنے کا ہدیہ اگر اس کے گھر جا کر پڑھتا ہے۔ نوے روپے سے زیادہ نہ لے۔ اور اگر

گھر بیٹھکر پڑھتا ہے تو ۲ روپے سے زیادہ نہ لے۔ اگر اس کے خلاف کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

یہ عمل خاص طور پر ان لوگوں کے لئے "خزانہ قدرت" ہے جو پہلے سے بھی سورۂ یٰسین کے عامل ہیں۔ وہ خاص طور پر اس عمل سے استفادہ کر کے اللہ کے بندوں کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

گیارہواں عمل صٓ

اعمالِ ناسوتی کا گیارہواں عمل صٓاد ہے۔ یہ حرف ۲۳ ویں سپارے کی سورۃ سورۂ صاد کا پہلا حرف ہے۔

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑے سے کاغذ پر جو ایک فٹ لمبا اور ۶ انچ چوڑا ہو۔ اس پر کالی روشنائی سے صٓ لکھ لیں اور روزانہ اس کی طرف دیکھتے ہوئے نوّے مرتبہ ۹ دن تک صاد پڑھیں۔ پہلے اور آخری دن اگر سورۂ صٓ کی تلاوت کریں تو بہتر ہے جب عمل پورا ہو جائے تو اس عمل کو ردِ سحر اور ردِ آسیب کے لئے استعمال میں لائیں۔ اس طرح کہ ایک تولہ سرسوں کا تیل لے کر عامل اس تیل کی طرف دیکھتے ہوئے نوّے مرتبہ صٓاد پڑھے۔ اور تیل پر دم کر دے۔ پھر اس تیل کا ایک ایک قطرہ مریض کے دونوں کان میں ڈال دے۔ وہ مریض جادو سے متاثر ہو یا جن سے۔ انشاء اللہ دونوں طرح کے مریضوں کے لئے یہ عمل کارگر ثابت ہو گا۔ واضح رہے کہ تیل ایک بُوند سے زیادہ کان میں نہیں ڈالنا چاہیئے۔

اس کے بعد باقی تیل مریض کی پُشت پر مل دیں۔ اس کے دماغ پر اس تیل کی مالش کریں۔ اس کی دونوں ہتھیلیوں پر تیل لگائیں اور بیسوں ناخونوں پر یہ تیل لگا دیں۔ جہاں جہاں ہڈیوں کے جوڑ ہوں وہاں بھی لگا سکتے ہیں۔ اس کے بعد اگر مریض شدید بیمار ہو تو نوّے مرتبہ صٓاد پڑھ کر مریض کے اوپر

دم بھی کر دیں۔ اور اس حرف کا ایک نقش تیار کر کے مربع کا آتشی چال سے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

اس نقش کی الگ سے کوئی زکوٰۃ نہیں ہے۔ جس نے حرف کی زکوٰۃ مذکورہ طریقے سے ادا کر دی وہ اس نقش کا بھی عامل سمجھا جائے گا۔ اور اس کا لکھا ہوا نقش انشاء اللہ مؤثر ثابت ہو گا۔ اگر مریض کا مرض شدید۔ یعنی آسیب زیادہ پریشان کرتا ہو۔ مریض پر بار بار حاضر ہوتا ہو یا مریض سحر کی زیادتی کی وجہ سے پریشان ہو۔ ایسے مریض کو نوے دن تک روزانہ ایک نقش پلایا جائے۔ پینے کا نقش یہ ہے۔ اس نقش کو بھی صرف آتشی چال سے پُر کر کے مریض کو دیں۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

اس طرح کے علاج میں عامل مریض سے پینے کے نقوش کے کے نو۹ روپے فی نقش کے حساب سے لے سکتا ہے۔ اور باندھنے والے نقش کے نوے روپے فی نقش کے حساب سے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ اگر وصول کرے گا

تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

اعمالِ ناسوتی میں بلا کی تاثیر ہوتی ہے۔ لیکن عامل کے لئے طہارت کاملہ کا لحاظ رکھنا اور ہدیہ لیتے وقت احتیاط برتنا ضروری ہے۔

اعمالِ ناسوتی کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا اثر فی الفور ہوتا ہے اور اعمالِ ناسوتی کا عامل اگر کسی مریض پر دم کر دیتا ہے تو یہ دم تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ لیکن شرط یہی ہے کہ عامل ہدیہ لینے میں بھی بزرگوں کی کی ہوئی حد بندی کو ملحوظ رکھے۔ اگر وہ من مانی کرتا ہے تو اعمالِ ناسوتی کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ اسی لئے ہر ماہ ہم بار بار اس کی تاکید کرتے ہیں کہ عامل طے شدہ ہدیہ سے زیادہ وصول کرنے کی غلطی نہ کرے۔

بارہواں عمل حٰمٓ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۲ واں عمل حٰمٓ ہے۔ یہ حرف قرآن حکیم کی کئی سورتوں کے شروع میں استعمال ہوئے ہیں۔ لیکن پہلی مرتبہ چوبیسوے سپارے کی سورۂ مومن کے شروع میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ ان کے اعداد ۴۸ ہیں۔

ان کی تاثیرات بے شمار ہیں۔ اور ان کے عمل کے لئے لکھی ہوئی تختی کا تصور بھی ضروری ہے۔

طریقۂ عمل یہ ہے کہ ایک تختی پر حامیم لکھ لیں۔ اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس تختی کی طرف دیکھ کر حامیم پڑھتے رہیں۔ لگاتار ۴۸ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ ۴۸ دن کے بعد مزید ۴۸ دن تک حامیم صرف پانچ سو مرتبہ بغیر تختی کی طرف دیکھے ہوئے پڑھیں۔ اس طرح کہ ایک سو مرتبہ اپنی دائیں طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ اپنی بائیں طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ زمین کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ آسمان کی طرف یا

چھت کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ اور ایک سو مرتبہ اپنے سامنے تا حدِ نظر دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ جب یہ چلہ بھی پورا ہو جائے تو اسی عمل کا تیسرا چلہ اس طرح کریں کہ صبح کے وقت مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو جائیں اور ۴۸ مرتبہ حامیم دل ہی دل میں پڑھیں اور اپنی آنکھیں بند رکھیں۔

یہ عمل بھی ۴۸ دن تک کریں۔ اس کے بعد جس کو بھی جس مقصد کے لئے یہ تعویذ لکھ کر دیں گے۔ اس کی مراد پوری ہو گی۔ انشاء اللہ۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

حٰمٓ

حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ

حامیم کا نقش کسی بھی مریض کو پینے کے لئے دیا جا سکتا ہے۔ اگر ۴۸ دن تک اس کو روزانہ ایک نقش پلا دیا جائے تو اللہ کے فضل و کرم سے موذی اور مہلک مرض سے بھی نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۱۲	۱۷
۱۴	۱۶	۱۸
۱۵	۲۰	۱۳

جو شخص حامیم کا عامل مذکورہ چلے پورے کرنے کے بعد بن جائے وہ دفینے کا ادراک بھی کر سکتا ہے ــــ اس کا طریقہ یہ ہے کہ حٰمٓ کا نقش مربع عامل اپنے دائیں بازو پر باندھ کر جس مقام پر دفینہ ہو وہاں بیٹھ

جائے اور آنکھیں بند کر کے دل ہی دل میں ۴۸ مرتبہ حامیم پڑھے۔ پھر یہ تصور کرے کہ جیسے وہ زمین کے نیچے کی چیزیں دیکھ رہا ہے۔ اگر وہاں دفینہ ہوگا تو عامل کو نظر آجائے گا۔ اور یہ معلوم ہو جائے گا کہ دفینے میں کیا چیز ہے سونا ہے یا چاندی ہے۔ اور کس قدر ہے۔

حٰمٓ کا نقش مربع اس طرح بنائیں۔

۷۸۶

۱۱	۱۵	۱۸	۴
۱۷	۵	۱۰	۱۶
۶	۲۰	۱۳	۹
۱۴	۸	۷	۱۹

اگر حٰمٓ کا عامل کسی مریض پر ۴۸ مرتبہ حٰمٓ پڑھ کر دم کر دے گا تو اس کو بفضلِ خدا فوراً صحت عطا ہوگی۔ مرض اگر شدید ہو تو عامل کو چاہیے ۴۸ دن تک مریض پر دم کرے ——— عامل ایک دن کا ہدیہ ۹۰ روپے تک وصول کر سکتا ہے۔ نقش کا ہدیہ اگر وہ پینے کے لئے دے رہا ہے تو فی نقش ۹ روپے، اور اگر وہ پانچ حٰمٓ والا نقش بنا کر دے فی نقش ۱۸ روپے تک لے سکتا ہے۔ دفینہ معلوم کرنے کے لئے نو سو روپے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ لے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

تیرہواں عمل حٰمٓ عٓسٓقٓ

اعمال ناسوتی کا ۱۳ واں عمل حٰمٓ عٓسٓقٓ ہے۔ یہ حروف سورہ شوریٰ کے شروع میں آئے ہیں۔ اور سورہ شوریٰ ۲۵ ویں سپارے میں ہے۔ ان حروف کے اعداد ۲۷۸ ہیں۔ ان کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن تک ان حروف

کو ۸ ۷ ۲ مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ ان حروف کی طرف نظر جما کر دیکھتے بھی رہیں عمل شروع کرنے سے پہلے ایک بڑے کاغذ پر حٰمٓ عٓسٓقٓ لکھ کر رکھ لیں اور دورانِ عمل نظریں ان حروف کی طرف جمائے رکھیں۔ ایک چلّہ پورا ہونے کے بعد دوسرا چلّہ بغیر دیکھے پورا کریں۔ اس چلّے میں بھی روزانہ ۸ ۷ ۲ مرتبہ حا۔ میم۔ عین۔ سین۔ قاف۔ اسی تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔

تیسرے چلّے میں بغیر دیکھے اس طرح ان حروف کو پڑھیں۔ ۸ ۷ ۲ مرتبہ دائیں طرف دیکھ کر، ۸ ۷ ۲ مرتبہ بائیں طرف دیکھ کر ۸ ۷ ۲ مرتبہ سامنے کی طرف دیکھ کر اور ۸ ۷ ۲ مرتبہ آسمان کی طرف دیکھ کر پڑھیں اور اسی طرح چالیس دن کی مدت پوری کریں۔ ۱۲۰ دن میں ۳ چلّے پورے ہو جائیں گے۔ اب پڑھنے والے کا عمل مکمل ہو جائے گا۔ اور وہ ان حروف کا عامل بن جائیگا

اس کے بعد جب بھی کسی بھی مراد کیلئے کسی کو عامل ان حروف کا پانچ خانوں کا نقش بنا کر دے گا۔ اس کی مراد بفضلِ ربّ العٰلمین پوری ہو جائیگی۔

نقش اس طرح بنے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حٰمٓ عٓسٓقٓ

حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ

ان حروف کو ۸ ۷ ۲ مرتبہ پڑھ کر اگر عامل کسی بھی مریض پر پڑھ کر دم کر دے گا تو اس کو مرض سے نجات مل جائے گی۔ اگر عامل ۸ ۷ ۲ مرتبہ ان حروف کو پڑھ کر دعا کرے گا تو اس کی دعا قبول ہو گی۔ شدید بیماری کی صورت میں یہ نقش پینے کے لئے بھی دئے جا سکتے ہیں۔ ایک مریض کو پینے کے کل

۱۵ نقش لکھکر دے جائیں اور روزانہ ۳ نقش پینے کی تاکید کی جائے۔

عامل چاہے تو اس کا عددی نقش بھی ہر طرح کے ضرورتمندوں کو دے سکتا ہے۔ اس نقش کو آتشی چال سے پُر کرنا چاہیئے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۲	۷۵	۷۲	۶۹
۷۳	۶۸	۶۳	۷۴
۶۷	۷۰	۷۷	۶۴
۷۶	۶۵	۶۶	۷۱

عامل گلے میں ڈالنے والے نقش کا ہدیہ وہ حرفی یا عددی، نوے روپے تک لے سکتا ہے۔ اور پینے والے نقش کا ہدیہ جو صرف حرفی نقش ہوگا۔ فی نقش ۹ روپے لے سکتا ہے۔ اس سے زائد لے گا تو اس کا عمل ضبط ہو جائے گا۔ اور تاثیر ختم ہو جائے گی۔

ہم بار بار ہدیہ کے سلسلے میں اس لئے پابندی کی ہدایت کرتے ہیں کہ اعمالِ ناسوتی میں ہدایا وصول کرنے میں اگر عامل من مانی کرتا ہے تو اس کے اعمال کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ اور اس کی محنت برباد ہو جاتی ہے۔ اس لئے بار بار ہم متنبہ کرتے ہیں کہ اعمالِ ناسوتی کے عملیات میں اس سے زیادہ ہدیہ وصول نہ کریں۔ جتنا ہم طے کر رہے ہیں۔ ورنہ اُن کی محنت ضائع ہو جائے گی۔

چودھواں عمل قٓ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۴واں عمل قٓ ہے۔ یہ حرف چھٹے سپارے میں سورۃ قٓ کے شروع میں

آیا ہے۔اس کے اعداد ۱۰۰ ہیں۔اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک تختی پر
قؔ لکھ لیں۔اور لگاتار ۱۰۰ دن تک اس تختی کی طرف دیکھ کر ق سو مرتبہ
پڑھیں۔

دوسرا چلہ بھی سو دن کا ہے۔اس چلّے میں حرف قؔ سو بار بغیر
تختی کی طرف دیکھے پڑھیں۔تیسرا چلّہ سو دن کا ہوگا۔اس چلّے میں سو مرتبہ
دائیں طرف، سو مرتبہ بائیں طرف، سو مرتبہ اوپر کی طرف اور سو بار سامنے کی
طرف دیکھ کر پڑھیں۔اب عمل مکمّل ہوا۔اس عمل کے بعد عامل کسی بھی
مقصد کے لئے سو مرتبہ قاف پڑھ کر دُعا مانگے گا تو دُعا قبول ہوگی۔اور
کسی بھی مقصد کے لیئے کسی کو مندرجہ ذیل نقش دے گا تو اس میں
کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قؔ	
قؔ	قؔ
قؔ	قؔ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے تک وصول کرسکتا ہے۔
اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

پندرہواں عمل نؔ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۵واں عمل نؔ ہے۔یہ حرف
۲۹ ویں سپارے میں سورۃ قلم کے شروع میں
آیا ہے۔اس کے اعداد ۵۰ ہیں۔اس کے بھی ۳ چلّے کرنے ہوں گے۔اس
کا چلّہ ۵۰ دن کا ہوگا پہلا چلّہ تختی کی طرف دیکھ کر کرنا ہوگا۔دوسرا چلّہ

بغیر تختی کی طرف دیکھتے ہوئے ۵۰ مرتبہ نٓ پڑھنے سے پورا ہو جائے گا۔
تیسرے چلّے میں نٓ پچاس مرتبہ دائیں طرف دیکھکر ۵۰ مرتبہ بائیں طرف دیکھکر، ۵۰ مرتبہ آسمان کی طرف دیکھکر اور ۵۰ مرتبہ سامنے کیطرف دیکھکر پورا کریں۔
اس عمل کی تکمیل کے بعد اگر عامل کسی بھی مقصد کے لئے ۵۰ مرتبہ نٓ پڑھکر دُعا کرے گا تو دُعا قبول ہوگی۔ اور کسی بھی مقصد کے لئے اگر یہ تعویذ دے گا تو انشاء اللہ اس مقصد میں طالب کو کامیابی ملے گی۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

نٓ

نٓ	نٓ
نٓ	نٓ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے تک وصول کر سکتا ہے۔
اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔
"اعمالِ ناسوتی" میں دوسرے اعمال کے مقابلے میں۔ یہ خصوصیت ہے کہ اس کا عامل ہدیہ لینے میں پابند ہوتا ہے۔ اسے من مانے پیسے وصول کرنے کا اختیار نہیں ہوتا۔ اگر وہ من مانی کرتا ہے تو اس کا عمل بے اثر ہو جاتا ہے۔
دوسری خصوصیت ان اعمال کی یہ ہے کہ ان کا اثر تیر کی طرح ہوتا ہے اور حیرت انگیز طور پر مریض کو فائدہ ہوتا ہے۔
ان اعمال کی زکوٰۃ نکال کر عامل نہ صرف یہ کہ خدمتِ خلق میں نمایاں ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس کی شہرت دُور دُور ہو جاتی ہے۔ کیونکہ چشتی بزرگوں سے

اس کا روحانی رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ وہ خدمت کے دوران حد بندیوں کا پابند رہے اور من مانی سے گریز کرے۔

سولہواں عمل حٰمٓ الحیّ القیوم

اعمالِ ناسوتی کا سولہواں عمل — حٰمٓ حیّ القیوم ہے۔ اس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ ۴۰ روز تک لگاتار پڑھنا چاہئے۔ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور عامل کے اندر اس عمل کو کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔

یہ عمل ہر طرح کی بیماریوں کے لئے، تندرستی کے لئے بچوں، بوڑھوں اور جوانوں کی صحت کے لئے اور اُن کی درازیٔ عمر کے لئے تیر کی طرح کام کرے گا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے۔

نقش اس کا اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

حٰمٓ حیّ القیوم

حٰمٓ حیّ القیوم	حٰمٓ حیّ القیوم
حٰمٓ حیّ القیوم	حٰمٓ حیّ القیوم

اس عمل کو اگر ۲۵۳ مرتبہ کسی بھی چیز پر دم کر کے مریض کو کھلائیں یا پلائیں تو فوراً اثر ہوگا۔ اور بیماری سے نجات ملے گی۔

اس عمل کو اگر عامل ۲۵۳ مرتبہ پڑھکر دُور بیٹھ کر بھی کسی کے لئے دُعا کرے گا تو انشاء اللہ دُعا قبول ہوگی۔

اس عمل کو کرتے وقت ایک تختی پر پانچ خانوں کا مذکورہ نقش بنا کر عامل اپنے سامنے رکھ کر اور اس کو دیکھ کر ایک ہزار مرتبہ اس عمل کو

پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درُود شریف پڑھے۔

اس عمل کا ہدیہ عامل ایک شخص سے نوّے رُدپے لے سکتا ہے۔ اگر نقش بنا کر دے تب بھی ہدیہ نوّے رُوپے سے زائد نہ لے۔ اگر عامل اس سے زیادہ ہدیہ وصول کرے گا تو اس کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

"اعمال ناسوتی" کے اعمال بے حد مؤثر ہوتے ہیں۔ اور اُن کا اثر منٹوں اور گھنٹوں میں اللہ کے فضل و کرم سے سامنے آتا ہے اور ضرورت مندوں کو فوراً فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن ہدیہ کے معاملے میں عاملین کو محتاط رہنا چاہیئے اور من مانی اور بے لگامی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیئے۔

اعمالِ ناسوتی بزرگوں اور ولیوں کی امانت ہے۔ من ملنے ہدایا وصول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم بزرگوں کی امانت میں خیانت کرنے کے مرتکب ہو رہے ہیں ——— جو لوگ روحانیت پر یقین رکھتے ہیں وہ بزرگوں کی ہدایات سے اِدھر اُدھر نہیں ہوتے۔

ہم نے ولیوں اور صوفیوں کی امانت کو اپنے قارئین تک پہنچا دیا ہے اور بخل سے کام نہیں لیا۔

ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قارئین کو ان بابرکت علوم سے استفادہ کرنے کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔

حروف مقطعات کے چار مفید ترین نقش

☆ برائے حفاظتِ اشیاء وتسخیر خلائق

۷۸۶

۸	۱۱	۳۳۶۵	۱
۳۳۶۴	۲	۷	۱۲
۳	۳۳۶۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۳۳۶۶

برائے اُمور کلی، دینی و دنیوی

۷۸۶

۸	۳۳۶۲	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۳۳۶۳
۳	۱۶	۳۳۶۰	۶
۳۳۶۱	۵	۴	۱۵

☆ برائے غناء ظاہری و باطنی

۷۸۶

۳۳۵۹	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۳۳۵۸	۱۲
۳	۱۶	۹	۳۳۵۷
۱۰	۳۳۵۶	۴	۱۵

برائے فتوحات

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۳۳۵۲
۱۳	۳۳۵۳	۷	۱۲
۳۳۵۴	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۳۳۵۵	۱۵

☆

ان چاروں نقوش کی رفتار یہ ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اس نقش کو برائے محبت استعمال کر سکتے ہیں۔ طالب و مطلوب کا نام نقش کے نیچے مع والدہ کے لکھیں۔ اور اس نقش کو طالب کے گلے میں ڈالدیں۔ اگر مطلوب کو پلانا آسان ہو تو اس نقش کو لکھکر آبِ جاری سے دھوکر مطلوب کو سات جمعوں تک پلائے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

۷۸۶

۶۷۱	۶۷۷	۶۸۳	۶۸۹	۶۶۵
۶۸۴	۶۸۵	۶۶۶	۶۷۲	۶۷۸
۶۶۷	۶۷۳	۶۷۹	۶۸۰	۶۸۶
۶۷۵	۶۸۱	۶۸۷	۶۶۸	۶۶۴
۶۸۸	۶۶۹	۶۷۰	۶۷۶	۶۸۲

مکان و دکان وغیرہ کی حفاظت کے لئے اس نقش کو فریم میں لگا کر آویزاں کریں۔

۷۸۶

۷	۱۱۱۹	۱۱۲۶	۱۱۳۲	۱
۱۱۲۷	۱۱۲۸	۲	۸	۱۱۲۰
۳	۹	۱۱۲۱	۱۱۲۳	۱۱۲۹
۱۱۱۷	۱۱۲۴	۱۱۳۰	۴	۱۰
۱۱۳۱	۵	۶	۱۱۱۸	۱۱۲۵

ان نقوش کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ۶۵ نقش روزانہ ۶۵ دن تک لکھکر دریا میں ڈالیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ان کو ضرورت مندوں کو دیں ایک نقش کا ہدیہ سو روپے سے زائد نہ لیں۔ ورنہ زکوٰۃ باطل ہو جائے گی۔

ان نقوش کو موم جامہ کرنے کے بعد ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے سیدھے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں۔

عامل کے لئے ضروری ہے کہ نوچندی جمعرات سے ان کی زکوٰۃ شروع کرے۔ اور ہر نقش کو روزانہ ۲۰۰ مرتبہ لکھے۔ اس طرح لگاتار ۴۰ دن تک لکھے۔ اور ہر ہفتے لکھے ہوئے نقش آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالتا رہے۔ ایک ساتھ چاروں نقوش کی زکوٰۃ بھی دی جا سکتی ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ضرورت مندوں کو نقش دینا شروع کرے۔ اور کسی بھی مریض سے ایک نقش کا ھدیہ ۱۰۰ روپے سے زیادہ نہ لے۔ ورنہ اثر باطل ہو جائیگا۔

نقشِ مخمس-(۵ × ۵)

نقشِ مخمس کے کل اعداد ۶۵ ہوتے ہیں- اور کل خانے ۲۵ ہوتے ہیں- اس نقش کے عدد تفریق ۶۰ ہیں- یہ نقش زہرہ ستارے سے منسوب ہے۔

مخمس پُر کرنے کا طریقہ:- مطلوبہ اعداد سے ۶۰ گھٹا دیں- اور باقی کو ۵ سے تقسیم کریں- حاصلِ تقسیم کو خانۂ اوّل میں رکھکر مقررہ چال سے نقشِ پُر کریں۔

نقش کی چال یہ ہے- ۷۸۶

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

تقسیم کے بعد اگر کسر واقع ہو تو اس کو ذہن میں رکھیں۔
اگر کسر ایک ہو تو خانۂ ۲۱ میں اگر کسر ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں اگر کسر ۳ ہو تو خانۂ ۱۱ میں اگر کسر ۴ ہو تو خانۂ ۶ میں ایک کا اضافہ کریں۔
یہ طریقہ سمجھانے کے بعد چند نقوش حروفِ مقطعات کے دیئے جارہے ہیں- عاملین ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

حروفِ مقطّعات کے خواص اور اُن کی برکات

صحابہؓ اور بزرگوںؒ کے معمولات۔

- حجۃ الاسلام حضرت امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن ابن عوفؓ حروف مقطعات کو لکھکر اپنے مال واسباب میں رکھدیا کرتے تھے تاکہ یہ سب سامان ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے۔
- حضرت امام کمالؒ جب دریائے دجلہ میں جاتے تو حروف مقطعات پڑھ لیا کرتے تھے کسی نے وجہ پوچھی تو فرمایا کہ جس چیز پر یہ کلمات پڑھے یا لکھے جائیں وہ تلف ہونے سے محفوظ رہے گی۔ (شمس المعارف)
- حضرت امام غزالیؒ نے خواص القرآن میں لکھا ہے کہ بعض اکابرین جب بحری سفر میں جاتے تو کاغذ یا کسی ٹھیکری پر یہ حروف مقطعات لکھکر ساتھ رکھتے تھے۔ اگر دریا میں طوفان آتا تو یہ کاغذ دریا میں ڈال دیا کرتے تھے۔ اور طوفان رک جایا کرتا تھا۔
- موصل کے ایک بزرگ کا قول ہے کہ ان حروف کے خواص اور برکات حق تعالیٰ نے مجھ پر منکشف کردیئے ہیں ان کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بہت سی پریشانیوں سے مجھے محفوظ رکھا۔ میرے رزق میں کشادگی ہوئی اور جب میں کسی مصیبت میں پھنسا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے نجات دی۔
- حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب دُعا فرماتے تو اس طرح دعا کرتے تھے۔

یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ اِغفِرلِی وَارحَمنِی۔

اور فرماتے تھے جو شخص اس طرح دُعا کرے گا۔ انشاء اللہ اِس کی دُعا قبول ہوگی۔ (شمسُ المعارف)

کشکولِ قلندری المعروف فیض العملیات

اس کتاب میں اعمالِ وظائف، خواص سورۃ ہائے قرآن مجید، سلامتی ایمان، زیارت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام، معالجاتِ روحانی، اعمالِ فتوح، برکاتِ رزق، برکتِ زراعت وتجارت، سبکدوشی قرض، اعمال دفع آسیب، سحر و جادو، سایہ جن و پری دفع نظر بد، دفع حشرات وموذی جانوران وضرر دشمن ظالم، اعمال حُب وتسخیر وحصول مطلوب، محبت زوجین، دفع مسان واٹھرا وگریہ اطفال، چور کا پکڑنا، گمشدگی کی تلاش، استخارہ کا طریقہ اور دُعا چہل کاف اور اس کے خواص وغیرہ سے کتاب کو مزین کیا گیا ہے۔

طلسماتِ قلندری

ہر طرح کی جسمانی وروحانی بیماریوں کا علاج، وظائف عملیات، تعویذات وطلسمات کے علاوہ طب کی روشنی میں مجرب آزمودہ نسخہ جات بھی درج ہیں۔

سِراج العملیات وتعویذات

مجربات، عملیات وتعویذات اور قرآنی سورتوں کے فضائل اور ان کے نقوش کا مستند انمول ذخیرہ اور مہلک بیماریوں کا قرآنی علاج درج ہے۔

تحفہ سلیمانی

نقوشِ قرآنی خواص اسمائے الحسنیٰ طلسمات کے علاوہ منتر تنتر کے اثرات، جسمانی وروحانی امراض کے لیے تیر بہدف اور سریع الاثر دواؤں وغذاؤں کی اہمیت، افادیت کے ساتھ طبی نسخہ جات کا ذکر بھی موجود ہے۔

Oureshi R.W

طلسماتِ سلیمانی

جملہ پریشانیوں اور مشکلات کے یقینی حل کی ضامن اس کتاب میں اپنی نوعیت کا منفرد اور سریع الاثر عملیات وطلسمات کا خزینہ موجود ہے یہ نادر ونایاب عملیات وطلسمات نہایت تیر بہدف، آزمودہ اور پُر تاثیر ہیں۔

تحفہ دستگیری معہ قصیدہ بُردہ شریف

اس کتاب میں قرآنی دُعاؤں کے فضائل، نقوشِ قرآنی اور اُن کے اثرات وثمرات رُوحانی علاج، عملیاتِ قرآنی، منزل وقصیدہ بُردہ شریف اور اوقات الصلوٰۃ دیے گئے ہیں۔

بوسیلہ محمد ﷺ مشکل کشا

قرآن وحدیث اور دیگر آسمانی کتب وصحائف اور جید علماء کرام کی علمی تحقیق کی روشنی میں مرتب کی گئی اس جامع ترین کتاب میں اسم محمد ﷺ کے وسیلہ جمیلہ سے دنیا وآخرت کی تمام مشکلات کا حل موجود ہے۔

کمالاتِ سُلیمانی (کامل)

ستاروں اور برجوں کی تاثیرات، ساعت سعد ونحس، سنکرانت معلوم کرنے کا قاعدہ لگن دریافت کرنے کا قاعدہ۔ بُروج کے منسوب جاننے کا قاعدہ۔ جدول منسوبات سیارگان، سبع سیاروں کی گردش سے ساعت نیک وبد معلوم کرنا۔ بُروج کی خاصیتیں جاننا۔ دائرہ تاریخہائے سعد ونحس، فتوح تسخیر امراو سلاطین کے عملیات کی شرطیں۔

عملیاتِ عشق و محبّت

جدید

سرپرستِ اعلیٰ

حضرت الحاج مولانا سیّد جلیل میاں صاحب مدظلہ

زیرِ نگرانی

حضرت قبلہ حسن الہاشمی

مُصنف کُتب کثیرہ عملیات، تعویذات، طلسمات، اعداد و روحانیات

ترتیب جدید و اضافہ جات — نظرِ ثانی

ابُوالکاشف کشفی قلندری — محمّد الیاس عادل

کتاب ہذا میں عملیات عشق و محبت کے آزمودہ، مجرب عملیات اور تعویذات درج کیے گئے ہیں جن سے زوجین میں محبت، مطلوب کے دِل میں محبت پیدا کرنا، جائز محبت کا حصول، محبت کیا چیز ہے، نافرمان بیوی کی تابعداری اور دوسروں کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کے آسان اور مجرب طریقے شامل ہیں۔ اس کتاب کو پڑھنے اور اس میں درج عملیات اور ہدایات پر عمل کرکے آپ اپنے ازدواجی تعلقات میں آنے والی خرابیوں اور گھریلو ناچاقیوں کو دُور کر سکتے ہیں۔ اِنشاء اللہ

مُشتاق بُک کارنر

الکریم مارکیٹ۔ اُردو بازار، لاہور

اس کتاب میں سریع الاثر، تیر بہدف مجرب، آزمودہ و مخفی عملیات و تعویزات، قرآنی سورتوں سے رزق میں کشادگی، حب، بغض، زبان بندی، ہر قسم کی بندش، تسخیر خلائق، حاضرات، تسخیر ہمزاد، نقوش حروف صوامت، مہلک امراض نسوانی امراض سے نجات، استخارہ مجربہ، رد سحر کے علاوہ ہر ضرورت کے اعمال اور مشکلات کے روحانی حل کا خزینہ موجود ہے

مؤلف
محسن ملت مولانا سید حسن الہاشمی مدظلہ العالی
مصنف کثیر کتب عملیات، تعویزات و مخفی علوم

تشکیل نو
محمد عبداللہ

مشتاق بک کارنر
الکریم مارکیٹ۔ اردو بازار، لاہور